تنقیداتِ نعت کا تنقیدی و تحقیقی جائزہ

''نعت رنگ'' کے تناظر میں

مقالہ نگار

تہمینہ مرتضیٰ

رجسٹریشن نمبر: 2016.GCWUF.0111

یہ مقالہ ایم ۔فل اُردو کی جزوی تکمیل اور حصول سند کیلیے

شعبہ اُردو میں جمع کرایا گیا۔

Isers\Riphah-Fsd\Desktop\gcwuf-1
not found.

فیکلٹی آف اسلامک اینڈ اورئینٹل لرننگ

گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی فیصل آباد، پاکستان

فروری ۲۰۱۹ء

تنقیداتِ نعت کا تنقیدی و تحقیقی جائزہ

''نعت رنگ'' کے تناظر میں

ایم فل اُردو

سیشن: ۲۰۱۸ء ـ ۲۰۱۶ء

rs\Riphah-Fsd\Desktop\gcwu
not found.

مقالہ نگار:

تہمینہ مرتضیٰ

رول نمبر: 18

رجسٹریشن نمبر: 2016.GCWUF.0111

نگران مقالہ:

اسسٹنٹ طیبہ نگہت

اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ اُردو

گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی، فیصل آباد

شعبہ اُردو

گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی فیصل آباد، پاکستان

فروری ۲۰۱۹ء

حلف نامہ

مَیں اقرار کرتی ہوں کہ میں نے یہ مقالہ بعنوان ''تنقیدات کا تنقیدی و تحقیقی جائزہ ''نعت رنگ'' کے تناظر میں'' برائے حصولِ سند ایم ۔فل (اُردو) خود لکھا ہے ۔مَیں نے سرقہ سے کام نہیں لیا اور تحقیق و اخلاق کے اُصولوں کے مدِ نظر رکھا ہے نیز اس سے پہلے یہ کسی یونیورسٹی میں برائے حصولِ سند پیش نہیں کیا گیا ۔مَیں اس مقالے کے تمام نتائجِ تحقیق اور جملہ عواقب کی ذمہ دار ہوں ۔غلط بیانی کی صورت میں یونیورسٹی تادیبی کاروائی کر سکتی ہے ۔

تہمینہ مرتضیٰ

رجسٹریشن نمبر: 2016.GCWUF.0111

تصدیق نامہ

تصدیق کی جاتی ہے کہ تہمینہ مرتضٰی (رجسٹریشن نمبر: 2016.GCWUF.0111) نے مقالہ بعنوان ''تنقیدات نعت کا تنقیدی و تحقیقی جائزہ ''نعت رنگ'' کے تناظر میں'' برائے حصولِ سند ایم ۔فل (اُردو) سپر وائزری کمیٹی کی نگرانی میں مکمل کیا۔ یہ مقالہ محنت سے لکھا گیا اور سرقہ سے کام نہیں لیا گیا ہے۔ کمیٹی اس کے نتائج اور اندازِ تحریر و تحقیق سے مطمئن ہے۔ لہٰذا یہ مقالہ برائے جانچ اور زبانی امتحان، جناب ناظم امتحانات گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی فیصل آباد کو بھیجا جا سکتا ہے تا کہ وہ اس پر مزید ضروری کاروائی کر سکیں۔

۱۔اسسٹنٹ طیبہ نگہت	نگرانِ مقالہ	____________
۲۔پروفیسر ڈاکٹر طاہرہ اقبال	ممبر	____________
۳۔ڈاکٹر زمرد کوثر	ممبر	____________

صدرِ شعبہ اُردو

پروفیسر ڈاکٹر طاہرہ اقبال

____

کوآرڈینیٹر فیکلٹی آف اسلامک اینڈ اورینٹل لرننگ

____

ڈائریکٹر ایڈوانسڈ سٹڈیز

____

پیش لفظ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

موضوع کا تعارف:

یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہیں۔ اس مقالے کا موضوع جیسا کہ اس کے نام ''**تنقیداتِ نعت کا تنقیدی و تحقیقی جائزہ** (نعت رنگ کے تناظر میں)'' سے ظاہر ہے نعت کی اُس تنقیدی روایت کا مطالعہ ہے جو سہ ماہی 'نعت رنگ' کراچی کے ذریعے پروان چڑھی۔ 'نعت رنگ' کے حوالے سے باقاعدہ تحقیقی وتنقیدی روایت نہ صرف قابل ذکر ہے بلکہ ایک باقاعدہ مقالے کی متقاضی ہے۔ عام طور پر مذہبی موضوعات اور عقیدت نگاری یعنی حمد، نعت، منقبت اور سلام وغیرہ پر رائے زنی کو بُرا سمجھا جاتا ہے۔ لوگ ان اصناف کے بارے میں کوئی منفی رائے یا کسی پہلو سے ان اصناف کے کسی نقص کی نشاندہی مناسب خیال نہیں کرتے مگر 'نعت رنگ' نے ایک ایسی فضا پیدا کی جس میں نعت کے بارے میں اس کے کسی فکری یا فنی پہلو پر شائستگی سے تنقید کرنے کی روائت کا آغاز ہُوا۔ اگر چہ ان اصناف کے بارے میں اردو کے قدیم تذکروں میں تنقیدی جملوں کا سراغ ملتا ہے مگر 'تنقیداتِ نعت' کی باقاعدہ روائت گزشتہ ربع صدی میں 'نعت رنگ' ہی کے ذریعے سامنے آئی یہی اس سہ ماہی شمارے کی سب سے بڑی کارکردگی (Contribution) ہے جو 'نعت رنگ' کے گزشتہ ۲۷ شماروں سے ہمارے سامنے آئی اس باب میں نعت رنگ میں شائع شدہ تنقیدی سرمایے کی نشاندہی کی گئی ہے۔

☆۔ اس مقالے کا پہلا باب اردو کے معروف سہ ماہی رسالے 'نعت رنگ' کراچی کے مختصر تعارف اور اُس کے اشاعتی سفر کے شمارہ بہ شمارہ جائزے پر مشتمل ہے۔ اس رسالے کی اردو کے علمی و ادبی رسائل میں جداگانہ حیثیت اور اہمیت ہے یہ رسالہ نعت سے خاص ہے اس میں برصغیر پاک و ہند کے اہم ناقد محقق، نعت نگار اور اہل علم نے اپنی تحریروں کے ذریعے نعت کی صنف کی جداگانہ حیثیت اور اس سے متعلق ذیلی موضوعات پر سینکڑوں مقالات و مضامین لکھے۔ اس باب میں اُن کی جمع آوری کی گئی ہے۔ 'نعت رنگ' کے تنقیدی سرمائے کی جمع آوری پر مشتمل ہے۔ اس حصے میں اُن تمام مضامین کی فہرست شامل کی گئی ہے جن کے ذریعے نعت رنگ کی روایت آگے بڑھی۔ اس جمع آوری میں تحقیقی وتنقیدی مضامین کے ساتھ نعت کے حوالے سے دوسری اصناف کا بھی ذکر کیا گیا ہے مثلاً نعت نگار شاعروں کی کتابوں پر تبصرے، اُن کے تفصیلی

مطالعات، ان کے ساتھ مکالمے اور انٹرویوز وغیرہ۔ یہ وہ سرمایہ ہے جو اردو کی علمی و ادبی اور تحقیقی و تنقیدی روایت کو ثروت مند بناتا ہے۔ اس میں اُن کتابوں مقالوں، شاعروں اور ناقدوں کا ذکر ہے جنھوں نے تنقیدات نعت کی اُس روایت کو آگے بڑھایا جو سہ ماہی 'نعت رنگ' کراچی کے ذریعے آگے بڑھی۔

☆۔ مقالے کا دوسرا باب نعت رنگ کے اداریوں سے متعلق ہے۔ یہ اداریے کچھ سیّد صبیح رحمانی مدیر نعت رنگ نے لکھے ہیں اور کچھ انہوں نے دوسری معاصر شخصیات سے لکھوائے ہوئے ہیں۔ جن کی نوعیت تنقیدی مضامین و مقالات سی ہے یہ باب تنقیداتِ نعت سے متعلقہ ایسے مضامین و مقالات کے جائزے پر مشتمل ہے۔

☆ مقالے کا تیسرا باب نعت رنگ میں چھپنے والے تنقیدی مضامین اور مقالات کے بارے میں ہے۔ نعت رنگ کا یہ حصہ ناصرف نعت کی تنقید بلکہ تنقید میں بھی ایک اہم اضافہ ہے۔

☆ مقالے کے چوتھا باب میں نعت رنگ میں ملنے والی دوسری متفرق تنقیداتِ نعت کا جائزہ لیا گیا ہے۔ اس باب میں 'نعت رنگ' کے مختلف کتابوں پر کئے گئے تبصرے اور نعت رنگ میں شائع ہونے والے مکاتیب میں ملنے والے تنقیدی عناصر کی نشاندہی کی گئی ہے۔

آخر میں اس پورے خلاصے کا ماحصل ہے جو 'نعت رنگ' کے تنقیدی سرمایہ کی اہمیت کے بارے میں ہے۔ اس میں نعت کے تنقیدی سرمائے کا ماحصل بیان کیا گیا ہے۔ نعت رنگ کے دستیاب پرچوں میں جن اہم تنقیدی مقالات، مضامین، تذکرے، نعت نگاروں کی تخلیقات کے خصوصی مطالعات، نعتیہ کتابوں پر تبصرہ جات اور متفرق تنقیدی مواد کی نشاندہی کی گئی ہے۔ اس کا ماحصل بیان کیا گیا ہے۔

بہ حیثیت مجموعی اس مقالے میں سہ ماہی 'نعت رنگ' کراچی کی ان خدمات کا جائزہ لیا گیا ہے جو 'نعت رنگ' میں شائع ہُوا۔ اس مقالے میں خصوصیت کے ساتھ رسالہ 'نعت رنگ' کی اس خدمات پر روشنی ڈالی گئی ہے جس سے اردو نثر میں گراں قدر تنقیدی اقدار کا اضافہ ہوا۔ نعتیہ نگارشات پر تنقید کی روایت مستحکم ہوئی اور یہ صنف جسے عام طور پر ایک مذہبی موضوع سمجھا جاتا تھا اسے جس تنقیدی سرمائے کی بدولت ایک اہم ادبی اور فنی درجہ حاصل ہوا۔ اس کی نشاندہی کی گئی ہے اردو نعت کے حوالے سے تنقیدی مقالہ جات و مضامین کا جو بڑا اثاثہ تخلیق ہوا اس میں 'نعت رنگ' کی کارکردگی کو زیرِ مطالعہ لایا گیا ہے۔

کتابیات میں ان ماخذات کو ذکر کیا ہے جن سے اس مقالے کی تحریر و تنقید اور تحقیق کے بارے میں استفادہ کیا گیا۔

آخر میں مَیں اس امر کی وضاحت ضروری خیال کرتی ہوں کہ یہ مقالہ سہ ماہی رسالہ 'نعت رنگ' کراچی کی تنقیدی

خدمات کے بارے میں ایک طالب علمانہ کوشش ہے کوئی حرفِ آخر نہیں وقت کے ساتھ ساتھ 'نعت رنگ' کی تنقیدی خدمات کو مختلف حوالوں سے زیر بحث لایا جائے گا تو اس کی اہمیت کے اور تازہ تازہ مطالعات سامنے آئیں گے، آج سے تین چار دہائیاں قبل نعتیہ تنقیدات کا ذکر کہیں کہیں نظر آتا تھا اب 'نعت رنگ' کی تنقیدی روائت کے زیر اثر یہ روایت عام اور مستحکم ہو رہی ہے یہ 'نعت رنگ' کا منفرد کارنامہ ہے۔

اصناف کی اہمیت اس تنقیدی سرمائے سے ہوتی ہے جو ان کی تخلیق کے حوالے سے سامنے آتا ہے اور جس میں فکر وفن کے اہم اصولوں کی روشنی میں ان کو زیر جائزہ لایا جاتا ہے۔سہ ماہی 'نعت رنگ' کراچی نے اس اہمیت کو نہ صرف محسوس کیا بلکہ اس کے مدیر صبیح رحمانی اور اس رسالے میں شائع ہونے والے مضامین کے ناقدین کی کوششوں نے نعت کے باب میں "تنقیداتِ نعت' کی روش اور اسلوب کو ایک باقاعدہ سلسلے کی شکل دی۔مجھے اُمید ہے 'نعت رنگ' کی خدمات کے مطالعات کے سلسلے میں اس عاجزانہ اور طالب علمانہ کوشش کو بھی پیش نظر رکھا جائے گا۔

ایم فل، اُردو کے مختلف درجوں میں ایک درجہ مقالہ نویسی کا بھی آتا ہے۔امتحانات کے بعد جب طالب علم اس سطح پر پہنچتے ہیں تو انہیں ریسرچ کے لئے کوئی موضوع دیا جاتا ہے یا وہ اپنے اساتذہ کی رہنمائی اور مشورے سے اپنے لئے کوئی ایسا موضوع منتخب کرتے ہیں جس پر وہ تحقیقی وتنقیدی کام کر سکیں یہ مرحلہ بڑا مشکل مرحلہ ہے مجھے یہ تسلیم کرنے میں کوئی ہچکچاہٹ نہیں کہ میرا مزاج تحقیقی وتنقیدی نہیں اپنی دوسری ہم جماعتوں کی طرح اس مرحلے پر مجھے بھی بہت الجھن ہوئی اور موضوع کے انتخاب کے بارے میں مَیں کئی دن پریشان رہی آخر اپنے فاضل اساتذہ خصوصاً اپنی نگرانِ مقالہ پروفیسر طیبہ نگہت کے مشورہ سے میری یہ مشکل حل ہوئی۔ان کی مشاورت سے مجھے تحقیق وتنقید کے اس سفر میں بہت فائدہ ہوا اُن کے تعاون سے کچھ لائبریروں تک میری رسائی ممکن ہوئی اور کچھ نعت نگاروں اور اساتذہ سے انٹرویو کے مواقع ملے میں ان کی بہت ممنون ہوں کہ انہوں نے مجھے اپنا قیمتی وقت دیا۔نہ صرف میری رہنمائی فرمائی بلکہ مجھے بہت ساری ایسی شخصیات سے متعارف کروایا جن کے مشوروں سے مجھے اس پھیلے ہوئے کام کو سمیٹنے میں آسانی ہوئی۔

مَیں اپنے شعبہ کی صدر ڈاکٹر طاہرہ اقبال اور دوسری اساتذہ خصوصاً پروفیسر بشریٰ علم دین کی بھی بہت ممنون ہوں جنہوں نے مجھے قدم قدم پہ اپنے قیمتی مشوروں سے نوازا۔اپنی ساتھیوں میں سے مَیں ثمرہ، زبیدہ، فجر اور رابعہ کی بہت ممنون ہوں جن کی رفاقت مجھے قدم قدم پر میسر رہی۔مَیں اپنے والد محترم غلام مرتضٰی، والدہ ریحانہ، اپنی بہنوں

نگینہ اور مریم ، بھائیوں علی اور حسین ،اور بھابیوں اقراء اور انعم کی بھی شکر گزار ہوں جنہوں نے مجھے ہر طرح کی سہولت با ہم پہنچائی ۔ ان سب کے لیے بہت دعائیں ۔ اس مقالے کی کمپوزنگ اور سیٹنگ کے لئے میں مبشرہ اور علی حسن زیدی کی ممنون ہوں ۔ جنہوں نے اس پھیلے ہوئے کام کو سمیٹنے میں میرے ساتھ تعاون کیا ۔ اُن کا بھی بہت بہت شکریہ ۔

تہمینہ مرتضیٰ

ترتیب

پیش لفظ

پہلا باب

(ا) تمہیدی مباحث

رسالہ ــــ تنقید ــــ نعت کے لغوی و اصطلاحی مباحث

(ب) نعت رنگ کے اشاعتی سفر کا شمارہ بہ شمارہ جائزہ

دوسرا باب:

نعت رنگ کے اداریوں کے تنقیدی عناصر کا جائزہ

تیسرا باب:

تنقیداتِ نعت سے متعلقہ مضامین و مقالات کا جائزہ

چوتھا باب:

تنقیداتِ نعت کے باب میں دیگر متفرق خدمات

ماحصل

مصادر و مراجع

ضمیمہ جات

تفصیلِ ابواب

باب اول:۔ (ا) تمہیدی مباحث

رسالہ ــــــ تنقید ــــــ نعت کے لغوی و اصطلاحی مباحث

(ب) نعت رنگ کے اشاعتی سفر کا شمارہ بہ شمارہ جائزہ

باب دوئم:۔ نعت رنگ کے اداریوں کے تنقیدی عناصر کا جائزہ

(ا) شمارہ وار مطالعات

باب سوئم:۔ تنقیداتِ نعت سے متعلقہ مضامین و مقالات کا جائزہ

(ا) شمارہ وار تنقیدی مطالعات

باب چہارم:۔ تنقیداتِ نعت کے باب میں دیگر متفرق خدمات

(ا) شخصی تعارفی مضامین و مقالہ جات

(ب) کتابوں کا تعارف اور تبصرے

(ج) بہ حیثیتِ مجموعی نعت رنگ کی تنقیدی میراث کا جائزہ

ماحصل

مصادر و مراجع

ضمیمہ جات

❖—❖-----❖—❖

بابِ اوّل

(ا) تمہیدی مباحث

رسالہ ــــــ تنقید ــــــــ نعت کے لغوی و اصطلاحی مباحث

(ب) نعت رنگ کے اشاعتی سفر کا شمارہ بہ شمارہ جائزہ

ہمارے مقالے کے موضوع میں تین لفظ توجہ طلب ہیں، رسالہ۔نعت اور تنقید۔اس باب کے ابتدائی حصے میں ہم مقالے کے ان تمہیدی مباحث میں ان لفظوں کے لغوی اور اصطلاحی مفہوم کا جائزہ لیتے ہوئے رسالہ 'نعت رنگ' کراچی کی جُدا گانہ حیثیت اور منفرد اہمیت پر روشنی ڈالیں گے۔

رسالہ / میگزین کے مفاہیم :۔

اُردو لغات میں عام طور پر اس طرح کے معیاری جریدے کے لیے دو لفظ استعمال ہوتے ہیں (۱) رسالہ (۲) میگزین۔ ان لفظوں کا مفہوم بھی وہی ہے جو انگریزی زبان میں استعمال ہونے والے لفظ میگزین کا ہے''اُردو لغت''میں ان الفاظ کے مطالب کے ساتھ اُردو نظم و نثر کے حوالے سے بعض مثالیں بھی دی گئی ہیں۔جن سے ان لفظوں کے استعمال کی قدامت کا اندازہ ہوتا ہے۔اُردو کے سب سے اہم لغت''اُردو لغت''(مطبوعہ اُردو ڈکشنری بورڈ کراچی)، میں رسالے کی درج ذیل تعریف کی گئی ہے:

رسالہ:

(۱) مختصر اور چھوٹی سی کتاب، کتابچہ،

رسالہ یو دکھنی احو لک تمام
دورد بر محمد علیہ السلام (۱)

کی سیر محبت کے رسالے کی جو میں نے
سرخی کی جگہ خون ہر اک باب میں رویا (۲)

(۲)

ہفتہ وار، پانزدہ روزہ، ماہنامہ یا سہ ماہی شائع ہونے والا پرچہ جس کا سائز بیشتر کتاب سے بڑا ہوتا ہے۔

''ایسا پرچہ یا رسالہ نکلے جو جلد جلد ایک مناسب معیار پر چھپا کرے۔''(۳)

''ایک سیاح نے ایک ہفتہ وار رسالے میں یہ واقعات شائع کئے ہیں۔''(۴)

اُردو لغات میں رسالے کے لیے میگزین کا لفظ ملتا ہے۔

میگزین /مخزن:۔

☆ معیاری رسالہ جریدہ، صحیفہ، مجلّہ

''جس اخبار کو کھولو جس میں میگزین کو پڑھو آزادیِ آزاد پر ذکرِ خیر ہے۔''(۵)

☆ ایک امریکی میگزین کے مطابق کیپٹن عبدالرشید کی تقرری کی تقریب منعقد ہوئی۔(۶)

انگریزی لغت میں میگزین کی یہ تعریف کی گئی ہے:

"Magazine , originally a place where good are stored now also a periodical publication contatining articles by different authors thus the gentleman magazine in the introduction to it self as a monthly collection to store up as in a magazine the most remarkable pieces on the subjects above mantained the word had been used before this for a store house of information."(7)

مارگریٹ ڈربیل کی تحقیق کے مطابق اس رسالے کے ذریعے پہلی بار میگزین کا لفظ جرنل کے طور پر استعمال ہُوا وہ لکھتی ہیں:

"The first use of the word (magazine to describe a journal)"(8)

انگریزی زبان میں میگزین کے نام سے پہلی بار چھپنے والے رسالے کے لئے علمی مضامین کے مجموعے، سٹور ہاؤس یا مخزن کے مفہوم کے حامل اُردو میں کئی رسالے ہیں مثلاً 'نقوش' (لاہور)، 'فنون' (لاہور)، 'اوراق' (لاہور)، 'سیپ' (کراچی)، 'مکالمہ' (کراچی) وغیرہ وغیرہ جن کے مختلف شماروں میں ادبی موضوعات پر ممکن حد تک دستیاب نئے اور پرانے مضامین، متعلقات، معلومات اور زیرِ جائزہ شخصیت، صنف یا موضوع کی جمع آوری کو یقینی بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔ یہ ایک دلچسپ حسنِ اتفاق ہے کہ ہمارے زیرِ جائزہ موضوع کے حوالے سے جرنل میں مخزن کا مفہوم 'نعت رنگ' کی کارکردگی Contribution سے ہم آہنگ اور کس قدر مناسب ہے۔ یہ اُردو کا منفرد رسالہ نعت کی صنف کا مخزن ہے۔

ان الفاظ کے مفاہیم سے جو نتائج اخذ ہوتے ہیں اس میں کسی ایسے ادب پاروں کے مختلف وقتوں کی اشاعت کا قرینہ پایا جاتا ہے جو:

1۔ ایک ہی نام کے تحت ہوں۔

2۔ جس میں مضامین، مقالات، کہانیاں، افسانے نظمیں اور دوسری نگارشات شائع ہوتی ہیں

3۔ جو عام طور پر غیر مجلّد ہوتا ہے۔

4۔ جس کی اشاعت (طے شدہ مناسب) وقفوں میں ہوتی ہے مثلاً ہفت روزہ، پندرہ روزہ، ماہانہ، سہ ماہی وغیرہ

انگریزی زبان میں میگزین کا لفظ مذکورہ بالا مفہوم میں 1640 اور پیری اوڈیکل (Periodical) کا لفظ 1600 سن عیسوی میں استعمال ہونا شروع ہوا۔

جیسا کہ ہم ذکر کر آئے ہیں اُردو زبان میں اس کے لئے درج ذیل الفاظ مستعمل ہیں

ا۔ رسالہ

۲۔ جریدہ

۳۔ مجلّہ

ہم نے اس بات کی بھی نشاندہی کی ہے کہ انگریزی کا لفظ میگزین بھی اس کے لئے بولا جاتا ہے۔ اُردو لغات میں ان کا مفہوم وہی ہے جو انگریزی میں ہے۔ نیز یہ کہ رسالے مجلّاتی صحافت ہی کی ذیل میں شمار ہوتے ہیں واضح ہو کہ رسالے کی اقسام میں دو طرح کی اشاعتیں ہوتی ہیں۔ ایک معمول کی اشاعت اور ایک خصوصی اشاعت۔

معمول کی اشاعت میں عام طور پر ملی جلی، متفرق نگارشات ہوتی ہیں۔ جب کہ خصوصی اشاعت کو کسی شخصیت، صنف، تحریک، میلان یا رویئے، ادارے، شہر، مسئلے یا موضوع کے حوالے سے مضامین جمع کر کے شائع کیا جاتا ہے۔ خصوصی اشاعتوں کا موضوع ایک ہوتا ہے اور اس میں شائع ہونے والے مضامین، مقالے، منظومات اور دیگر نگارشات اسی مرکزی موضوع کے گرد گھومتی ہیں بلکہ ان کی جمع آوری یا تصنیف ہی اسی مرکزی حوالے سے ہوتی ہے مثلاً درج ذیل خصوصی نمبر دیکھئے:

- **نگار، کراچی، خدا نمبر**

اس خصوصی اشاعت میں تمام مضامین مختلف مذاہب کے حوالے اور خدا کے تصورات کے بارے میں ہیں۔

- **سوغات، بنگلور، نظم نمبر**

اس میں نظم کو مرکزی موضوع بنا کر جو مضامین شامل کیے گئے ہیں ان کا تعلق نظم اور نظم کے شاعروں سے خاص ہے۔

- **نصرت،لاہور،کشمیر نمبر**

اس میں جیسا کہ نام سے ظاہر ہے کشمیر کے موضوع کے حوالے سے مضامین شامل کیے گئے ہیں۔

- **طلوعِ افکار، کراچی نثری نظم نمبر**

یہ موضوع نثری نظم (نظم) کے حوالے سے ہے۔اس میں شامل مضامین اور نظموں کا تعلق نثری نظم (نظم) سے ہے۔

- **نقوش،لاہور،لاہور نمبر**

نقوش کے ضخیم دستاویز، لاہور کے تہذیبی ،ثقافتی علمی وادبی زندگی ،مجالس،شخصیات ،تہواروں ، عمارتوں ، باغوں اور آثارِ قدیمہ سے مخصوص ہے۔

- سہ ماہی 'نعت رنگ' کراچی جس کے مختلف خصوصی شمارے بھی شائع ہوئے۔مثلاً:
  - ☆ ''نعت رنگ'' کراچی تنقید نمبر،اپریل ۱۹۹۵ء
  - ☆ ''نعت رنگ'' کراچی،حمد نمبر، اگست ۱۹۹۹ء
  - ☆ ''نعت رنگ'' کراچی،امام احمد رضا نمبر، دسمبر ۲۰۰۵ء
  - ☆ ''نعت رنگ'' کراچی،سلور جوبلی نمبر، جولائی ۲۰۱۵ء

یہ چند مثالیں خصوصی نمبر کی وضاحت کے لئے دی گئی ہیں۔ورنہ اُردو رسائل وجرائد کی تاریخ میں نعت نمبر، سیرت نمبر، اقبال نمبر، ترقی پسند تحریک نمبر، اصنافِ سخن نمبر،قصیدہ نمبر، شخصیات نمبر، مکاتیب نمبر، آپ بیتی نمبر، وغیرہ ہر طرح کی خصوصی اشاعتوں کی تعداد سینکڑوں نہیں ہزاروں میں ہے۔

رسائل وجرائد کی عام ،اشاعتوں کے ساتھ کبھی کبھی زمانی اعتبار سے بھی ان کے خاص نمبر شائع ہوتے ہیں جیسے بہار نمبر، خزاں نمبر، جب کہ سال کی تکمیل کے بعد 'سالنامہ' یا سالانہ نمبر کی روایت عام ہے۔ایسے شماروں کو بھی خصوصی اشاعت کا درجہ حاصل ہوتا ہے اور مدیروں کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ سال کے اختتام پر سالنامہ ذرا ضخیم ،بہتر اور خوبصورت انداز میں شائع کیا جائے۔اسی طرح دس سالہ نمبر، سلور جوبلی نمبر (25 سال کی تکمیل پر) اور گولڈن جوبلی نمبر (50 سال پورے ہونے پر) چھاپا جاتا ہے۔

تنقید (لغوی واصطلاحی مفہوم):۔

تنقید کا لفظ عربی کے مادہ نقد سے نکلا ہے۔جس کے لغوی معنی 'غیاث اللغات' کے مطابق: 'دانہ از کاہ جُدا کردن' ہیں جس کا مطلب بھوسے کو گندم سے الگ کرنا ہیں۔اس کی مختلف تعریفیں درج ذیل ہیں:

''تنقید (تن قید) (ع۔ا۔مث) (الف) جانچ، پرکھ، تمیز، ایسی جانچ جو اچھے بُرے کھرے کھوٹے میں تمیز کرے۔(ب) تبصرہ، نقد، نکتہ چینی''(۹)

ڈاکٹر سیّد عبداللہ نے اپنی کتاب ''اشاراتِ تنقید'' میں تنقید کے حوالے سے تحریر کرتے ہیں:

''تنقید اس عمل یا ذہنی حرکت کا نام ہے، جو کسی شے یا ادب پارے کی ان خصائل کا امتیاز کرے جو ''قیمت'' (Value) رکھتی ہیں، بخلاف ان کے جن میں Value نہیں ہے''۔(۱۰)

عصرِ حاضر کے قابلِ ذکر نقاد پروفیسر سیّد عابد علی عابد اپنی کتاب ''اُصولِ انتقادِ ادبیات'' کے مقدمہ میں رقم طراز ہیں:

''اصطلاح میں ادبی تخلیقات کو پرکھنا اور ان کی قدر و قیمت کو متعین کرنا انتقاد کہلاتا ہے۔نقاد کا منصب یہ ہے کہ ادبی (یا فنی) کاوشوں پر غور کرنے کے بعد ان کی قدر و قیمت کے متعلق دیانت داری سے صحیح فیصلے صادر کرے۔ظاہر ہے کہ اس قدر و قیمت کی تعیین میں اسلوب، ہیئت، پیکر یا تکنیک کے کوائف کا تجزیہ بھی شامل ہے۔''(۱۱)

ڈاکٹر یحییٰ نشیط کہتے ہیں:

''نعت کے تقدس اور تقدیسی ادب کے تقاضوں کا لحاظ اور نعت کے فنی لوازمات کا خیال رکھتے ہوئے نعتیہ شعر و ادب کو میزانِ نقد پر تولنا، شستہ و شائستہ تنقید کی عمدہ مثال ہے۔نقدِ نعت کی بدترین مثال اسے مغربی کسوٹی پر پرکھنے کی کوشش ہے۔نعت نہ صرف یہ کہ مشرقی ادب کی نمائندگی کرتی ہے بلکہ خالصتاً ادبِ اسلامی کی ایک صنف کی حیثیت سے اپنا وجود منوالیتی ہے۔اس لیے اس پر نقد و جرح کے لیے فکرِ نقد کا اسلامی ہونا ضروری ہے، وگرنہ تنقیدِ نعت کا حق ادا نہ ہو سکے گا۔''(۱۲)

''دیگر اصنافِ سخن سے قطع نظر نعت نگاری جیسی لطیف اور رفیع الشان مقاصد کی حامل صنف کسی روایتی تنقید کے بجائے ''معنوی تنقید'' کی متقاضی ہے۔''(۱۳)

نعت

نعت چونکہ عربی، فارسی اور اردو تینوں زبانوں کے اصناف ادب میں مستقل ہے۔اس لئے سب سے پہلے عربی میں اس کے معنی و مفاہیم دیکھتے ہیں پھر فارسی اور اردو میں۔

نعت کے لغوی معنی :۔

نعت عربی زبان کا لفظ ہے جو عام طور پر وصف کے مفہوم میں مستعمل ہے۔عربی لغات میں نعت کے جو معانی اور مفاہیم ملتے ہیں۔وہ حسب ذیل ہیں۔

(ا)''تاج العروس'': میں نعت کے معنی وصف کے ہیں۔خصوصاً جب آپ کسی چیز کے وصف میں مبالغہ سے کام لیں تو اس وقت نعت کا لفظ استعمال ہوتا ہے۔وصف میں جو کچھ کہا جائے اسے بھی نعت ہی تعبیر کیا جاتا ہے۔

وصف بیان کرنے والے کو'ناعت'' کہتے ہیں اور اس کی جمع 'نعات' ہے۔اس طرح لفظ نعت کی جمع نعوت ہے۔

(۲)ابن سیدہ کے مطابق: ہر عمدہ اور جید چیز کو جس کے اظہار میں مبالغہ سے کام لیا جائے نعت کہتے۔جو چیز بہت خوب ہو اس کے متعلق کہا جاتا ہے۔

(۳)ازہری کے مطابق: نعت کا لفظ اس گھوڑے کے وصف کے لئے استعمال ہوتا ہے۔جو بہت ہی خوبصورت اور دوڑ میں سبقت لے جانے والا ہو۔

(۴)ابن الاعرابی کے مطابق: نعت کا لفظ اس انسان کے لئے بھی استعمال ہوگا۔جو نہایت خوبرو اور حسن و جمال سے اتصاف پذیر ہو۔

نعت کہنے والا شخص 'ناعت' کہلاتا ہے۔ناعت کی جمع ناعتوں اور ناعتیں ہے۔نعت وصف کے مفہوم میں استعمال ہوتا ہے۔

فارسی زبان میں نعت کا مفہوم اور استعمال :۔

فارسی لغات میں نعت کا لفظ مطلق وصف اور ثنائے رسولؐ دونوں معنی میں آیا ہے۔فرہنگ آموزگار میں اس کا مطلب ''ستائش، وصف، صفت ہے۔جبکہ اور منتخب اللغات میں صفت وصف کردن ہے۔

فارسی لغات میں نعت مطلق وصف اور ثنائے رسول اللہؐ دونوں معانی میں آیا ہے۔فرہنگ آموزگار میں اس کا مطلب ''ستائش، وصف، صفت'' اور منتخب اللغات میں ''صفت و وصف کردن ہے جبکہ غیاث اللغات میں ''تعریف و وصف کردن از منتخب'' کے بعد مصنف نے لکھا ہے کہ ''اگر چہ لفظ نعت بمعنی مطلق وصف است لیکن اکثر استعمال ایں لفظ بمعنی مطلق ستائش و ثنائے رسول اللہؐ آمدہ است فرہنگ انندراج کے مصنف نے لفظ نعت کے ضمن میں صاحب غیاث اللغات ہی کے مفہوم کر دہرا لیا ہے البتہ امیر معزی کے اشعار سے مطلق وصف کے معنی میں لفظ نعت کے استعمال کی درج ذیل مثالیں دی ہیں۔

جاوید همی باش بایں نعت و بایں وصف

پاکیزہ باخلاق و پسندیدہ بافعال

وصفش ہمہ تقدیس زپیوند وزفرزند

نعتش ہمہ تنزیہہ از امثال وزاقران

اردو زبان میں لفظ نعت :۔

اردولغات میں اگر چہ عربی وفارسی لغات کی پیروی میں نعت کالفظ مطلق وصف اورثنائے رسولؐ دونوں معانی میں آیا ہے مگر جیسا کہ نورالغات کے مرتب نے لکھا ہے۔'یہ لفظ بمعنی مطلق وصف ہے لیکن اس کا استعمال آنحضرت کی ستائش وثناء کے لیے مخصوص ہے۔'اردوزبان وادب میں مطلق وصف کے معنی میں اس کا استعمال قریب قریب ناپید ہے۔تلاش بسیار کے بعد علی خان کی مثنوی ''قصہ زیتون ومحمد حنیف''میں لفظ نعت ،صحابہ کرام کی منقبت کی جگہ عنوان میں استعمال ہوا ہے علی خان اپنے منظوم قصہ کے آغاز میں حمداورنعت کے بعد صحابہ کرامؓ کی منقبت سے پہلے عنوان یوں درج کرتے ہیں ''ورنعت اصحاب کبارؓ''۔

اس مقام کے علاوہ اردوشعروادب میں لفظ نعت کاوصف رسولؐ کے علاوہ استعمال دیکھنے میں نہیں آیا۔اس کی سب سے بڑی وجہ غالباًیہ ہے کہ عربی سے فارسی اور پھر فارسی سے اردوشعروادب کے آغاز تک یہ لفظ وصفِ مطلق کی عمومیت سے نکل کر آنحضرت کی تعریف میں مدح کے لیے مخصوص ہو چکا تھا۔اورلفظ محض کی بجائے ایک مخصوص ادبی وشعری اصطلاح کے طور پر رواج پا چکا تھا۔یہی وجہ ہے کہ اردو کی بعض جدید لغات میں اس کے اصطلاحی معنی ہی رواج ہیں اوراس کا تعمیمی پہلو (وصف مطلق) غائب ہے۔مثلاً اردولغت میں نعت کا مطلب اصطلاحی حوالے ہی سے درج ہے۔مرتب لکھتے ہیں وہ نظم جو رسول اکرم کی شان میں کہی جائے۔یعنی اردولغت زبان اورشعروادب میں اس نعت کے معنی سرکاردوعالم رحمۃ للعالمین حضرت محمد مصطفیؐ کی تعریف و توصیف ہی کے مفہوم سے منسوب ومختص ہیں۔

اصطلاحی مفہوم:

جیسا کہ ہم نعت کے لغوی مفہوم کے ضمن میں دیکھ آئے ہیں۔یہ لفظ اردوتک پہنچتے پہنچتے ایک خاص مفہوم سے وابستہ ہو چکا تھااس لیے اردو میں اس کا استعمال ایک مخصوص اصطلاح کے طور پر ہی نظر آتا ہے یعنی اس سے صرف آنحضرت کی مدح مرادلی جاتی ہے۔بقول ڈاکٹر یونس حسنی:

> ''ایسی تمام نظمیں جن میں رسول خداؐ سے محبت اورعقیدت کا اظہار کیا جائے یا ان کے محاسن بیان کیے جائیں نعت کی تعریف میں آتی ہیں''۔(۱۴)

یہاں یہ امر بھی ملحوظ رہے کہ نعت کی اصطلاح شاعری ہی کے ساتھ خاص نہیں بلکہ حضور اکرمؐ کی تعریف وتوصیف کی حامل نثری تحریروں پر بھی اس عنوان اور اصطلاح کا اطلاق ملتا ہے اور جیسا کہ ڈاکٹر فرمان فتح پوری نے کہا ہے کہ:

''اصولاً آنحضرتؐ کی مدح سے متعلق نثر اور نظم کے ہر ٹکڑے کو نعت کہا جائے گا۔''(۱۵)

لیکن اردو اور فارسی میں جب نعت کا لفظ استعمال ہوتا ہے تو اس سے عام طور پر آنحضرتؐ کی منظوم مدح مراد لی جاتی ہے۔ ممتاز حسن نے 'خیر البشرؐ کے حضور میں' میں نعتیہ شاعری اور نعت کے موضوع وفن پر گفتگو کرتے ہوئے اس کی بڑی بلیغ اور جامع تعریف کی ہے۔وہ کہتے ہیں:

''میرے نزدیک ہر وہ شعر نعت ہے جس کا تاثر ہمیں حضور نبی کریمؐ کی ذات گرامی سے قریب لائے جس میں حضورؐ کی مدح ہو یا حضورؐ سے خطاب کیا جائے صحیح معنوں میں نعت وہ ہے جس میں محض پیکرِ نبوت کے صوری محاسن سے لگاؤ کی بجائے مقصدِ نبوت سے دل بستگی پائی جائے جس میں جناب رسالت مآبؐ سے صرف رسمی عقیدت کا اظہار نہ ہو بلکہ حضورؐ کی شخصیت سے ایک قلبی تعلق موجود ہو وہ مدح یا خطاب بالواسطہ ہو یا بلا واسطہ اور وہ شعر نظم ہو یا غزل، قصیدہ ہو یا مثنوی، رباعی ہو یا مثلث مخمس ہو یا مسدس، اس سے نعت کی نوعیت میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔البتہ نعتیہ کلام کی معنوی قدر وقیمت کا دارومدار اس کے نفس مضمون پر ہے۔اگر اس کا مقصد ذات رسالتؐ کی حقیقی عظمت کو واضح کرنا اور آقائے دو جہاں کی بعثت کی جو اہمیت نوع انسانی اور جملہ موجودات کے لیے ہے اسے نمایاں کرنا ہو تو وہ صحیح طور پر نعت کہلانے کا مستحق ہے۔''(۱۶)

رسالہ نعت رنگ کا تعارف

''نعت رنگ'' کا ایک اجمالی تعارف کراتے ہوئے ڈاکٹر شہزاد احمد نے 'نعت رنگ' میں چھپنے والے مضامین ومقالات اور دیگر تخلیقات کی جمع آوری کی ہے۔وہ اس کتابچے کے دیباچے میں کہتے ہیں:

''اُردو نعتیہ ادب اپنے دامن میں کئی جہات سمیٹے ہوئے ہے۔اس کی ایک قابل توجہ جہت ''نعتیہ صحافت'' کا فروغ ہے، جو روز وشب ارتقائی منازل طے کر رہی ہے۔نعت کے موضوع پر بالخصوص پاکستان میں بعض دیگر اہم رسائل وجرائد بھی شائع

ہوتے رہے ہیں۔ ہر کسی کی نعتیہ خدمات اپنے اپنے دائرے میں لائق تحسین اور قابلِ ستائش ہیں، جس سے انکار ممکن نہیں۔

نعت رنگ اُردو دُنیا کا وہ قابلِ ذکر اور واحد موضوعی رسالہ ہے جس نے کم عرصے میں بہت زیادہ نعتیہ ادب کو مثالی تحقیقی وتنقیدی مواد عطا کیا۔ نعت رنگ کا معیارِ تحقیق اور مزاجِ تنقید سب سے منفرد ہے۔ اس کے مشمولات اور معمولات میں بیداریٔ نعت کی تحریک شامل ہے۔ نعت رنگ کا ایک نمایاں وصف ہے کہ یہ اپنے قاری کو نہ صرف حصار میں لیتا ہے بلکہ اُس سے خراجِ تحسین بھی وصول کرتا ہے''۔(۱۷)

اُفقِ نعت پر نعت رنگ کا پہلا شمارہ اپریل ۱۹۹۵ء میں طلوع ہوا۔ بیس سال کے طویل عرصے میں اس کے پچیس شمارے پوری آب وتاب کے ساتھ منظرِ عام پر آ چکے ہیں۔ نعت رنگ کے خصوصی شماروں میں علی الترتیب تنقید نمبر ۱۹۹۵ء، حمد نمبر ۱۹۹۹ء، امام احمد رضا نمبر ۲۰۰۵ء اور سلور جوبلی نمبر ۲۰۱۵ء کی حیثیت سے منظرِ عام پر آئے۔

نعت رنگ کے مدیر محترم سیّد صبیح الدین صبیح رحمانی خود بھی ایک خوش فکر وخوش ادا اور خوش نظر وخوش نوا نعت گو ہیں۔ آپ کی ایک وجہِ شہرت ''نعت خوانی'' بھی ہے جو عوام الناس وخواص میں بے حد مقبول ہے۔ آپ کی ''نعتیہ شاعری'' بھی پذیرائی و مقبولیت کے مقام پر فائز ہے۔ آپ کی کہی بعض حمدیں ونعتیں مقبول زدِ خاص وعام ہیں۔ مدیر کی ہر دو خصوصیات نے بھی نعت رنگ کے وقار میں اضافہ کیا۔

عصرِ حاضر میں نعت رنگ نے نعتیہ ادب کی بیش بہا اور گراں قدر خدمات انجام دی ہیں۔ رسالہ نعت رنگ نے نعتیہ شاعری کی تحقیق وتنقید پر نہایت بلند پایہ مقالات پیش کیے اور اس کی ادبی فروغ کا آوازہ اس شدت سے بلند کیا کہ منکرینِ نعت بھی نعتیہ شاعری کی عظمت کے ساتھ اس کی ادبی اور تہذیبی قدر و قیمت کے قائل ہو گئے۔

اُردو کے اربابِ نقد ونظر نے نعت کو ایک مذہبی صنفِ سخن گردانتے ہوئے ادب کے دائرے سے ہمیشہ دور رکھنے کی شعوری یا غیر شعوری کوشش کی ہے۔ آج بھی یہ رُجحان کہیں نہ کہیں، کسی نہ کسی صورت میں نظر آ جاتا ہے۔ بعض نقادانِ ادب، اس خیالِ باطل کے حامی ہیں کہ نعت کا ادب سے کوئی تعلق نہیں۔ یہی نہیں بلکہ وہ یہ بھی کہتے ہوئے نظر آتے ہیں کہ نعتیہ شاعری کی تنقید وتحقیق اعلیٰ درجے کی تحقیق وتنقید نہیں۔

ڈاکٹر شہزاد احمد 'نعت رنگ' کی انفرادیت کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

''الحمدللہ! نعت رنگ نے ہمیشہ اس خیالِ باطل اور جانب دار تنقید کی مخالفت کی، بلکہ اپنی مسلسل اشاعتوں کے ذریعے نعتیہ شاعری کی تنقید وتحقیق کو اعلیٰ درجے کا تحقیقی و

تنقیدی مقام دلوانے کے لیے ہمیشہ مثبت اور عملی کاوشیں انجام دیں۔یہی سبب ہے کہ آج وہ نقادانِ شعروادب جونعتیہ شاعری کی قدر و قیمت سے بظاہر آگاہ نہیں تھے وہ بھی نعتیہ شاعری کی افادیت واہمیت کا دم بھرتے دکھائی دیتے ہیں۔

نعت رنگ اُردوؤنیا کا وہ واحد رسالہ ہے کہ جس میں عصرِ حاضر کے معتبر لکھنے والوں کی بڑی تعداد شامل ہے۔نعت رنگ میں مشاہیرانِ نعت کی تحریروں کے علاوہ اُردو ادب کے ثقہ،انتہائی معتبر اور قابلِ ذکر حضرات کی تحریریں بھی نمایاں ہیں۔ادب کی اس عظیم کہکشاں کو آپ صرف نعت رنگ کے صفحات میں جلوہ گر دیکھ سکتے ہیں"۔(۱۸)

(ب):نعت رنگ کے اشاعتی سفر کا شمارہ بہ شمارہ جائزہ

نعت رنگ کے شماروں میں نعت کی صنف،فن کے موضوع،اسلوب تحقیق تنقید اور دوسرے امور ومسائل کے بارے میں اتنا مواد جمع ہے کہ اردو ادب وشعر کی تاریخ میں بقول ڈاکٹر ریاض مجید:

"اتنا مواد گزشتہ تین صدیوں میں کسی ایک رسالے میں جمع نہیں ہوا یہ اثاثہ نعت کی تنقید،تحقیق اور دوسرے ذیلی موضوعات کے حوالے سے ہے اور خاص اہمیت اور انفرادیت کا حامل ہے۔رسالہ نعت سے پہلے اس انداز کا مواد بہت کم دستیاب ہے چند مضامین،دیباچے، تقریظیں اور گزشتہ صدی کے آخری نصف (بلکہ ۱۹۵۵ سے ۱۹۸۰ تک کے سالوں) میں تحریر ہونے والے پی ایچ ڈی کے مقالوں پر مشتمل تنقیدی مواد کا حجم رسالہ نعت رنگ کے ذریعے سامنے آنے والے سرمائے کے مقابلے میں بہت کم ہے واضح ہو کہ بھارت میں سیّد رفیع الدین اشفاق کا مقالہ'اردو میں نعتیہ شاعری'(ا)۱۹۵۵ میں مکمل ہوا جب کہ اس کی اشاعت ۱۹۷۸ میں پاکستان میں ہوئی نعت کے حوالے سے میرا پی ایچ ڈی کا مقالہ ۱۹۸۰ میں مکمل ہوا میں نے اس کے لئے پنجاب یونیورسٹی لاہور کے شعبہ اردو میں ۱۹۷۵ میں خاکہ جمع کروایا تھا جس کی اجازت مجھے ۱۹۷۶ میں ملی۔ڈاکٹر وحید قریشی صاحب اس کے نگران تھے خاکے اور مقالے کا عنوان'اردو نعت'تھا۔وحید صاحب ہی کی زیرنگرانی اس کی اشاعت اقبال اکادمی،لاہور کی طرف سے اسی کی

دہائی میں ہوئی پہلے اسے ٹائپ میں کمپوز کروایا گیا وہ ٹائپ موجود کمپوزنگ سے مختلف اور مشکل تھی اس کے دو تین باب کمپوز ہو کر مرے پاس آئے تھے میں نے ان کے اصلاح اور اصلاح کے بعد مسودۂ ثانی کی اصلاح کر کے واپس بھجوا دی تھی مگر بوجوہ مزید تاخیر سے بچنے کے لئے اقبال اکادمی نے اس کی ازسرنو کتابت کروا کے اس مقالے کو 'اردو میں نعتیہ شاعری'' کے نام سے شائع کر دیا۔(۲) اس تبدیل کے بڑی وجہ وحید صاحب کی اقبال اکادمی سے رخصتی (کنٹریکٹ کا خاتمہ) تھا اشاعت کے وقت اقبال اکادمی کے ڈائریکٹر جناب شہرت بخاری تھے یوں یہ مقالہ ۱۹۹۱ء میں شائع ہوا۔

رفیع الدین اشفاق صاحب کے کام بڑا اہم اور بنیادی نوعیت کا ہے مجھے اپنے مقالے کی تکمیل کی آخری سالوں میں اس نے استفادے کا موقع ملا میں نے اپنے دیباچے میں اس کا خصوصیت سے ذکر کیا ہے ڈاکٹر سید رفیع الدین اشفاق سے میری ملاقات ادیب رائے پوری کے زیراہتمام منعقد ہونے والی نعتیہ کانفرس (کراچی ۱۹۹۳) میں ہوئی۔ مَیں نے انہیں اپنا مقالہ پیش کیا جو انہوں نے اپنے کراچی کے قیام کے دوران میں ہی دیکھ لیا اور انہی دنوں اس حوالے سے میری حوصلہ افزائی کرتے ہوئے فرمایا 'کہ آپ نعت کے کام کو بہت آگے لے گئے ہیں'___ یہ ان کی ذرّہ نوازی تھی جس سے میرا بڑا حوصلہ بڑھا___

ان دو مقالوں کا حوالہ 'نعت رنگ' کے بارے میں آپ کے سوال کے جواب میں اس لئے ضروری ہو گیا ہے کہ تنقیدات نعت کو صحیح رُخ، تسلسل اور جہت نعت رنگ نے دی۔ 'نعت رنگ' سے قبل نعت کے بارے تنقیدی اثاثہ' تحقیق کا ایک موضوع ہے جس پر کسی ریسرچ سکالر کو ایم فل اور پی ایچ ڈی کا مقالہ لکھنا چاہئے اس وقت میرے ذہن میں نعت رنگ سے قبل ملنے والی تنقیدی مواد میں جو نعتیہ تحریریں آ رہی ہیں وہ کچھ یوں ہیں ۔

۱۔ اردو تذکروں میں کہیں کہیں نعت گو شاعروں کے حوالے سے کچھ آرا۔

۲۔ اردو کی ادبی/تاریخوں، شعری دبستانوں میں نعت کہنے والے شاعروں کے بارے میں ذکر۔

۳۔ نعتیہ دیوانوں، مجموعوں اور گلدستوں میں ملنے والے تاثرات ۔

۴۔ بعض نعتیہ مجموعوں کے دیباچوں اور تقریظوں یا ان کی اشاعت پر اخبارات/وسائل میں

شائع ہونے والے مضامین۔

۵۔ نعتیہ انتخابات کے دیباچے جیسے ڈاکٹر فرمان فتح پوری (۳) اور ممتاز حسین (۴) کے انتخابات سے قبل نعت کے فکر و فن کے بارے میں مضامین/ دیباچے۔

۶۔ مختلف نعت نمبروں یا سیرت نمبروں میں شائع ہونے والے مضامین (خصوصاً ماہِ نو کا سیرت پاک نمبر،مطبوعہ ۱۹۶۲ء)

۷۔ رسائل کی عمومی اشاعتوں اور اخبارات میں چھپنے والے

۸۔ بعض تنقیدی کتابوں میں دوسرے مضامین کے ساتھ کہیں کہیں کسی نعت نگار کے بارے میں ملنے والے مضامین

یہ بکھرا ہوا سارا سرمایہ جمع کیا جائے تو یہ مشکل نعت رنگ کا ایک شمارہ بنے''(۱۹)

انٹرویو: ریاض مجید صاحب

نعت رنگ کی اہمیت اس تنقیدی سرمائے کے حجم سے ہے جو ہمارے مقالے کا موضوع ہے مقدار اور معیار کے حوالے سے یہ سرمایہ نعت کے باب میں نئی تنقیدی جہات پر مشتمل ہے اس سرمائے کو جو نعت رنگ کی مختلف اشاعتوں سے ظہور میں آیا۔ ایک نظر دیکھیں تو ہمیں معلوم ہوگا کہ نعت رنگ نے قریباً ایک ربع صدی میں مختلف حوالوں سے نعت کی خدمت کی۔

نعت رنگ رسالے میں جو مستقل عنوانات نظر آتے ہیں درج ذیل ہیں۔

۱۔ تنقیدی و تحقیقی مضامین

۲۔ نعتیہ شاعری

۳۔ نعتیہ کتابوں پر تبصرے

۴۔ نعت نگاروں سے انٹرویوز اور مکالمے

۵۔ بعض نعت نگاروں کے خصوصی گوشے

۶۔ نعتیہ کتابوں پر تبصرے

۷۔ مختلف شاعروں اور علاقوں کی نعت گوئی کے جائزے

۸۔ نعت رنگ کے شماروں میں چھپنے والے مضامین و مقالات اور دیگر مندرجات پر قارئین اور اہل علم کے مکاتیب

۹۔ نعت رنگ کے نعت کے فکر و فن پر مشتمل اداریے

۱۰۔ فوت ہونے والے نعت نگاروں کے بارے میں مختصر تعزیتی شذرات

۱۱۔ نعتیہ کتابوں کے اشتہارات اور تنقیدات نعت کے حوالے سے بعض کتابوں کے بارے میں معلومات

۱۲۔ حمد، نعت اور منقبت بارے تازہ تخلیقات

اس باب میں ہم نعت رنگ کے سارے اثاثے کی شمارہ وار نشاندہی کر رہے ہیں جس سے ہمیں نعت رنگ کی بہ حیثیت مجموعی خدمات کا اندازہ ہوگا اور تنقیدات نعت کے حوالے سے نعت رنگ کی اس ہمہ جہت کارکردگی کے بارے میں آگہی حاصل ہوگی جس میں قدیم و جدید نعت کے ناقدین، شاعروں، اہل قلم اور قارئین نے اپنی تنقیدات، تاثرات اور آرا سے "تنقید نعت" کو ایک باضابطہ بیانیہ (Study) کی صورت دے دی ہے۔

نعت رنگ کراچی (تنقید نمبر) **شمارہ ۱** **(۴۰)**

صفحات ۳۳۶

اجمال

ابتدایہ	صبیح رحمانی	۸
خالق برتر	سحر انصاری	۹
حرف ثنا		۱۰
وہ اور میں	شبنم رومانی	۱۱
نعت کیا ہے	سعید بدر	۱۲

تحقیق نعت

نعت کا سفر	سید آل احمد رضوی	۲۱
تخلیق پاکستان اور ہماری نعتیہ شاعری	ڈاکٹر آفتاب احمد نقوی	۵۸
نعت گوئی ایک عظیم سچائی ایک بے کنار موضوع	جاذب قریشی	۶۵
چند مزید نعت نمبر	ڈاکٹر آفتاب احمد نقوی	۷۱
نعتیہ شاعری میں ہائیکو کی روایت	صبیح رحمانی	۷۵
انتخاب نعت	راجا رشید محمود	۸۳
پاکستان میں نعتیہ انتخاب	غوث میاں	۱۰۵

تنقید نعت

نعت سرورِ کائنات ایک منفرد صنفِ سخن	ڈاکٹر محمد اسحٰق قریشی	۱۳۱
ممنوعاتِ نعت	عاصی کرنالی	۱۳۹
نعتیہ ادب میں تنقیدی جمود	ادیب رائے پوری	۱۵۱
گفتنی	ادارہ	۱۶۵
نعت نگاری میں ذم کے پہلو	رشید وارثی	۱۶۶
نعتِ نبی میں زبان و بیان کی بے احتیاطیاں	عزیز احسن	۲۰۵

گل چیدہ

حاصلِ مطالعہ	حنیف اسعدی	۲۶۳

فکر و فن

حضرت حفیظ تائب کی نعت گوئی	ڈاکٹر سید رفیع الدین اشفاق	۲۷۱
تابش دہلوی کی نعت گوئی	ڈاکٹر اسلم فرخی	۲۸۳
مظفر وارثی کی نعت اور گلاب	عاصی کرنالی	۲۹۸
حنیف اسعدی کی نعت گوئی	تابش دہلوی	۲۹۲
نعتوں کے گلاب پر ایک نظر	حفیظ تائب	۲۹۸
شاہ انصار الٰہ آبادی کی نعتیہ شاعری	عزیز احسن	۳۰۴
بیعت.....ایک تاثر	ڈاکٹر تحسین فراقی	۳۱۱
سید قمر زیدی حمد و نعت کے آئینے میں	عاصی کرنالی	۳۱۷
روشنی اور خوشبو کا نعت گو شاعر صبیح رحمانی	سعید بدر	۳۲۱

نعت رنگ کراچی **شمارہ۲** **(۲۱)**

صفحات ۳۲۰

دھنک

ابتدایہ	صبیح رحمانی	۹

تمجید

اے خدا	احمد ندیم قاسمی	۱۳
حمدیں	حفیظ تائب، صبیح رحمانی	۱۴

مقالات

نعت کا مثالی اسلوب نظم	حافظ محمد افضل فقیر	۱۵
اردو حمد و نعت پر فارسی شعری روایت کے اثرات	عاصی کرنالی	۲۷
اردو نعت میں شان الوہیت کا استخفاف	رشید وارثی	۳۸
نعت اور شعریت	عزیز احسن	۶۳
گلبن نعت	پروفیسر سحر انصاری	۱۹
جدید نعتیہ ادب اور بارگاہ رسالت میں استمداد، استغاثہ فریاد	شبیر احمد قادری	۱۲۳
عصر حاضر میں نعت نگاری	شفیق الدین شارق	۱۳۵
دبستان کراچی کی نعتیہ شاعری	صبیح رحمانی	۱۶۷

حریم حرف

گوشہ ڈاکٹر محمد اسلم فرخی		۱۷۹
گوشہ شبنم رومانی		۱۸۳

مطالعات نعت

عہد جدید کی نعت نگاری	مذاکرہ	۱۸۷
حاصل مطالعہ	حنیف اسعدی	۱۹۷
''اوج'' نعت نمبر	حفیظ تائب	۲۰۵
نعت رنگ ایک جائزہ	شفیق الدین شارق	۲۰۷
ماہنامہ نعت کی آٹھویں سالگرہ	حفیظ تائب	۲۱۳

فکر وفن

ہشام علی حافظ کی نعتیہ شاعری	سید محمد ابوالخیر کشفی	۲۱۷
نذیر قیصر......ایک قابل قدر مسیحی نعت گو	محمد اقبال جاوید	۲۲۳

مدحت ۲۳۵

صبا اکبرآبادی، تابش دہلوی، نیر مدنی، حنیف اسعدی، نعیم تقوی، عاصی کرنالی، سحر انصاری، جاذب قریشی، راجا رشید محمود، بشیر حسین ناظم، ریاض حسین چودھری، انور شعور، احسان کاکوروی، حسن اختر جلیل، سعید بدر، سید ابوالحسنات حقی، سید نعیم حامد علی، ابرار کرتپوری، مصور لکھنوی، شفیق الدین شارق، عزیز احسن، سید آل احمد رضوی، لیاقت علی عاصم، کوثر علی، وضاحت نسیم، نفیس القادری، قمر عباس قمر، معراج حسن عامر، شاہنواز مرزا نواز، صبیح رحمانی، محمد یعقوب غزنوی۔

منظوم تراجم

نقش ہے وجدان پر میرے	ڈاکٹر سید ابوالخیر کشفی	۲۵۳

خاکہ

محبت کی گواہی	بلقیس شاہین	۲۵۵

گوشہ ڈاکٹر سید آفتاب احمد نقوی

گوشہ آفتاب احمد نقوی	صبیح رحمانی	۲۶۲
ڈاکٹر آفتاب احمد نقوی ایک نظر میں		۲۶۳
ڈاکٹر آفتاب احمد نقوی	عطاء الحق قاسمی	۲۶۴
ایک آنسو آفتاب نقوی کے المناک حادثۂ موت پر	میرزا ادیب	۲۶۷
آہ ڈاکٹر آفتاب احمد نقوی	ڈاکٹر ظہور احمد اظہر	۲۶۹
منظوم خراج عقیدت	ریاض حسین چودھری	۲۷۱
ڈاکٹر آفتاب احمد نقوی کی یاد میں	حافظ لدھیانوی	۲۷۲
ڈاکٹر آفتاب احمد نقوی کے لیے چند آہیں۔ چند آنسو	حفیظ تائب	۲۷۵
آفتاب میرا ساتھی	پروفیسر رانا اصغر علی	۲۷۷
علم و ادب کا قتل	اخلاق عاطف	۲۸۰

تعزیت نامے ۲۸۲

ڈاکٹر وحید قریشی ،ڈاکٹر ابوالخیر کشفی ،ڈاکٹر طاہر القادری،احمد ندیم قاسمی،تابش دہلوی،منیر نیازی،انتظار حسین ،ڈاکٹر سلیم اختر،شہزاد احمد،ڈاکٹر انور سدید،پروفیسر عبدالکریم خالد،امجد اسلام امجد،ڈاکٹر معین الرحمٰن،ظفر اقبال،ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی،سحر انصاری،حنیف اسعدی ،ڈاکٹر مظفر عباس،ڈاکٹر تحسین فراقی،ڈاکٹر شہباز ملک،جعفر بلوچ،سید مرتضیٰ زیدی،حسن رضوی،صائم چشتی،ڈاکٹر ریاض مجید،ڈاکٹر اسلم رانا،خالد شفیق ،امان خان اجمل،سید آل احمد رضوی،رشید وارثی ،عزیز احسن،شبیر احمد قادری،قمر رحمانی،غوث میاں

خطوط ۲۵۹

حکیم محمد سعید،ڈاکٹر فرمان فتح پوری،ڈاکٹر سید ابوالخیر کشفی ،راغب مرادآبادی،شاہ مصباح الدین شکیل،مولانا کوکب نورانی اوکاڑوی،شبنم رومانی،مشفق خواجہ،حفیظ تائب،مظفر وارثی ،ریاض حسین چودھری،عرش ہاشمی،مجید فکری،شاہنواز مرزا

نعت رنگ کراچی — **شمارہ۳** — **(۲۲)**

صفحات۳۶۰

دھنک

حمد	حفیظ تائب	۸
احوال	صبیح رحمانی	۹

مقالات

اردو نعت میں انبیائے سابقین کی رفعت کا استفصار	رشید وارثی	۱۳
نعت پر تنقید (دوسرا رخ)	پروفیسر عاصی کرنالی	۳۶
اردو نعت اور جدید اسالیب	عزیز احسن	۴۴
اردو نعت گوئی میں عقیدت ومحبت کا اظہار	ڈاکٹر عصمت جاوید	۷۹
امام احمد رضاؒ اور محسن کاکورویؒ	ڈاکٹر عبدالنعیم عزیزی	۸۸
بانگ درا کی نعتیہ تب وتاب	پروفیسر محمد اقبال جاوید	۱۰۴
حافظ منیر الدین منیر سندیلوی کی نعتیہ شاعری	سلیم فاروقی	۱۱۵

نعوت قرآن اور شاعری	مولانا شاہ محمد تبریزی	۱۳۵
نعت خوانی کے آداب اور اصلاح و متعلقات	پروفیسر افضال احمد انور	۱۵۰
فیصل آباد کا نعتیہ منظر نامہ	پروفیسر شبیر احمد قادری	۲۰۲

فیچر

اردو میں نعت کا مستقبل	ڈاکٹر سید محمد ابوالخیر کشفی	۲۰۹

فکر و فن

نعت خواں و نعت نگار محمد اعظم چشتی	حفیظ تائب	۲۲۴
جاذب قریشی جدید تر لہجے کا شاعر	عزیز احسن	۲۲۹

مطالعاتِ نعت

حاصل مطالعہ	شفیق الدین شارق	۲۳۶

حریمِ حرف

گوشہ صبا اکبر آبادی		۲۵۲
گوشہ سید محمد ابوالخیر کشفی		۲۶۳

خاکہ

ہمارے بابا	بلقیس شاہین	۲۷۸

منظوم تراجم

ہشام علی حافظ	سید ابوالخیر کشفی	۲۸۶
مرزا مظہر جان جاناں	پروفیسر سحر انصاری	۲۸۹

مدحت ۲۹۰

سرور بارہ بنکوی،تابش دہلوی، احمد ندیم قاسمی،فدا خالدی دہلوی،افسر ماہ پوری،حنیف اسعدی،نعیم صدیقی،عبدالعزیز خالد،مظفر وارثی،حمایت علی شاعر،انور سدید،وقار صدیقی،سرشار صدیقی،محسن بھوپالی انور مسعود،ریاض مجید، والی آسی،واصل عثمانی،وسیم بریلوی،راجا رشید محمود،ریاض حسین چودھری،تحسین فراقی،نقوی احمد پوری،عرفان بجنوری،عبدالنعیم عزیزی،اعجاز رحمانی،انجم نیازی،امیر الاسلام ہاشمی،احسن زیدی،حاصل مراد آبادی،شفیق الدین شارق، غالب عرفان،اشتیاق طالب،احمد صغیر صدیقی،اقبال حیدر،رشید وارثی،قمر زیدی،قمر وارثی،سید معراج جامی،منصور ملتانی،عرش ہاشمی،شاہین فصیح ربانی،انفصال احمد انور،ظافر علی خان تشنہ،عزیز الدین خاکی،رئیس احمد رئیس،صبیح رحمانی

ہائیکو ۳۲۶

بیکل اُتساہی،محسن بھوپالی،اقبال حیدر،عزیز احسن،سہیل غازی پوری،رونق حیات،معراج حسن عامر، آفتاب مضطر

خطوط ۳۲۹

ڈاکٹر جمیل جالبی،ڈاکٹر مختار الدین آرزو،ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی،ڈاکٹر عبدالنعیم عزیزی،ڈاکٹر انور سدید،حفیظ تائب،ڈاکٹر تحسین فراقی،پروفیسر وسیم بریلوی،پروفیسر عاصی کرنالی،محسن بھوپالی،نقوی احمد پوری،ڈاکٹر احسان الحق،عبدالقیوم لطفی،پیرزادہ اقبال احمد فاروقی،اشتیاق طالب،وامق عدنان،احمد صغیر صدیقی،شبیر احمد قادری،سجاد سخن،ارشد اقبال

نعت رنگ کراچی **شمارہ۴** **(۲۳)**

صفحات۳۵۲

دھنک

احوال	صبیح رحمانی	۱۰

تمجید

حمد	امجد اسلام امجد	۱۳
حمدیہ ہائیکو	محسن بھوپالی،تاجدار عادل،اقبال حیدر،صبیح رحمانی	۱۳

تضمین	حافظ عبدالغفار حافظ	۱۴
مناجات	شفیق الدین شارق	۱۵

مقالات

نعت اور گنجینۂ معنی کا طلسم	ڈاکٹر سید ابوالخیر کشفی	۱۷
اردو نعت اور شاعرانہ تعلّی	رشید وارثی	۵۵
اردو نعت اور جدید اسالیب	عزیز احسن	۷۴
غیر مسلموں کی نعتیہ شاعری	نور احمد میرٹھی	۱۰۹
جدید اردو نعت اور آنکھیں	منصور ملتانی	۱۳۳

حریم حرف

گوشہ خورشید رضوی		۱۵۵
گوشہ سحر انصاری		۱۵۹

مضامین

اُردو نعت گوئی میں ہیئت کے تجربوں کی ضرورت	ڈاکٹر فرمان فتح پوری	۱۶۳
محرکات نعت	ڈاکٹر سلیم اختر	۱۶۵
جدید اردو نعت اور علامت نگاری	احمد ہمدانی	۱۶۸
دکن کی صاحب کتاب نعت گو شاعرات	ڈاکٹر مجید بیدار	۱۷۵
نعت کہیے مگر احتیاط کے ساتھ	پروفیسر محمد اقبال جاوید	۱۷۹
نعت خوانی کے آداب (کچھ معروضات)	رشید وارثی	۱۸۴

منظوم تراجم

قصیدہ نعمانؒ	ترجمہ: صبا اکبر آبادی	۱۹۲
I Wonder	Sister Camilla Badr	۱۹۵
میں سوچتی ہوں	ترجمہ: آفتاب کریمی	۱۹۶

فکر وفن

شاہ لطیف کی نعتیہ شاعری	پروفیسر آفاق صدیقی	۱۹۹
غالب کی ایک نعتیہ غزل	پروفیسر محمد اقبال جاوید	۲۰۵
نعیم صدیقی کی ایک نعت	ڈاکٹر ایوب شاہد	۲۲۱
حسرت حسین حسرت اور ان کا فن نعت گوئی	پروفیسر حفیظ تائب	۲۲۵
تقدیس اور نور اول کے مظاہر	ڈاکٹر شمیم ترمذی	۲۳۷
عرفان بجنوری کی نعت گوئی	ڈاکٹر عبدالنعیم عزیزی	۲۴۰

مدحت ۲۴۵

محشر بدایونی، حبیب جالب، شاہ ستار وارثی، حزیں صدیقی، حفیظ تائب، حنیف اسعدی، لالہ صحرائی، قمر یزدانی، عاصی کرنالی، عنایت علی خاں، ضبط سہارنپوری، واصل عثمانی، سرشار صدیقی، ریاض حسین چودھری، سید ارتضا عزمی، افتخار امام، انور شعور، احمد صغیر صدیقی، غالب عرفان، منصور ملتانی، نثار ترابی، بیدل لکھنوی وارثی، نذیر فتح پوری، صفدر صدیق رضی، شہاب صفدر، سید قمر زیدی، امتیاز ساغر، احمد شہباز خاور، اوصاف شیخ محمد احمد اریب، شہزاد زیدی، زین صدیقی، شاہنواز مرزا، رئیس وارثی، مجید فکری، طاہر سلطانی، صبیح رحمانی

خاکہ

ان کا تمنائی	بلقیس شاہین	۲۷۰

مطالعات نعت

خزینۂ حمد	شفیق الدین شفیق	۲۷۹
حاصل مطالعہ	عزیز احسن	۲۸۹

سموم و صبا (خطوط) ۲۹۹

ڈاکٹر غلام مصطفی خاں، ڈاکٹر وزیر آغا، جمیل الدین عالی، ڈاکٹر رفیع الدین اشفاق، اسلوب احمد انصاری، ڈاکٹر وفا راشدی، ڈاکٹر سلیم اختر، ڈاکٹر شاہ رشاد عثمانی، مولانا کوکب نورانی، ڈاکٹر خورشید رضوی، ڈاکٹر وقار احمد رضوی، شفقت رضوی، پروفیسر عاصی کرنالی، پروفیسر عنایت علی خاں، ڈاکٹر طاہر تونسوی، شکیل عادل زادہ، امین راحت چغتائی، پروفیسر جعفر بلوچ، نسیم سحر، قمر یزدانی، احمد صغیر صدیقی، پیرزادہ اقبال احمد فاروقی، جسٹس کوکب حیدرآبادی، مس آشوسانی، شاہ انجم، حافظ عز الدین، شاہنواز مرزا، ایک گمنام قاری

شمارہ ۱، اپریل 1995

شمارہ ۲، دسمبر ۱۹۹۵

شمارہ ۳، ستمبر ۱۹۹۶

نعت رنگ کراچی — شمارہ ۵ — (۲۴)

صفحات ۳۲۸

دھنک

نقشِ اوّل	صبیح رحمانی	۱۱

تمجید

	تابش دہلوی	۱۳
	گوہر ملسیانی	۱۴
	حافظ عبدالغفار حافظ، جاوید اقبال ستار	۱۵

مقالات

نعت کے عناصر	ڈاکٹر سید محمد ابوالخیر کشفی	۱۷
اردو نعت گوئی کے موضوعات	ڈاکٹر سید یحییٰ نشیط	۳۴
مدح نگاری کی روایت اور مدحِ رسول	ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی	۶۲
اردو مرثیے میں نعتیہ شاعری کے امتیازات	ڈاکٹر ہلال نقوی	۸۰
مدینہ منورہ کو یثرب کہنے کی ممانعت	رشید وارثی	۱۴۲
اردو نعت اور شاعرانہ رویہ	عزیز احسن	۱۴۴
دکن کے چند نعت گو شعرا	سید ابراہیم ندوی	۱۵۵
تقسیم ہند کے بعد مغربی بنگال میں نعت گوئی	ڈاکٹر عبدالنعیم عزیزی	۱۶۱
گنگا سہائے تمیز لکھنوی کی چند نایاب نعتیں	شفقت رضوی	۱۷۰
غیر مسلموں کی نعتیہ شاعری کچھ نئے آفاق	نور احمد میرٹھی	۱۷۴

اقبال کی نظم ''ذوق وشوق'' حمد ہے یا نعت؟	پروفیسر افضال احمد انور	۱۸۶
نعت میں چراغاں	منصور ملتانی	۲۰۱

علاقائی زبانیں اور نعت

ہندکو میں نعت رسول	پروفیسر خاطر غزنوی	۲۱۷
سندھی مولود	پروفیسر آفاق صدیقی	۲۲۲
سندھی نعتیہ شاعری پر ایک نظر	حافظ حبیب الرحمٰن سیال	۲۲۸

تجزیاتی مطالعہ

دل مدینے کی رہ گزر میں ہے (نظم)	امتیاز ساغر	۲۳۳
تجزیہ نگار	ڈاکٹر فرمان فتح پوری، سرشار صدیقی	

فکر وفن

نیاز فتح پوری کی نعت سرائی	پروفیسر محمد اقبال جاوید	۲۴۰
جمال الدین کا نعتیہ ترکیب بند	محمد عباس طالب صفوئی	۲۷۲
وقت کا تلازمہ میری نعتوں میں	پروفیسر عاصی کرنالی	۲۷۸
منفرد لہجے کا نعت گو شاعر، سرشار صدیقی	واصل عثمانی	۲۸۲
شاخ غزل پہ مدحت کے خوشنما پھول	عزیز احسن	۲۸۸

مدحت ۲۹۶

مولانا حامد حسن قادری، حفیظ تائب، شاعر لکھنوی، راغب مرادآبادی، حنیف اسعدی، فضا ابن فیضی، حکیم محمود احمد برکاتی، سید ابوالخیر کشفی، انجم رومانی، لالہ صحرائی، بیکل اُتساہی، قیصر الجعفری، انور سدید، عالم تاب تشنہ، ع س مسلم، جمال پانی پتی، ریاض مجید، محسن احسان، سحر انصاری، ساجد صدیقی، عنوان چشتی، تحسین فراقی، محمد یوسف منہاس، انجم شادانی، پیرزادہ قاسم، عنایت علی خان، امیر الاسلام ہاشمی، انور مینائی، گلزار بخاری، اعجاز رحمانی، ایاز صدیقی، رفیع الدین راز، ریاض حسین چودھری، قمر عباس وفا کانپوری، شفیق الدین شارق، احمد صغیر صدیقی، افتخار امام، عزیز احسن، سید نعیم حامد علی، خالد عباس الاسدی، سید قمر زیدی، آفتاب کریمی، غلام مرتضیٰ راہی، ساحر شیوی، منصور ملتانی، انور جاوید ہاشمی، حلیم حاذق، افضال احمد انور، سید معراج جامی، ظفر اقبال ظفر، محمد افضل خاکسار، اختر سعیدی، محمد احمد اریب، شگفتہ شیریں، رئیس احمد، فیصل عظیم، صبیح رحمانی

مطالعات نعت

بہر زماں بہر زباں	ڈاکٹر سید رفیع الدین اشفاق	۲۲۸
بہار میں نعتیہ شاعری	محمود عالم	۳۳۷
بر لب کوثر	ڈاکٹر شاہ رشاد عثمانی	۳۳۲
حاصل مطالعہ	شفیق الدین شارق	۳۴۰

خطوط ۳۶۱

تابش دہلوی (کراچی)، ڈاکٹر کالی داس گپتا رضا (ممبئی، بھارت)، ڈاکٹر سلیم اختر (لاہور)، ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی (فیصل آباد)، پروفیسر عنوان چشتی (نئی دہلی، بھارت)، ڈاکٹر خورشید رضوی (لاہور)، پروفیسر عاصی کرنالی (ملتان)، ڈاکٹر انور مینائی (کولار، بھارت)، سرشار صدیقی (کراچی)، محسن احسان (پشاور)، ڈاکٹر نجم الاسلام (حیدرآباد)، افتخار امام صدیقی (ممبئی، بھارت)، ڈاکٹر حسرت کاس گنجوی (حیدرآباد)، ڈاکٹر میرزا اختیار حسین کیف (کراچی)، کوہر ملسیانی (صادق آباد)، مولانا کوکب نورانی اوکاڑوی (کراچی)، پیرزادہ اقبال احمد فاروقی (لاہور)، احمد صغیر صدیقی (کراچی)، حافظ حبیب الرحمٰن سیال (نواب شاہ)، ضیاء الحسن (کراچی)، جاوید احمد مغل (جیکب آباد)، ڈاکٹر شگفتہ شیریں (کراچی)

نعت رنگ کراچی **شمارہ ۶** **(۲۵)**

صفحات ۴۴۸

دھنک

حرف اوّل	صبیح رحمانی	۱۱

تمجید

حمدیہ ہائیکو	سید معراج جامی	۱۲
حمد	صبیح رحمانی	

مقالات و مضامین

نعت کے موضوعات	ڈاکٹر سید محمد ابوالخیر کشفی	۱۳
نعت گوئی کا تصور انسان	جمال پانی پتی	۲۲

اُردو نعت میں تلمیحات کا غیر محتاط استعمال	رشید وارثی	۴۸
قصیدۂ بردہ کا تحقیقی وتنقیدی مطالعہ	ڈاکٹر جلال الدین احمد نوری	۸۱
اردو نعت میں آفاقی قدروں کی تلاش	عزیز احسن	۹۵
شعرائے میرٹھ کی نعت نگاری	نور احمد میرٹھی	۱۰۲
سلسلہ جماعتیہ کے نعت گو شعرا	محمد صادق قصوری	۱۲۷
چند نعت گویان بریلی	ڈاکٹر عبدالنعیم عزیزی	۱۵۱
جمال گنبد خضرا	منصور ملتانی	۱۵۹

حریم حرف

گوشہ والی آسی		۱۶۷
گوشہ شوکت عابد		۱۷۴
گوشہ یعقوب لطیف		۱۸۱

تجزیاتی مطالعہ

حضارت جدید	شفیق فاطمہ شعریٰ	۱۸۷
تجزیہ نگار	حمید نسیم	۲۰۱

فکر وفن

غالب کا نعتیہ کلام	ضیاء احمد بدایونی	۲۲۳
ظفر علی خاں کی نعت نگاری	ڈاکٹر شبیہ الحسن	۲۵۷
مدحت سرورِ عالم اور شیخ ایاز	پروفیسر آفاق صدیقی	۲۶۵
سید ضمیر جعفری کی ایک دلآویز نعت	پروفیسر محمد اقبال جاوید	۲۷۱
اختر بستوی کی نعتیہ شاعری	ڈاکٹر عبدالنعیم عزیزی	۲۷۷
صبیح رحمانی کی نعتیہ شاعری	عزیز احسن	۲۹۱
حب رسول کا جمالیاتی اظہار		

خصوصی مطالعہ

غبارِ جاں میں آفتاب (نظم)	ریاض حسین چودھری	۳۰۲

شیبا حیدری (خواتین کی نعتیہ شاعری میں ایک نئی آواز)		۳۱۴

مطالعات حمد و نعت

حاصل مطالعہ	حنیف اسعدی	۳۱۷
چراغ حرا	شفیق الدین شارق	۳۳۹
زادِ سفر ایک مطالعہ	ڈاکٹر عبدالمنان	۳۵۴
جہانِ حمد پر ایک نظر	منصور ملتانی	۳۵۷

بازیافت

قصیدہ مدیح المرسلین کی ایک نادر تضمین	ڈاکٹر محمد یونس حسنی	۳۶۱
معراج نامہ (چھمی نرائن شفیق)	شفقت رضوی	۳۸۲
ممنوں، میر نظام الدین (نعت)	شفقت رضوی	۳۹۰
زیبا، پنڈت برج موہن لال تکو (نعت)	شفقت رضوی	۳۹۲
گلزار دہلوی (نعت)	شفقت رضوی	۳۹۳

مدحت ۳۱۴

شاعر لکھنوی ،سید محمد ابوالخیر کشفی ،ضیا جالندھری،محسن احسان ،وسیم بریلوی،جوہر سعیدی،واصل عثمانی،ناوک حمزہ پوری،لالہ صحرائی،عنوان چشتی،انور سدید،ہلال جعفری،ظفر مرادآبادی،آفتاب کریمی،حلیم حاذق،قمر زیدی،قاسم حبیبی برکاتی،وفا کانپوری،سعید وارثی،حباب ہاشمی،وقار مانوی،فہیم ردولوی،نسیم عزیزی،قاضی ظفر اقبال،عزیز احسن،منصور ملتانی، رشید وارثی،صابر وسیم،شہاب صفدر،محمد کمال اظہر، خالد معین،سید معراج جامی، خالد محمود نقشبندی، طاہر سلطانی۔رئیس احمد

منظوم تراجم

پوٹھوہاری نعت	عبدالقادر قادری	۴۱۷
ترجمہ	شاہین فصیح ربانی	۴۱۸

خطوط

ڈاکٹر یونس اگاسکر (ممبئی)، ڈاکٹر انور سدید (لاہور)، ڈاکٹر سید یحییٰ نشیط (بھارت)، محسن احسان (پشاور)، مولانا کوکب نورانی اوکاڑوی (کراچی)، ڈاکٹر حسرت کاس گنجوی (حیدرآباد، سندھ)، لالہ صحرائی (جہانیاں)، ڈاکٹر شاہ رشاد عثمانی (گیا بہار، بھارت)، ڈاکٹر عبدالنعیم عزیزی (بریلی، بھارت)، نصیر احمد ناصر، (آزاد کشمیر) احمد صغیر صدیقی (کراچی)، حافظ محمد اختر بلگرامی (کراچی)، ندیم صدیقی (ممبئی)، غوث متھراوی (کراچی)، سعید بدر (لاہور)، نسیم عزیزی (ہوڑہ، بھارت)، سہیل احمد صدیقی (کراچی)

نعت رنگ کراچی (حمد نمبر) **شمارہ ۷** **(۲۶)**

صفحات ۲۸۸

دھنک

ابتدائیہ	صبیح رحمانی	۹

مقالات و مضامین

حمد و مناجات کی دینی و ادبی قدر و قیمت	مولانا سید ابوالحسن علی ندوی	۱۱
مبادیاتِ حمد	رشید وارثی	۱۸
اردو کی حمدیہ شاعری میں فلسفیانہ رجحان	ڈاکٹر سید یحییٰ نشیط	۴۸
حمد، عبد شکور کا فخر اور عبد مجبور کا سہارا	پروفیسر محمد اقبال جاوید	۶۰
اردو کی متصوفانہ حمدیہ شاعری	ڈاکٹر سید یحییٰ نشیط	۷۵
حمدیہ شاعری پر تنقید	ڈاکٹر عاصی کرنالی	۸۳
حمد و نعت مناجات ہندی اور اردو ادب میں	ڈاکٹر سید وقار احمد رضوی	۸۸
اردو مثنوی میں حمد و مناجات	ڈاکٹر سید عبدالباری	۹۵
حمد و مناجات بیسویں صدی میں	ڈاکٹر طفیل احمد مدنی	۱۰۷
ہندو شعرا کی حمد نگاری	نور احمد میرٹھی	۱۱۵

حمدیہ نظمیں

سرشار صدیقی (کراچی)، کرامت بخاری (لاہور)، عنبر بہرائچی (بھارت)، نصیر احمد ناصر (آزاد کشمیر)، سلیم شہزاد (بھارت)، رئیس وارثی (امریکا)

فکر وفن

ابوالعتاہیہ ابونواس اور اساعیل صبری کی حمدیہ شاعری	ڈاکٹر ابوسفیان اصلاحی	۱۴۳
سعدی کی حمد و مناجات	ڈاکٹر محمد ثناءاللہ عمری	۱۷۵
فارسی حمد و مناجات میں مولانا عبدالرحمٰن جامیؒ کا مقام	ڈاکٹر محمود الحسن عارف	۱۸۶
کلام اقبال میں حمد و مناجات	مولانا عبیداللہ کوٹی	۲۰۲
بہزاد لکھنوی کی حمد و مناجات کا تنقیدی مطالعہ	ڈاکٹر محمد اقبال حسین	۲۱۳
حافظ لدھیانوی کی حمدیہ شاعری	پروفیسر حفیظ تائب	۲۲۱
مظفر وارثی کا حمدیہ آہنگ	عزیز احسن	۲۲۶
آفتاب کریمی کی حمدیہ شاعری	پروفیسر آفاق صدیقی	۲۳۷

تجزیاتی مطالعہ

ایک حمد کا تجزیاتی مطالعہ	عزیز احسن	۲۴۴

حمدیں

عمر خیام / صبا اکبر آبادی (مرحوم)، وقار صدیقی اجمیری (مرحوم)، حفیظ تائب (لاہور)، حافظ لدھیانوی (فیصل آباد)، حنیف اسعدی (کراچی)، شبنم رومانی (کراچی)، اسلم انصاری (ملتان) علیم ناصری (لاہور)، ظفر مراد آبادی (بھارت) قمر عباس وفا کانپوری (کراچی)، سید رفیق عزیزی (کراچی) اشفاق انجم (بھارت)، ثنا گورکھپوری (کراچی) محمد اظہار الحق (اسلام آباد)، عزیز احسن (کراچی)، افضال احمد انور (فیصل آباد)، افضل الفت (کراچی)، عزیز الدین خاکی (کراچی)، صبیح رحمانی (کراچی)

مطالعہ کتب

انتخاب حمد: ایک تبصرہ	مبین مرزا	۲۷۶
قلم سجدے ایک تاثر	ڈاکٹر عبدالغنی فاروق	۲۸۰

نعت رنگ کراچی	**شمارہ ۸**	**(۲۷)**

صفحات ۲۷۲

دھنک

حمد	عزیز احسن	۱۰
اداریہ		۱۱

مقالات و مضامین

شعر کے بارے میں نبی کریم ﷺ کی رائے	ڈاکٹر محمد اسحٰق قریشی	۱۲
حجرۂ نبویہ پر نعتیہ اشعار	ڈاکٹر خورشید رضوی	۴۰
اردو حمد و نعت فارسی روایت کے تناظر میں	ڈاکٹر عاصی کرنالی	۵۲
قصیدۂ بردہ کے منظوم اردو تراجم	ڈاکٹر سید یحیٰی نشیط	۵۶
مصرع رضا اور کشفی صاحب	ڈاکٹر عبد النعیم عزیزی	۶۸
نعت میں طنز کی شمولیت	ڈاکٹر عبد النعیم عزیزی	۷۹
اردو نعت اور عقیدۂ ختم نبوت	منصور ملتانی	۸۸
گلزار نعت ایک نایاب نعتیہ گلدستہ	رفاقت علی شاہد	۹۴

فکر و فن

شیخ سعدی کی نعتیہ تب و تاب	پروفیسر محمد اقبال جاوید	۹۸
امیر مینائی کے قصائد میں نعتیہ رنگ	ڈاکٹر غلام مصطفٰی خاں	۱۰۸
حسرت موہانی اور ان کی نعت گوئی	پروفیسر شفقت رضوی	۱۱۷
علیم صبا نویدی کا فن نعت گوئی	ڈاکٹر سید سجاد حسین	۱۲۸

علاقائی زبانوں میں نعت

سندھی مولود میں آنحضرت ﷺ کی شادی کا ذکر	حافظ حبیب الرحمٰن سیال بخشی	۱۳۶
نعت نبی بلوچی و براہوی میں	غوث بخش صابر	۱۴۱
سریش بھٹ کی ایک مراٹھی نعت کا تجزیہ	ڈاکٹر سید یحیٰی نشیط	۱۴۸

خصوصی مطالعہ

دبستانِ جوش ملسیانی میں نعت	کالی داس گپتا رضا	۱۵۸

تذکرہ نگاری

شعرائے جلال پور جٹاں اور نعت رسول ﷺ | شاکر کنڈان | ۱۶۱

مدحت ۱۸۵

جگن ناتھ آزاد (بھارت)، تابش دہلوی (کراچی)، حفیظ تائب (لاہور)، مظفر وارثی (لاہور)، عاصی کرنالی (ملتان)، محسن احسان (پشاور)، جمال پانی پتی (کراچی)، احمد جاوید (لاہور)، اسلم انصاری (ملتان)، مظفر حنفی (بھارت)، عنوان چشتی (بھارت)، حافظ محمد ظہور الحق (اسلام آباد)، سلیم کوثر (کراچی)، انور مینائی (بھارت)، قمر سنبھلی (بھارت)، ایاز صدیقی (ملتان)، تسنیم فاروقی (بھارت)، ندیم صدیقی (بھارت)، محمد اظہار الحق (اسلام آباد)، رشید وارثی (کراچی)، شوکت عابد (کراچی)، تمثیل جاوید (کراچی)، محمد سبکتگین صبا (کراچی)، بارق پرتو روی (بھارت)، افضل الفت (کراچی)، ریاض احمد قادری (فیصل آباد)

شخصیت

حضرت مولانا محمد شفیع اوکاڑوی اور فروغ نعت | سیّدہ یاسمین زیدی | ۲۱۶

مطالعات نعت

اردو میں میلاد النبی ﷺ (تحقیق، تنقید، تاریخ) ایک جائزہ | پروفیسر شفقت رضوی | ۲۲۴

''اردو نعت اور جدید اسالیب'' پر ایک نظر | مبین مرزا | ۲۳۰

حاصل مطالعہ | حنیف اسعدی، منصور ملتانی | ۲۳۶

خطوط ۲۵۳

پروفیسر جگن ناتھ آزاد (بھارت)، مولانا کوکب نورانی اکاڑوی (کراچی)، ڈاکٹر عبدالنعیم عزیزی (بھارت)، سلطان جمیل نسیم (کراچی)، رشید اختر خاں (بھارت)

☆☆☆

نعت رنگ کراچی | **شمارہ ۹** | **(۲۸)**

صفحات ۲۵۶

دھنک

حمد | اسلم انصاری | ۹

ابتدائیہ	صبیح رحمانی	۱۱

مقالات ومضامین

غزل میں نعت کی جلوہ گری	ڈاکٹر سید محمد ابوالخیر کشفی	۱۳
اردو نعتیہ شاعری میں شمائل النبی ﷺ	ڈاکٹر سید یحییٰ نشیط	۵۱
اردو حمد ونعت کی روایت کے چند اساسی محرکات اوراُن کے فروغ کی عملی صورتیں	ڈاکٹر عاصی کرنالی	۶۵
نعت گوئی کا تصور انسان اور مولانا کوکب نورانی	جمال پانی پتی	۸۷

حریم حرف

گوشہ سلیم کوثر	سلیم کوثر	۹۵

فکروفن

شورش کاشمیری اور نعت گوئی	ڈاکٹر ابوسلمان شاہجہان پوری	۱۰۶
حفیظ تائب کی نعت گوئی وہی یٰسین وہی طٰہٰ کے حوالے سے	اسلوب احمد انصاری	۱۳۲

مطالعات نعت

شعراء الرسول.....ایک تعارف	ڈاکٹر ابوسفیان اصلاحی	۱۳۶
مولانا احمد رضا خاں بریلوی کی نعتیہ شاعری (ایک تحقیقی جائزہ)	پروفیسر آفاق صدیقی	۱۶۹
حاصل مطالعہ	حنیف اسعدی،عزیز احسن،منصور ملتانی	۱۷۴

یاد نگاری

ادب ونعت کا سراج روشن	پروفیسر حفیظ تائب	۲۰۹
آہ.....حافظ لدھیانوی	پروفیسر محمد اقبال جاوید	۲۱۳
قدوۃ الناعتین حافظ لدھیانوی مرحوم	پروفیسر شبیر احمد قادری	۲۱۷

خصوصی مطالعہ

تمنائے حضوری (نظم)	ریاض حسین چودھری	۲۲۵

نعتیں ۲۳۵

حفیظ تائب (لاہور)،حنیف اسعدی (کراچی)محمد اسلم فرخی (کراچی)،عاصی کرنالی (ملتان)،سرشار صدیقی (کراچی)،واصل عثمانی (دمام)،سحر انصاری (کراچی)،عزیز احسن (کراچی)،افضال احمد انور (فیصل آباد)،اقبال حیدر (کراچی)

خطوط ۲۴۶

ڈاکٹر جمیل جالبی (کراچی)،ڈاکٹر نجم الاسلام (حیدرآباد)،محمد عبدالحکیم شرف قادری (کراچی)،مولانا کوکب نورانی اکاڑوی (کراچی)،ڈاکٹر محمد اسماعیل آزاد (فتح پور، بھارت)،مولانا ملک الظفر سہسرامی (بھارت)،احمد صغیر صدیقی (کراچی)

نعت رنگ کراچی **شمارہ۱۰** **(۲۹)**

صفحات۲۵۶

دھنک

حمد	عزیز احسن	۷
ابتدائیہ	صبیح رحمانی	۹

مقالات ومضامین

اردو نعت میں ادب رسالت کے منافی اظہار کی مثالیں	رشید وارثی	۱۰
اردو نعت پر تاریخی، تحقیقی اور تنقیدی کتب (تعارف وتجزیہ)	پروفیسر شفقت رضوی	۳۸
قصیدۂ بردہ شریف....کچھ اور منظوم تراجم	پروفیسر محمد اقبال جاوید	۱۳۸
گلدستۂ انوار محمدی ﷺ...ایک تعارف	رفاقت علی شاہد	۱۵۸

منظوم تراجم

قصیدۂ بانت سعاد	ترجمہ: رئیس احمد عثمانی	۱۷۲

مطالعاتِ نعت

سندھی میں نعتیہ شاعری	پروفیسر آفاق صدیقی	۱۵۸

''نسبت'' احساس اور لطافت کا مرقع	عزیز احسن	۱۸۹
حرا کی روشنی.....ایک مطالعہ	ڈاکٹر سید یحیٰی نشیط	۲۰۰

فکر وفن

بیکل اتساہی کی نعتیہ شاعری	ڈاکٹر جمیل راٹھوی	۲۰۶
مسرور کیفی کی نعت گوئی	ڈاکٹر سید رفیع الدین اشفاق	۲۱۷
امین راحت چغتائی کی نعت گوئی	ڈاکٹر سید محمد ابوالخیر کشفی	۲۲۳
جدید لب و لہجے کا نعت گو....سعید وارثی	ڈاکٹر عبدالنعیم عزیزی	۲۳۱
بشیر رحمانی کا کیفِ حضوری	ڈاکٹر انور سدید	۲۴۲

نعتیں

امید ہے کہ اہل فکر ونظر اس صحت مند تنقیدی سلسلے کو سراہیں گے ۔مسئلہ ابلاغ (COMMUNICATION) کا ہے ۔تاہم خلوص کی زبان کا کوئی خاص لہجہ نہیں ہوتا ہے ۔ اس کا ابلاغ بہر حال ہو جاتا ہے ۔نعتیہ ادب میں توانا رجحانات کے فروغ ،صحت مند روایات کی ترویج اور موضوع کی تقدیس کے خدوخال اجاگر کرنے کے لئے تنقید ناگزیر ہے ۔بااین ہمہ، تحسین ،تعبیر اور تفہیم شعر خالصتاً ذوقی معاملہ ہے ۔اس لئے شعری پسندیدگی کے زاویے مختلف ہو سکتے ہیں ۔لیکن شریعت کے معیارات کی پاسداری ہر حال میں ضروری ہے ۔زبان بھی کچھ قواعد کی پابند ہوتی ہے اس لئے یہ پہلو بھی توجہ طلب ہے ۔موضوع کی رفعت اور عربوں کی لسانی دانش کے تناظر میں ان باتوں کی اہمیت اور بھی بڑھ جاتی ہے ۔اس ضمن میں اتفاق یا اختلاف دونوں قسم کی آراء ہمارے لئے قابل احترام ہوں گی ۔ہمیں آپ کی رائے کا بے چینی سے انتظار رہے گا۔'' (۲)

چونکہ اس مضمون کا اطلاق صرف ذات محبوب خداﷺ پر ہی ہو سکتا تھا ۔لہٰذا اہلِ دل حضرات اسے نعت ہی کے حوالے سے قبول کرتے ہیں ۔ یہ بات واضح ہوگئی کہ اگر امراؤ سلاطین کی شان میں لکھے گئے قصائد میں کوئی شعر ایسا ہوگا جو رفعت معانی کے اعتبار سے ذات رسالت مابﷺ کے سوا کسی اور کو زیب نہیں دیتا ہو تو نعتیہ شعر کی حیثیت ہی سے قبول کیا جائے گا اس کے برعکس اگر کسی نعت میں شامل کوئی شعر عامیانہ مضامین پر مبنی ہوگا تو اسے معنی کی پستی کی وجہ سے نعتیہ شعر کی حیثیت حاصل نہ ہوگی ۔

اردو نعتیہ شاعری کے حوالے سے نعت نگاری میں ذم کے پہلو ایسا دقیق و وسیع موضوع ہے جو ایک ضخیم کتاب کا متقاضی ہے ہم نے اسے موضوع کی جانب دَورِ حاضر کے

نعت کو حضرات کی توجہ مبذول کرانے کے لئے اس مختصر سی تحریر میں صرف چند مثالوں پر اکتفا کیا ہے اور اب اس دعا کے ساتھ ہم اسے مکمل کرتے ہیں۔

مدحت شاہ دو عالم کا سلیقہ دیدے
میرے مالک ہمیں جبرئیل کا لہجہ دیدے

آمین

''بیشک اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت سے روح الامین علیہ السلام کے ذریعہ حضرت حسان بن ثابتؓ کی تائید فرما کر انہیں نعت گوئی کی مثالی صلاحیت عطا فرمائی۔''(۳)

ان حقائق وشواہد، آثار وواقعات کو مدنظر رکھتے ہوئے اس بات کا اندازہ کرنا کچھ مشکل نہیں کہ نعت گوئی کتنا نازک فن ہے اور مدح رسولؐ کے لئے زبان کی صحت اور اسلوب بیان کی متانت کتنی ضروری ہے۔اس کے باوجود چونکہ سید الناس و رسول الثقلینؐ کے ذکر کو بلند کرنا خود خالق کائنات کی منشاء ہے۔اس لئے یہ ممکن ہی نہیں کہ نعت نبیؐ صرف عربی زبان تک محدود رہتی۔جذبہ نعت گوئی کو تو ہر منطقے ہر وطن، ہر براعظم، ہر ملک اور ہر قریہ وشہر میں دور و نزدیک پھیلنا ہے۔پھر صرف انسانی دنیا میں ہی نہیں بلکہ قیامت تک دنیا میں آنے والے جنات میں رواج پانا ہے۔اس لئے نعت نبیؐ تو ہر زبان، ہر لہجے اور ہر اسلوب میں لکھی جاتی رہی ہے اور لکھی جاتی رہے گی، تاہم جو شعراء نعت نگاری کو اپنا وظیفہ بنائیں، ان کے لئے ضروری ہے کہ زبان کی صحت، بیان کی متانت، واقعات کی سند اور سیرت وشمائل رسولؐ کی عظمت کا خیال رکھتے ہوئے نعت لکھیں۔اس طرح کہ زبان کے مروجہ اور معروف اصولوں سے انحراف بھی نہ ہو اور شعریت کا خون بھی نہ ہو۔ویسے تو نعت صرف شعر ہی میں نہیں نثر بھی لکھی جاتی ہے اور نہ صرف خود شاعری بھی اوزان وبحور کی پابند نہیں ہوتی۔نثری شاعری بھی ہوتی ہے۔یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ عرب فصحاء کے نزدیک شاعری وزن اور بحر کی قید سے آزاد صرف حسن بیان پر بنی مبنی ہوسکتی تھی۔غالباً یہی وجہ ہے کہ قرآن کریم کی آیات سن کر عربوں نے حضور ﷺ پر شعر گوئی کی تہمت لگائی تھی اور اللہ تعالیٰ نے ان کے اس خیال کو اس طرح ردّ فرمایا تھا کہ:

''ہم نے ان (پیغمبرؐ) کو شعر گوئی نہیں سکھائی اور نہ وہ ان کو شایاں ہے۔یہ تو محض نصیحت اور صاف صاف قرآن (پر از حکمت) ہے۔''(۴)

شعر خیال کے جمالیاتی اظہار کو کہتے ہیں جس سے احساس کے تار چھڑے جاسکیں۔اس حقیقت سے عرب صدیوں پہلے سے آگاہ تھے۔شعر کے جمالیاتی ادراک اور عربوں کی لسانی دانش اور حساسیت کے حوالے سے جب ہم نعتیہ شاعری کے بنیادی عناصر پر غور کریں تو نعت کو شعراء پر عائد ہونے والی ذمہ داریوں کا خاکہ بنانے سے قبل ہمیں نعت گوئی کو عمومی شاعری سے ممیز کرنے کیلئے نعتیہ شاعری اور عمومی شاعری کے درمیان خط امتیاز کھینچنا ہوگا۔

O عام شاعر پر تو خیال کے سحر کارانہ اظہار ہی کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ لیکن ___ نعت گو شاعر کو زبان و بیان میں احساس جمال پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ موضوع شاعری کا تقدس بھی برقرار رکھنا ہوتا ہے۔

O عام شاعری کا دارومدار تخئیل اور زبان پر ہے تو نعتیہ شاعری میں محض تخئیل اور زبان پر انحصار کافی نہیں اس کے لئے مقصد و منشائے رسالت اور مقام محمدیؐ کا ادراک بھی ضروری ہے۔

O عام شاعری میں صرف تخیل کی رہنمائی کافی ہے لیکن نعتیہ شاعری میں علم دین اور اخبار آثار کو قصداً رہنما بنانا پڑتا ہے۔

O عام شاعری کا محبوب خیالی بھی ہو سکتا ہے اس لئے اس کا بیان کسی بھی انداز سے کیا جا سکتا ہے جبکہ نعتیہ شاعری کا محبوب زندہ جاوید ہے اور محبوب کی محبت ہر مسلمان شاعر کا جز و ایمان ہے۔ یہ پہلو بھی شاعر کے ذہن سے کسی لمحہ محو نہیں ہونا چاہیے۔

O شاعری کے روایتی محبوب کو عاشق صرف اپنے لئے مخصوص کرنا چاہتا ہے اور اپنے محبوب سے قریب ہونے والے ہر شخص کو رقیب سمجھتا ہے۔ روایتی محبوب خود عاشق (شاعر) کے علاوہ کسی اور طرف ملتفت ہو تو عاشق اس کو ''جفا پیشہ'' اور ''تغافل شعار'' کہہ کر دل کے پھپھولے پھوڑتا ہے۔۔۔۔ اس کے برعکس نعت گو شاعر اپنے محبوبؐ کے تمام عشاق کو جمع کر کے اپنے محبوب کی تعریف و توصیف کرنا چاہتا ہے۔ اور اس کی خواہش ہوتی ہے کہ محبت کی جو چوٹ اس کے دل کو لگی ہے اس کا مزہ دنیا کے سب انسانوں کو آجائے اور وہ سب بھی نعت گو شاعر کے محبوبؐ کے پروانوں میں جوق در جوق شامل ہو جائیں۔ یہی سنت اللہ ہے اللہ نے بھی نبیؐ پر درود بھیجنے کے عمل میں اپنے ساتھ فرشتوں کو شامل فرمایا ہے۔ اور تمام ایمان والوں کو نبیؐ پر درود بھیجنے کا حکم دیا ہے۔

''عمومی شاعری (General Poetry) اور نعتیہ شاعری کے اس تقابلی پس منظر میں نعتیہ شاعری کی جو حدود متعین ہوتی ہے ان کا اجمالی خاکہ کچھ اس طرح بنتا ہے کہ ___ زبان فصاحت، بیان متانت، اظہار ادراک اور تفہیم کار نبوت کا نمائندہ ہو اور

مقصدِ اظہار ترویج منشائے رب العزت ،تبلیغ دین متین اور دفاع ناموسِ رسالت ٹھہرے
اور مجموعی تاثر اتباع محبوب رب اللعالمینؐ کے جذبوں کو بیدار کرنے والا ہو"(۵)

روز اول ہی سے اُردو کی مجلاتی صحافت میں نعت رنگ ایک بالکل مختلف طرز کا حامل رسالہ ہے۔جس نے اپنے آغازِ سفر ہی میں نہ صرف یہ کہ اپنے آپ کو اُردو شاعری کی ایک اہم صنف نعت سے وابستہ کرلیا بلکہ شروع ہی سے اس صنف کو جسے کئی ناقدین موضوع محض ہی سے تعبیر کرتے تھے۔ایک با قاعدہ فن کا درجہ دینے کے لئے نعت سے متعلقہ فنی حدود قیود کی نشاندہی بھی کردی۔اگر نعت رنگ کے تمام اداریوں کا باریک بینی سے جائزہ لیا جائے تو اندازہ ہوگا کہ نعت کی تخلیقی ،تدوینی ،تنقیدی اور تحقیقی خدمات میں اس رسالے نے کتنی گراں قدر خدمات سرانجام دی ہیں۔اس نے اب تک کم بیش دس ہزار کے قریب صفحات پر مشتمل مواد کے ذریعے سے اس صنف کو با قاعدہ فنی درجے تک پہنچانے کے لئے جو گراں قدر مساعی کی ہے اس کا اندازہ اس کے شمارہ نمبر ۲۲ کے اس اداریے سے ہوتا ہے جو اس شمارے کے مہمان مدیر کے طور پر لکھتے ہیں

بقول ڈاکٹر ریاض مجید :

"میر تقی میر کا معروف شعر ہے:

کیا تھا شعر کو پردہ سخن کا
سو ٹھہرا ہے یہی اب فن ہمارا

بات کو "شعر" اور "سخن" کو "فن" کے درجے تک لے جانا ہی وہ عمل ہے جو لفظوں کے اندر، جذبے کی گرمی اور تاثیر کا جادو بھر دیتا ہے۔یہ پُراسرار عمل لفظوں کو گویا کرتا ہے، جب کوئی ماہرِ فن خونِ جگر سے اپنے جذبوں کو آمیز کر کے کاغذ پہ اُتارتا ہے تو نہ صرف یہ کہ اس کی تحریر میں سوز و سرور کا اضافہ ہوجاتا ہے بلکہ اس کی تاثیر بھی دوام آشنا ہوجاتی ہے۔علامہ اقبال کا یہ مصرع:

معجزہ فن کی ہے خونِ جگر سے نمود

اس حقیقت کی نشان دہی کرتا ہے۔

اردو زبان میں نعتِ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آغاز ہی سے ہمارے شاعروں کا پسندیدہ موضوع رہی ہے۔مختلف زبانوں اور علاقوں کے شاعروں نے اپنے اپنے طور پر اس موضوع کو فن بنانے کے لئے مقدور بھر کوشش کی ہیں،لیکن جیسا کہ فارسی کا مشہور ضرب المثل مصرع ہے:

کارِ دُنیا کسے تمام نہ کرد

اپنی تمام تر صلاحیتوں کے اظہار اور فنّی استعداد کے استعمال کے باوجود نعت گوئی اور ثناگری کا فن ہر زمانے میں اپنے تشکیلی مراحل میں رہے گا۔ یہ ہر دور میں تکمیل روضرور رہا ہے مگر اسے فکری کمال اور فنّی معراج تک پہنچانے کا دعویٰ کبھی کسی نے نہیں کیا۔کوئی یہ دعویٰ کر بھی نہیں سکتا اور نہ کسی کو یہ دعویٰ زیب دیتا ہے۔اسی حوالے سے مرزا غالب نے کیا خوبصورت اور حقیقت زا مقطع لکھا ہے:

غالب ثنائے خواجہؐ بہ یزداں گزاشتیم

کآں ذاتِ پاک مرتبہ دانِ محمد است

نعت کے باب میں اظہارِ عجز کے باوجود ہر نعت نگار کی یہ کوشش رہی ہے کہ وہ اپنے مطالعے، مشاہدے اور محسوسات سے حاصل ہونے والے نتائج، تجربے، زبان وبیان کی بہترین صلاحیتوں سے ،اپنی نعت گوئی کے تخلیقی ماحول کو پُرتاثیر بنانے کی کوشش کرے اور نعت نگاری کے فکری وفنّی پہلوؤں کو ہر زاویے سے نکھارنے اور سنوارنے کے لئے نہ صرف تخلیقی صلاحیت اور دستیاب لسانی واسلوبیاتی وسائل کو پوری توجہ اور اخلاص سے بروئے کار لانے کی کوشش کرے بلکہ اپنی سعی مشکور خواہ سے اپنے نعت پارے کو معجزۂ فن بنادے ۔مگر ایسا ہُوا کم کم ہے، ہماری نعت میں زیادہ تر رسمی تذکارِ سیرت وروایتی اظہارِ محبت کی تکرار محسوس ہوتی ہے۔

تذکارِ سیرت اور اس کی تکرار بھی ایک مبارک وظیفہ ہے۔اِس کے اثرات و برکات بعض صورتوں میں نعت خوانی اور نعت گوئی سے بھی زیادہ مسلم ،موثر اور یقینی ہیں کہ تذکار میں سادگی اور اخلاق زیادہ ہوتا ہے،فن کی طرف آنے میں جو محنت ومہارت ضروری ہوتی ہے اس میں بعض اوقات ان سچے جذبوں (سادگی اور اخلاص)، میں نام و نمود کے عناصر بھی غیر محسوس اور غیر اِرادی طور پر شامل ہو جاتے ہیں جو بہر حال نہ پسند ہوتے ہیں اور ان کے نتائج اتنے موثر ہوتے ہیں جتنے اخلاص سرشت ان اورِدو مشاغل کے ہوتے ہیں جنہیں سادگی سے ادا کیا جائے۔

کچھ باتیں اس لئے نہیں کی جاتیں کہ وہ ہوتی نہیں بلکہ اس لئے بھی کی جاتی

ہیں کہ وہ ہماری توجہ میں رہیں اور سننے والوں کے ساتھ کہنے والا بھی ان کو دھراتا رہے۔ہم سب نعت نگاروں کو یقیناً یہ خواہش ہے کہ ہم نعت کے فن میں بہتر سے بہتر تخلیقی کارکردگی کا مظاہرہ کریں اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت وعقیدت کے ہر اظہاریے کو'معجزۂ فن' کے کمال تک لے جائیں مگر اس 'خواہش' کے حصول کے لئے ہم میں سے کئی شاعروں کے ہاں اس کے مطابق کوشش نظر نہیں آتی۔اس ضمن میں ہم سے غیر محسوس طور پر ایک کوتاہی ہو رہی ہے۔مجھے اخبارات ورسائل میں چھپنے والی کئی نعتوں میں کہیں کہیں غیر ارادی طور پر ہی سہی، روا رکھے جانے والے ایک سرسری پن کا احساس ہمیشہ رُلاتا ہے۔

نعت کے فن پر ملنے والے تنقیدی جملوں، مضمونوں، مقالوں اور تأثرات سے شروع ہی میں اس بات کو بہ تکرار بیان کیا جاتا رہا ہے کہ نعت محض ایک موضوع نہیں ایک فنی کل (whole) ہے۔ایک ایسی تخلیقی اور نامیاتی وحدت، جس میں خیال، لفظ، اسلوب، ہیئت آہنگ اور دوسرے اسلوبیاتی وسائل اور شعری محاسن، ایک موثر فنی اکائی کی طرح تخلیق یاب ہوتے ہیں۔نعتِ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مرکزی محوری موضوع آپ کی ذاتِ گرامی سے محبت کا اظہار اور آپ کی شخصیتِ ستودہ صفات کا تذکار ہے۔ اس موضوع سے ہزروں مضامین نے جنم لیا۔آپؐ کے پیغام، اسلامی شعائر، دینی اقدار بھی کچھ نعت کے فکری نظام کا حصہ نہیں بنے اور اس کے ساتھ انفرادی اور اجتماعی طور پر اُمتِ مسلمہ کے افراد اور مملکتوں کو درپیش امور وسائل بھی شعری قرینے اور تخلیقی انداز سے نعت کے مضامین میں شامل ہوتے گئے،خصوصاً حصولِ ثواب اور برکت طلبی کے جذبے کے ساتھ ساتھ مشکلات وآلام اور مصائب وآشوب میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات والاتبار سے استغاثہ اور استمداد کے موضوعات بھی عقیدت کے اس اظہار اور سیرتِ طیبہ کے اس تذکار میں شامل ہوتے گئے۔

ورڈزورتھ نے شاعری کو تمام علمِ انسانی کی جان اور اس کی لطیف ترین روح سے تعبیر کیا ہے۔نعت کی شاعری اہلِ ایمان کے لئے اس سے بھی آگے کی چیز ہے کہ انسانی علوم کے ماحصل کا تخلیقی اظہار اپنے لطیف ترین تلازمات کے ساتھ جملہ فکری

فنّی محاسن سے آمیز ہو کر اس صنف میں ظہور کرنے کے جتنے امکانات رکھتا ہے دوسری اضاف میں نہیں۔ ایسا اکثر نہ ہو، مگر عربی، فارسی اور اردو کے علاوہ پاکستان کی دوسری زبانوں میں کہیں کہیں ایسے نمونے ضرور مل جاتے ہیں جو ان امکانات کا راستہ سجھاتے ہیں۔ علامہ اقبال کی معروف نعتیہ نظم ''ذوق وشوق''، ایسے امکانی اور (ادبیاتِ عالیہ کے حوالے سے)، آفاقی عناصر سے لبریز ہے جس میں جذبات وعقیدت کے ساتھ تہذیبی، تمدنی اور تاریخی حوالوں کی لَو جھلکتی ہے۔ اس نظم کی عمدہ ڈرافٹنگ ،بندوار فکری محاسن، ٹیپ کے (بارِدیف) اشعار کی بلیغ معنی آفرینی جو اوپر کے (غیر مردف) اشعار کے سلسلہ ہائے خیالات کو مربوط اور منضبط (sizeable) کرتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ نظم کا مخصوص آہنگ (مفتعلن مفاعلن مفتعلن مفاعلن) جس میں مسجدِ قرطبہ کے (مفتعلن فاعلن مفتعلن فاعلن) کے جلالی آہنگ کے برعکس! جمالی پہلو نمایاں ہے۔ ''ذوق وشوق'' کو معجزۂ فن کے درجہ پر فائز کر دیتا ہے۔

علامہ اقبال ہی کی نعتیہ عناصر پر مشتمل نظموں میں ''حضور رسالت مآبؐ میں'' اپنے ڈرامائی اسلوب اور مکالماتی انداز کی حامل ایسی نظم ہے جو مختصر ہوتے ہوئے اپنی معنویت اور تکنیک کے لحاظ سے بہت موثر نظم ہے۔ خصوصاً اس کا آخری شعر جس میں نظم کی بلیغ تہ داریت کو جذباتی تحرک (emotional vibration) کی عمدہ مثال ہے جو اپنے استعاراتی بہاؤ اور تلازماتی وسعت میں قاری کو اُمتِ مسلمہ کے ایک اہم تاریخی منظرنامے میں لے جاتی ہے۔

جھلکتی ہے تری اُمت کی آبرو اس میں
طرابلس کے شہیدوں کا ہے لہو اس میں

طرابلس کے مکانی ماحول سے ''حضور رسالت مآبؐ'' کی ماورائے زمانہ تک وسیع فضا تک میں جہاں اقبال یہ مکالمہ کر رہے ہیں، ایک جہانِ محسوسات پھیلا ہوا ہے، جس کی معنویت یک سطحی (Flat) انداز کی نہیں، تلازمہ در تلازمہ بلیغ تہہ داریت کی حامل ہے۔ یہ نعتیہ نظم مختصر ہونے کے باوجود اپنے فکری فنّی محاسن اور سیاسی و تاریخی تلازموں کی اہمیت کے سبب ایک جداگانہ مضمون کی متقاضی ہے۔

علامہ اقبال کی یہ نظم اُردو نعتیہ شاعری کے تخلیقی تناظر میں بلا شبہ ایک عمدہ اور مثالی نظم (Vintage poem) ہے جس کا مطالعہ، نعت کے قاری کو مدّتوں ایک تمجیدی اداسی (celestial pathos) میں محصور رکھتا ہے۔ دیکھیے اقبال نعت کے موضوع کو فن کے کس مقام پر لے گئے ہیں؟

یہ ایک حقیقت ہے کہ انسان مادّی طور پر بہت ترقی کرنے کے باوجود بھی نہ اپنی مرضی سے کوئی شے یا خیال سوچ سکتا ہے اور نہ ہی اپنی سوچوں کے خدوخال میں حسبِ خواہش کوئی ردوبدل کرسکتا ہے۔ یہ ایک جبلی اور نفسیاتی جبر ہے کہ وہ وہی کچھ سوچ سکتا ہے جو سوچ رہا ہوتا ہے۔ جس طرح کا مزاج اور ذہنی استعداد اسے قدرت کی طرف سے عطا ہوتی ہے، اس کے فکروفن کا سارا سفر اِسی عطاشُدہ تخلیقی واسلوبیاتی وسائل کے دائرے میں طے ہوتا ہے۔ علامہ اقبال جیسے بڑے شاعروں اور فن کاروں کا فن عطائے خُداوندی میں شمار ہوتا ہے، محسوسات اور اظہار کے جس مقام پر اقبال کھڑے ہیں وہ ہر شاعر کے بس کی بات نہیں۔ مگر یہ بات بھی درست ہے کہ ریاضت، مہارت، زبان وبیان کے محاسن کے حصول کے لئے مسلسل تگ ودو اور فکروفن میں تازہ کاری کیلئے کوشاں رہنے کا اپنا صلہ اور اجر ہے، جو تخلیق کو نکھارتا اور اظہار کو تھوڑا سا سنوارتا ضرور ہے۔ میرزا سوؔدا کے لفظوں میں پتھر کو صقیل کرنے سے پتھر زیادہ سے زیادہ آئینہ بن جائے گا مگر جوہر یا موتی نہیں کہ اس کی اصل اس کی فطرت سے وابستہ ہوتی ہے۔ وہ کہتے ہیں:

ہُنر سے دُور ہے بد اصل کی فطرت کہ آئینہ
خمیرِ سنگ سے بنتا ہے تو جوہر نہیں ہوتا

نعت کے باب میں ہمیں کس انداز سے کوشاں ہونا چاہئے؟ اس کے لئے کوئی باقاعدہ نظامِ تخلیق تو وضع نہیں کیا جاسکتا۔ ہر نعت نگار کا اسلوب اور تخلیقی استعداد دوسرے سے مختلف ہوتی ہے مگر یہ بات کبھی کبھار اُداس کرتی ہے کہ نعت کے معاصر منظرنامے میں کئی نعت ایک جیسے موضوعات کے بیانیہ دائرے میں سفر کرتے نظر آتے ہیں۔ خیالات، تراکیب، ردیف وقوافی کی تکرار، بحور واوزان کی یکسانیت نے بہت سی نعتیہ

شاعری کو ایک جیسا کر دیا ہے۔نعت کے فن میں موضوعات ومضامین کی یہ یکسانیت فطری بھی ہوسکتی ہے کہ نعت کا فکری دائرہ جتنا بھی وسیع ہو جائے نعت نگار کا مائل بہ مرکز ہونا اور رہنا اس کا لازمۂ فن ہے۔یہ مرکز وہ نسبتِ طیّبہ ہے جو اس صنف کا سلسلہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے تذکارِ مبارک سے جوڑے رکھتی ہے۔مگر یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ آج کی نعت میں سچے تخلیقی تجربوں کی نادرہ کاری کم کم نظر آتی ہے۔

نعتیہ مضامین کے اظہار میں تازہ کاری کے لئے مقدور بھر کوشاں رہنا ہم سب کے لئے ضروری ہے۔تازہ تراکیب، نئے نئے اسمائے مبارکہ کی تخلیق اور تلاش، آہنگ و اوزان کے تجربے، بلیغ اور پُرتاثیر شعری زمینوں کی دریافت، جدید شعری اصناف کو نعتیہ مضامین کے لئے رواج دینے کی کوشش دوسری زبانوں کے نعتیہ کلام کا تعارف وتراجم اور طویل یک کتابی نعتیہ نظموں کی منصوبہ بندی، سیرتِ طیبہ کے تذکارِ مبارک کے ساتھ جدید دور میں امتِ مسلمہ کو درپیش مسائل اوران کے حل کے لئے اس صنف میں ایک پُرتاثیر قرینے سے استغاثہ واستمداد کے مضامین کی آمیزش، ذاتی کردارسازی سے جہاں بانی تک کے پھیلے ہوئے مضامین وموضوعات کو اسلوبیاتی محاسن کے ساتھ نعت سے منسلک رکھنے کی کوشش تخلیقِ نعت کے مراحل میں ہمارے پیشِ نظر رہنی چاہیے۔نعت کی صنف آج ہم سب سے ہمہ جہت توجہ چاہتی ہے۔

محسن کاکوروی، امیر مینائی،مولانا احمد رضا خاں،ظفر علی خاں،علامہ اقبال،حفیظ جالندھری، بہزاد لکھنوی ،حافظ لدھانوی، صوفی محمد افضل فقیر، حفیظ تائب، عبدالعزیز خالد،ابوالخیر کشفی،مظفر وارثی، عاصی کرنالی ___ کیسے کیسے نعت کاروں نے خونِ جگر سے اس صنف کی آبیاری کی ہے۔نعتیہ مضامین کے اظہار کے حوالے سے ان اکابرینِ نعت کے فکروفن کا گہرا اور مستقل مطالعہ ہماری رہنمائی کرسکتا ہے۔

محبت کے جذبے ازلی وابدی ہوتے ہیں۔غیر مبدّل،مگران کا اظہار سچا تخلیقی تجربہ اور تازہ کاری چاہتا ہے کہ اس سے تاثیر میں اضافہ ہوتا ہے۔نعت میں احترامِ رسالت مآب کا جذبہ ہمہ پہلو اور مسلسل توجہ طلب مسئلہ ہے۔نعت کے مضامین وموضوعات کے اظہار میں ترجیحات نظر انداز نہیں ہونی چاہئیں۔جذبے کے انہاک مبارک مگر

جذبۂ اطاعت نژاد اور محبت تقلید سرشت ہونی چاہیے۔عقیدت کا اظہار جس بھی والہانہ پن سے ہو اس کا ڈو راگر عقیدے کو مسخ کر جائے تو یہ ایسی کوشش اور محبت کس کام کی؟ گفتار و کردار اور قول و عمل کے مغائرت کسی شعبۂ حیات میں کبھی بھی پسندیدہ نہیں رہی ۔نعت کے نازک اور مبارک فن میں اچھے ثمرات کیسے پیدا کر سکتی ہے؟

اللہ تعالیٰ سے دُعا ہے کہ ہم سب نعت کاروں کو اخلاص کی نعمت اور تخلیقی نادرہ کاری کی صلاحیت سے نوازے۔آمین!''(۶)

یہاں شمارنمبر ۵ کے اداریے کو بیان کیا گیا ہے

نقشِ اول

''علامہ اقبالؒ نے کہا تھا۔

حیات ذوقِ سفر کے سوا کچھ اور نہیں

حقیقت بھی یہی ہے کہ یہ ذوقِ سفر زندگی کے ارتقاء کا بنیادی سبب ہے۔ایک مرحلے سے دوسرے مرحلے تک۔اور یہ مرحلے کبھی ختم نہیں ہوتے ۔

ٹھہرتا نہیں کاروانِ وجود

اس حقیقت کا عکس زندگی کے ہر شعبے میں دیکھا جا سکتا ہے۔نعت رنگ ''اقلیم نعت'' کے تمام رفقا اور سرپرستوں کی زندگی کا ایک حصہ بن گیا ہے اور آج اس کتابی سلسلے کی پانچویں کتاب آپ کی خدمت میں پیش کرتے ہوئے ہیں یہ احساس ہو رہا ہے کہ کسی ایک مقام رٹھہرنے اور دائرے میں چکر لگانے کے بجائے ہم کچھ نہ کچھ آگے بڑھے ہیں ۔نعت رنگ کا ہر شمارہ ایک قدم ہے اور ہر قدم ہمیں کچھ نہ کچھ آگے لے گیا ہے۔ان اس بات کا فیصلہ آپ ہی کر سکتے ہیں کہ ہمارا یہ احساس اور تاثر صحیح ہے یا نہیں ۔اور اگر صحیح ہے تو کس حد تک۔آپ کے خطوط ہماری راہیں منور کرتے ہیں اور ہم آپ کی تجاویز پر غور کر کے انہیں عمل کے قالب میں ڈھالنے کی کوشش کرتے ہیں۔کسی رسالے یا کتابی سلسلے کی کئی معیار قائم کئے جا سکتے ہیں ہمارے خیال میں اگر کسی کتابی سلسلے کے قاری ،لکھنے والے اور عملہ،ادارت ایک ''برادری'' بن جائیں تو یہ کامیابی کا ایک

واضح اور محکم معیار رہے۔''نعت رنگ'' کے خوش نظر'دقیقہ سنج اور صاحب نظر پڑھنے والے آج دنیا کے ہر براعظم میں موجود ہیں اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رحمت للعالمینی کے تناظر میں ہمیں یقین ہے کہ یہ حلقہ وسیع تر ہوکر جلدی ہی دنیا کے ہر ملک کو اپنے دامن میں لے لے گا اور اس کا اثر نعت رنگ کے مضامین نثر و نظم پر بھی مرتب ہوگا۔

عصر حاضر میں جب نعتیہ شاعری اپنے فن اور اسلوب کے اعتبار سے تخلیقی شاعری کا ایک معتبر رشتہ کرنے کی کوشش کرتے ہوئے نئے موضوعات اور زاویوں پر مقالے اور مضامین شائع کیے ہیں جس سے غور وفکر اور بحث کے نئے دریچے کھل رہے ہیں اور نعت کے ادبی مضامین کو زیادہ اہمیت دی جا رہی ہے۔ہماری خواہش ہے کہ نعت کے اسالیب میں، رفعت،عقیدت اور ادبی محاسن اس طرح یک جا ہو جائی کہ ادب اور زندگی دونوں کے راستے جگمگا اٹھیں نعت رنگ کی تازہ اشاعت نے ہم پر آتش کے اس شعر کے مفاہیم کو زیادہ واضح کردیا ہے۔

سفر ہے شرط مسافر نواز بہتیرے
ہزار ہا شجر سایہ دار راہ میں ہے

لیکن ابھی ہمیں اور مسافر نوازوں کی ضرورت ہے ہم چاہتے ہیں کہ نعت رنگ کی چھوٹ سے ہر دیار روشن ہو اور یہ کام آپ کا بھی ہے۔اشارہ صراحت سے زیادہ بلیغ ہوتا ہے۔

آخر میں ہم اپنے تمام رفقاء، سرپرستوں اور مقالہ نگاروں کے ممنون ہیں کہ ان کے مسلسل تعاون اور توجہ سے نعت رنگ کامیابی کے سفر پر گامزن ہے۔اب اس سعادت کے سفر میں جناب طارق رحمٰن صاحب (مینجنگ ڈائریکٹر فضلی سنز) بھی شامل ہوگئے ہیں ان کا جذبہ اور طباعت واشاعت کے سلسلے میں ان کا تجربہ اور حوصلہ نئی منزلوں کو ہم پر سہل کردے گا (انشاءاللہ)۔''(۷)

صفحہ نمبر ۹ سے آغاز رب رحمٰن ورحیم کے نام سے ثنائے رسول ہاشمی کے بعد صبیح رحمانی کا اداریہ بنام واحوال، درج ہے جس میں جناب صبیح رحمانی نے شمارہ نعت کے آغاز میں آنے والی مشکلوں کا ذکر کیا ہے اور پھر اپنی محبت کا صلہ جو بارگاہ مصطفیٰ سے ملا بتاتے ہوئے اس امر کی وضاحت کرتے ہیں کہ میں نے یہ سفر دو چار آدمیوں کے

ساتھ شروع کیا تھا مگر آج اس شمارے کے پڑھنے والے پاکستان کے علاوہ بھارت،عرب امارات،سعودی عرب، یورپ کے ممالک اور امریکا میں بھی وابستگانِ اردو نعت رنگ کا مطالعہ کرتے ہیں میں صبیح رحمانی کے ان جملوں کو تعلّی نہیں بلکہ تحدیثِ نعت کا اظہار کہوں گا کہ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ اور اپنے رب کی نعمت کا خوب چرچا کرو۔میرے سامنے ہے۔

حرفِ اوّل:

''کسی بھی رسالے کی زندگی اور صحت کے لئے ضروری ہے کہ اسے اپنے عہد کے ناموراہلِ قلم کا تعاون اور اہلِ علم کی توجہ حاصل ہو اور ''نعت رنگ'' کے گزشتہ پانچ شمارے اس بات کے گواہ ہیں کہ اسے یہ دونوں کامیابیاں حاصل رہی ہیں۔ہمیں عصرِ حاضر کے ممتاز اہلِ قلم کا تعاون حاصل ہے اور انشاءاللہ مزید بہتری کے امکانات پیدا ہوں گے۔''(۸)

نعت رنگ کے سرخیل نامور نعت گوشاعر ادیب ودانشور سید صبیح الدین صبیح رحمانی اپنی بات کے عنوان سے نعت ریسرچ سینٹر انٹرنیشنل کے اتنے قلیل عرصہ میں کیے جانے والے تحقیقی علمی اور تنقیدی کارناموں کا تذکرہ کرتے ہوئے اپنے آئندہ کے بھی کچھ اہداف نذر قارئین کرتے ہیں اور یہ نوید سناتے ہیں کہ پاکسان کی جامعات کے شیوخ نے نعت چیئر کے قیام کو ممکن بنانے کے لئے ان کی اس خواہش کو اپنی سینڈیکیٹ میں پیش کرنے کا بھی عندیہ دے دیا ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ قانونی پہلوؤں کا جائزہ لینے کے بعد انشاءاللہ پاکستان کی جامعات میں عاشقان محبوب کبریا ﷺ کی تربیت کے ساتھ ساتھ نعت شناسی کا یہ فریضہ بھی احسن طریقے سے عمل پذیر ہو سکے گا۔

دھنک کے نام سے یہ اداریے دیکھئے:

نعت رنگ کا خوب صورت آغاز ابتدائیہ سے ہوتا ہے جس میں جناب صبیح رحمانی صاحب نے بڑی فصاحت وبلاغت کے ساتھ نعت گوئی پر کام کی بابت آگاہی دی ہے۔وہ فرماتے ہیں کہ نعت درودوسلام کے پیکر شعری کا نام ہے۔سیرت اطہر سے اکتساب شعور کا سب سے بڑا وسیلہ اور اس وسیلہ جلیلہ سے عطا ہونے والی روبنی کا ہر سطح پر اخلاق سی صورت ممکن ہے کہ ہم تاجدار کائنات ﷺ کی ذات اقدس سے قلبی وروحانی روابط کو فروغ دیں اس طرح ہمارے شب وروز کا دامن خیر کی روشنیوں سے بھر سکتا ہے۔

کسی بھی عنون پر مواد کو جمع کرنا بہت ہی دل گردہ کا کام ہے۔اور پھر متن جمع کرنے کے بعد اس کی صحت کے بارے میں بھی جانچ پڑتال ہی ایک اہم مرحلہ ہے مگر صبیح رحمانی صاحب نے اس مشکل کام کو بڑی جانفشانی سے پایہ تکمیل تک پہنچایا ہے اس کے علاوہ ان کا موضوع ہی ایسا ہے کہ جس میں کسی بھی کمی کوتائی کی گنجائش نہیں ہے۔اس پر مستزاد یہ کہ انہوں نے اس کورکنے

میں دیااس سلسلہ وار اقساط کی شکل میں ایک مستقل شمارہ بنا دیا۔اس پر ان کو جتنی بھی مبارک باد دی جائے وہ کم ہے۔

دھنک میں جن نعت گو شعراء کے حوالہ جات اور ان کے بارے میں جو معلومات دی گئی ہیں ان میں ہمارے عہد کے نامور عالم دین، اردو، عربی اور فارسی زبان و ادب پر گہرا عبور رکھنے والے خاندان گولڑہ کے شریف چشم و چراغ حضرت پیر نصیر الدین نصیر گولڑی سرفہرست اور قابل ذکر ہیں۔پیر نصیر الدین شاہ نے اردو کے علاوہ فارسی زبان جو کہ آج کل پاکستان میں خصوصاً ناپید ہے اس کے علاوہ رشید وارثی جو کہ ہمارے عہد کے نعتیہ منظر نامے پر بڑی اہمیت کے حامل ہیں۔انہوں نے نعت گوئی کے موضوع پر کئی زاویوں سے وقیع علمی کانامے سرانجام دیے۔تحقیق وتنقید وتخلیق کے دائروں میں نعتیہ ادب پر ان کے کام کو ادب کا کوئی مورخ کبھی نظر انداز نہیں کر سکے نمونہ کلام ملاحظہ ہو۔

لحد پہ ہوتے ہیں مدحت سرا گل و سبزہ

جو زیر خاک کوئی مدح خوان ہوتا ہے

پاکستان کے علاوہ بھی دیار غیر میں رہنے والے درد دل رکھنے والے اور نعت لکھنے والے شعراء موجود ہیں جن میں سید حنیف اخگر ملیح آبادی قابل ذکر ہیں لیکن اب وہ بھی اس جہان فانی سے جہان عدم کو کوچ کر گئے ہیں خلق مجسم کے نام سے ان کا ایک نعتیہ مجموعہ آیا ہے جس کے بارے میں ڈاکٹر سید ابوالخیر کشفی نے اظہار خیال کرتے ہوئے انہیں بجا طور پر نئی دنیا میں اردو کے زندہ نشان کی حیثیت رکھنے کے ساتھ ساتھ پاکستانی اور اسلامی طرز حیات کی علامت قرار دیا ہے۔نمونہ کلام ملاحظہ ہو۔

دیکھ کر مجھ کو نکیرین کہیں پڑھ کے درود

اس کی پیشانی پہ لکھا ہے غلام ان کا ہے

نعت گوئی ایک ایسا فن ہے جو سرکار دو عالم ﷺ کے ذات اقدس سے خاص طور پر منسلک ہے اور ان کی بعثت سے پہلے اس کا وجود نہیں ملتا اور بحیثیت مسلمان حضور ﷺ کے ساتھ حقیقت ایک ظاہری امر ہے اس کار خیر میں مرد نعت گو شعراء کے علاوہ ایسی خواتین بھی شامل ہیں جنہوں نے اس میدان میں اپنا لوہا منوایا ہے جن میں نور بانو محجوب سرفہرست ہیں۔ان کی تصنیف جو کہ خیر البشر کے نام سے شائع ہوئی ہے اور یہ نعتیہ شاعری میں ایک اہم اضافہ ہے اور اس میں شامل ان کا نعتیہ کلام عصر حاضر کی خواتین نعت نگاروں میں ان کے مقام و مرتبہ کو بخوبی ظاہر کرتا ہے نور بانو محجوب کی شہرت کا بڑا حوالہ ان کی افسانہ نگاری ہے۔وہ نور بانو محجوب سیتاپوری کے نام سے قیام پاکستان سے قبل بھی افسانے لکھتی رہیں نمونہ کلام ملاحظہ ہو۔

میرے اعمال بد کی انتہا گر ہو چکی تو بھی

کریم بے بدل اپنے کرم کی انتہا کر دے

ابتدائیہ:

نعت رنگ کے اس پیش خدمت شمارے مدیر سب سے پہلے اپنے اشاعتی شمارے کی تاخیر پر قارئین سے معذرت طلب کرتے ہیں اور پھر اس کتاب کو لکھنے کے سلسلے میں پیش آنے والی مشکلات کا ذکر کرتے ہوئے اپنے حق میں آسانی کی دعا کرتے ہیں۔ وہ یہ بھی لکھتے ہیں کہ میرے بہت سے دوستوں نے اس شمارے کی تاخیر پر برہمی کے اظہار کے ساتھ اس میں تنوّع اور تازگی لانے پر بھی زور دیا ہے۔ دراصل ہمارے نعتیہ ادب پر نثری سرمائے کی سخت کمی ہے۔ اس لئے جب وہ کسی موضوع پر قلم اٹھاتے ہیں تو اس میں تاریخی تناظر کے حوالے سے ضرور شامل کرتے ہیں۔ جس کی وجہ سے تحریر میں تکرار واضح طور پر محسوس کیا جا سکتا ہے۔ اس لئے صرف اپنے موضوع کے حوالے سے بات کریں اور تمہید سے پرہیز کریں۔

یہاں وہ ایک اور تشنگی کا ذکر کرتے ہیں کہ نعت کے موضوعات میں تنوّع کی سخت ضرورت ہے اس سلسلے میں مذاکروں سے مدد مل سکتی ہے۔ اس سلسلے میں وہ نعت رنگ کے تمام نمائندگان ومحبان سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ اپنے اپنے شہروں اور ملکوں ایسی ادبی شخصیات کو مدعو کریں اور باہم مذاکرات اور بحث مباحثوں کے ذریعے ایسے تازہ موضوعات تک رسائی حاصل کریں کہ جو مستقبل میں ہمارے لئے سودمند ثابت ہو۔

ابتدائیہ میں جناب صبیح رحمانی صاحب نے ایک دوست کے اس استفسار کہ مولانا احمد رضا بریلوی نمبر کیوں مرتب کیا جا رہا ہے کہ جواب دیتے ہوئے حضرت رضا بریلوی کی نعت گوئی کی اہمیت اور مقام پر سیر حاصل بحث کرتے ہوئے سب اہل فکرو نظر کو یہ احساس دلایا ہے کہ عشق رسول ﷺ میں کہی گئی نعتوں کے ابھی بہت سے گوشے بے نقاب ہونے ہیں۔ اس قسم کی شاعری کے بہت سے پہلو تشنہ ہیں اور ضرورت اس امر کی ہے کہ ان پر بات کی جائے۔ وہ ایک اہم نکتہ اٹھاتے ہوئے رقم طراز ہیں:

> ''اب تک مولانا پر زیادہ لکھنے والوں کی ایک بڑی تعداد ان ارادت مندوں کی ہے جو
> صرف اور صرف ان سے عقیدت اور محبت کے اظہار کی خاطر لکھتے رہے ہیں۔ ادب
> زبان اور زبان سے جڑے مسائل ان کا مسئلہ اور موضوع نہیں ہیں''۔(۹)

مولانا سے عقیدت اپنی جگہ لیکن ہم لسانی وادبی اختلاف کے ڈر سے ان کی شاعری پر تنقید نہیں کر سکے اس کا نقصان یہ ہوا کہ نعت کی دنیا کا ایک عظیم شاعر ہماری سنجیدہ اور مرکزی ادبی تاریخ کا حصہ نہیں بن سکا ہمیں اس قسم کے رویے کو بدلنا ہوگا۔ سعدیؒ، رومیؒ، اور جامی کی منظومات پر ادبی ولسانی تنقید ہوتی رہی ہے اس سے ان کے کلام کی قدر و قیمت کم ہونے کے بجائے مزید بڑھی ہے۔ اس سوچ اور فضا کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہے اس سے قاری پر حضرت رضا بریلوی کے کلام کے نت نئے گوشے بے نقاب ہوں گے وہ موجودہ مواد کی یکسانیت کی وجہ سے جس اکتاہٹ کا اظہار کر رہا ہے اس میں کمی واقع ہوگی۔ سید صبیح رحمانی اس نعت رنگ کے خاص شمارے سے اپنے ہی قائم کردہ معیار کے حوالے مطمئن نہیں ہیں لیکن انہیں اس بات کی خوشی بھی

ہے کہ وہ ہم تک یہ احساس منتقل کرنے میں کامیاب رہے ہیں کہ حضرت رضا بریلویؒ جیسے اہم اور مقبول شاعر پر اب تک ویسا کام نہیں ہو سکا۔ جو ہونا چاہئے تھا۔

اپنی بات کے عنوان سے صبیح رحمانی صاحب نے اداریے کا آغاز کرتے ہوئے اعتراف کیا ہے کہ نعت رنگ کا زیرِ نظر شمارہ ایک بار پھر تاخیر کا شکار ہوا ہے لیکن ہوئی تاخیر تو کچھ باعث تاخیر بھی ہوتا ہے اور باعث تاخیر یہی کوشش ہوتی ہے کہ نعت رنگ میں ہر بار تازگی کا کوئی پہلو ہو اور قارئین کا تجسس برقرار رہے۔ نعت رنگ کے ہر شمارے میں ایک مہمان مدیر کو بطور خاص نعت رنگ میں شامل کر کے نئے لکھنے والوں کے لئے رہنمائی کا ایک در وا کیا گیا ہے۔ مذکور شمارے میں ڈاکٹر ریاض مجید کا مہمان مدیر کی حیثیت سے شامل ہونا باعث مسرت و افتخار ٹھہرا ہے۔ اداریے میں نعت رنگ کے ۲۱ویں شماروں کے درمیانی اشاعتی وقفہ طویل ہونے کے باعث جو عہد آفریں شخصیات راہی عدم ہوئیں ان کا مختصر تذکرہ چاہنے والوں کی اشک شوئی کا سبب ہے۔ صبیح رحمانی صاحب نے بڑے اختصار کے ساتھ ان تمام صاحبان کے فکر و فن پر روشنی ڈالتے ہوئے ان کی خدمات کا اعتراف کیا ہے۔

جیسے کسی بھی رسالے کے اداریے مختلف موضوعات پر مشتمل ہوتے ہیں اسی طرح 'نعت رنگ' کی مختلف اشاعتیں بھی رنگا رنگ موضوعات پر مشتمل ہیں۔ جیسا کہ ہم نے مذکورہ بالا اقتباسات میں دیکھا ہے۔ عام طور پر نعت رنگ کے اداریوں میں درج ذیل مسائل و مضامین پر مدیر 'نعت رنگ' سید صبیح الدین رحمانی کے خیالات ملتے ہیں۔

۱۔ رسالے کے اشاعتی اُمور مثلاً اشاعت میں تاخیر کے اسباب۔

۲۔ نئے موضوعاتِ نعت پر ملنے والے مضامین کا فقدان

۳۔ گزشتہ شمارے کے بعد مرحوم اہلِ علم اور نعت کار شخصیات کی وفیات کا ذکر، اُن کی مساعی کا مختصر مختصر تذکرہ نیز ان کی دستیاب کتب کے بارے میں ملنے والی معلومات ____ مرحوم نعت نگاروں اور نعت سے متعلق دوسری شخصیات (ناقدین، نعت خواں وغیرہ) کے حوالے سے یہ معلومات اتنی ذمہ داری سے اداریوں کا حصہ بنی ہیں کہ نعت رنگ کے تمام شماروں سے ملنے والی ایسی وفیات کے بارے میں جمع آوری سے ایک کتابچہ مرتب ہو سکتا ہے۔

۴۔ نعت مسائل اور موضوعات کے بارے میں بعض تجاویز، مشورے، تنقیدی جملے، رفتارِ نعت کے بارے میں بعض سرسری اشاریے جو ایک مضمون کی بنیاد بن سکتے ہیں۔

اِسی طرح نعت رنگ کے بعض شماروں میں مدیر مہمان کی حیثیت سے بعض اہلِ قلم ذیل اداریئے بھی 'نعت رنگ' کے شماروں کا حصہ بنے ہیں۔ ان کی نوعیت بھی تنقیدی ہوتی ہے۔ مثلاً 'نعت رنگ' کے شمارے ۲۲ میں مہمان مدیر کے طور پر ڈاکٹر ریاض مجید کے نعت کے بارے میں رُشحات قلم شائع ہوئے جو ایک اعتبار سے تنقیدِ نعت پر مشتمل ہیں۔

صبیح رحمانی نے ''اُردو نعت کی شعری روایت'' کے نام چھپنے والی کتاب میں اِس مضمون کو ''نعت، موضوع محض'، سے

''معجزہ فن' تک''، میں شامل کرلیا ہے ۔(مطبوعہ اکادمی بازیافت، کراچی)

نعت رنگ کے دیگر شماروں کے اداریوں سے چند اقتباسات ملاحظہ ہوں:

ابتدائیہ:۔

''نعت رنگ'' پیش خدمت ہے ۔فروغ نعت کے اس عہد زریں میں یہ کوئی بڑا کارنامہ نہیں، لیکن نعت نگاری کی طرف رجوع عام کے اس اہم دور میں نعت کو رطب ویابس اور شعراء کے غیر محتاط رویوں سے محفوظ رکھنے کی پہلی سنجیدہ اور باقاعدہ کوشش ضرور ہے ۔اس ''کتابی سلسلے'' میں موضوعات نعت کی ایک ایسی دھنک پھیلی ہوئی ہے جو کئی رنگوں کے امتزاج کی مظہر ہے ۔یہ رنگ تحقیق وتنقید کی دھوپ سے کشید کئے گئے ہیں ۔یہ رنگ عصر حاضر کے نعتیہ منظر نامے سے چنے گئے ہیں ۔یہ رنگ شعراء کے گل ہائے عقیدت سے جمع کئے گئے ہیں ۔امید ہے یہ رنگ آپ کی آنکھوں کے سامنے ایک ایسی روحانی فضا تصویر کرنے میں کامیاب ہوں گے جو آپ کے دل کو نور اور دماغ کو سرور عطا کرے گی ۔میں ''نعت'' میں اپنی عقیدت کا رنگ بھرنے والے ہر قلم کار اور تمام مشتہرین کا شکر گزار ہوں اور دھڑ کتے دل کے ساتھ آپ کی رائے کا منتظر بھی .....''(۱۰)

اس اداریے میں ہماری توجہ اس بات کی طرف دلائی گئی ہے کہ باقی موضوعات کی طرح نعت بھی ایک اہم بلکہ اخلاقی موضوع ہے ۔نعت رنگ کی اہمیت کو اُجاگر کیا گیا ہے ۔بقیہ مضامین کی نسبت اس شمارے سے لوگوں کو ایک طرح نعت کو بھی ادب خاص اہمیت کا حامل قرار دیا گیا ہے ۔قاری کو نعت سے مکمل آگہی اور اُس کے علم میں کی تخلیق، تحقیق اور تنقید کے مختلف زاویوں سے نعت کو ہمارے سامنے لایا ہے ۔

نعت رنگ ۱۵ کے اداریے میں مدیر لکھتے ہیں:

''نعت رنگ'' کا زیرِ نظر شمارہ نعت کے ادبی، تنقیدی اور تہذیبی سفر کی پندرہویں منزل ہے ۔یہ ادبی سفر ہم نے شعریت اور شریعت کے سائبان میں طے کیا ہے ۔اس مسافت پر ہم نے جو کامیابیاں حاصل کی ہیں وہ ہماری توقعات سے بڑھ کر ہیں نعت کے ادبی فروغ کی اس تحریک کے زیرِ اثر اب تک جو تنقیدی کتب زیورِ طباعت سے آراستہ ہو چکی ہیں، ان میں ''نعت اور تنقیدِ نعت'' (ڈاکٹر سید محمد ابوالخیر کشفی)، ''اردو نعت اور جدید اسالیب'' (عزیز احسن)، ''نعتیہ ادب میں تنقید اور مشکلاتِ تنقید'' (ادیب رائے پوری)، ''نعت کی تخلیقی سچائیاں'' (عزیز احسن)، ''اردو میں

حمدومناجات''(ڈاکٹر یحییٰ نشیط)،''اردونعت گوئی''(شفقت رضوی)،''نعت اورآدابِ نعت''(علامہ کوکب نورانی اوکاڑوی) شامل ہیں۔یہی نہیں بلکہ ہندوستان اورپاکستان میں حمدونعت پر لکھے جانے والے ہر تحقیق وتنقیدمقالے میں''نعت رنگ'' کے کثیر حوالے ہمیں یہ اطمینان دلاتے ہیں کہ اللہ ربّ العزت کی تائیداور نبی کریم ﷺ کی چشمِ التفات سے ہماری کاوشیں رنگ لا رہی ہیں۔

ان سطور کو لکھتے ہوئے میرے دل میں کسی طرح کا بھی احساس تفاخر نہیں ہے بلکہ صرف اورصرف جذبات تشکر ہیں کہ ربّ لوح وقلم نے میری اور''نعت رنگ'' کے قلمی معانین کی مساعی کو قبول فرمایا۔سچ تو یہ ہے کہ اس فضا کو بنانے میں ہمارے لکھنے والوں کی بڑی خدمات ہیں بلکہ قربانیاں ہیں۔ایک ایسے ماحول میں جہاں مذہب سے جڑی ہوئی اصناف پر گفتگو کے دروازے صرف خوفِ فسادِ خلق سے بند ہوں وہاں حمدونعت کے ادبی پہلو پر شعریت اورشریعت کے حوالے سے اپنا نکتہ نظر،جرأت،بے خوفی اوراستدلال سے پیش کرنا اورپھراس بات پر مختلف نکتہ ہائے نظر کے تناظر سے ہونے والے اعتراضات اوراختلافات کے حوصلے اورتحمل سے سننا اوربرداشت کرنا صرف اس لئے کہ نعت پرادبی مباحث کے در کھلے رہیں اورصدیوں سے بنداس ایوان میں تازہ ہوا کے جھونکے آتے رہیں تاکہ ہمیں نعت کی علمی،ادبی تہذیبی جہات کا علم لاکرایک مثالی معاشرے کی تعمیر کرسکیں۔یہ کوئی معمولی بات نہیں اورنہ ہی ہمیں اس سے پہلے اس کی کوئی مثال ملتی ہے۔''نعت رنگ''میں لکھنے والوں کی ان خدمات اوراس قربانی کو جوانہوں نے اپنی انا اورشہرت کے دائروں سے باہر نکل کردی ہے،تاریخ ادب میں یقیناًیاد رکھا جائے گا۔(۱۱)

نعت رنگ۱۶کے اداریے میں مدیر لکھتے ہیں:

''مسئلہ یہ ہے کہ نعت کے آداب اورمسائل کے حوالے سے ہونے والی گفتگو سے لے کرنعت کے تاریخی،تہذیبی اورارتقائی جائزوں تک ہم نے جو کچھ بھی''نعت رنگ''یاکسی اورجگہ تحریر کی شکل میں پیش کیا ہے اس میں تکرار اس کی وجہ سے سامنے آرہی ہے کہ ہمارے لکھنے والوں کو نعتیہ ادب پر نثری سرمائے کی کمی کا احساس ہے

اوراسی لئے وہ اس موضوع پر لکھتے وقت تاریخ تناظر کو بیان کرنا بھی ضروری سمجھتے ہیں تا کہ قاری کو ایک ہی مضمون میں اجمال ہی سہی ایک مکمل خا کہ نعتیہ ادب کے ارتقائی مراحل پر مل جائے ۔

یہ مضامین اگر علاحدہ علاحدہ رسائل وجرائد میں ہوں تو شائد یہ بات ان مضامین کا حسن قرار پائے مگر ''نعت رنگ'' یا نعت ہی سے متعلق کسی جریدے میں اس طرح کی تکرار اس موضوع سے دلچسپی رکھنے والے قارئین کے لئے دشواری پیدا کررہی ہے،لہٰذا میں اپنے محترم لکھنے والوں سے درخواست کروں گا کہ تاریخی تناظر کے حوالے سے صرف وہی معلومات پیش کریں جنہیں اضافہ کہا جا سکے ورنہ اب براہِ راست موضوع پر لکھنا ہی مناسب ہے ۔'' (۱۲)

نعت رنگ ۱۸ کے اداریے میں مدیر لکھتے ہیں:

''اعلیٰ حضرت شاہ مولانا احمد رضا خاں بریلوی ہماری نعت گوئی کی ایک منفرد اور توانا آواز ہیں ۔ایک ایک ایسی آواز جس نے نعت گوئی میں ایک نئے اور مستقل دبستان کی بنیا د رکھی ۔ یہی نہیں بلکہ انہوں نے قرآن وسنت نبوی ﷺ ، آثار صحابہ واہلِ بیت اطہار رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اور تاریخ وسیر کے موجود مواد سے اپنے شعری حسن کو ایک ایسا علمی نکھا عطا فرمایا ہے جس نہ صرف اردو زبان وادب کا نعتیہ سرمایہ باثروت ہو گیا ہے بلکہ آنے والی نسلوں کے لئے بھی اس موضوع اوراس کے علمی فکری پہلوؤں کی تفہیم آسان ہوگئی ہے ۔

حقیقت یہ کہ اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خاں اردو کے وہ خوش نصیب اور مقبول خاص وعام نعت گو ہیں جن پر بہت لکھا گیا ہے ۔اردو کے کسی اور نعت گو پر اتنا نہیں لکھا گیا جتنا مطبوعہ مواد مولانا پر موجود ہے لیکن مقالات ومضامین کی یہ کثرت ہمارے لیے خوشی کا باعث تو ہوسکتی ہے،اطمینان کا نہیں ۔خوشی اس بات کی کسی نہ کسی بہانے ایک عظیم نعت گو کی یاد اوراس کے کام کی خوشبو پھیل رہی ہے اور عدم اطمینان اس بات پر کہ اس مطبوعہ سرمائے کی ایک بڑی تعداد سنجیدہ قارئین کو متاثر کرنے کے بجائے یکسانیت اور اُکتاہٹ کا احساس پیدا کررہی ہے ۔

ایسا صرف اس لئے ہے کہ یہ ساری تحریریں ایک دوسرے کی تفصیل وتخلیق معلوم ہوتی ہے۔اس ایوان میں فکرتازہ کے دریچے کم ہی کھلے ہین وہی چندموضوعات اوروہی چندحوالے جن کی بنیادپرلاتعدادمضامین کاایک ڈھیرلگادیاگیاہے پھران مضامین کے لکھنےوالوں کی ایک بڑی تعدادمولانااحمدرضاخان کےایسے حلقہ ارادت مندان سے تعلق رکھتی ہے جومولانا کی نعت گوئی پرصرف اورصرف مولاناسے محبت اورعقیدت کے اظہارکی خاطرکچھ لکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ادب زبان اورزبان سے جڑے مسائل ان کا مسئلہ اورموضوع نہیں۔نتیجتاً ایسی تحریروں کی تعدادزیادہ ہے جواعلیٰ حضرت کی نعتیہ شاعری کی تحسین کے نام پرجمع کردی گئی ہیں اس انبارمیں مولانا کی نعتیہ شاعری پرلکھے گئے ایسے سنجیدہ،علمی اورتنقیدی مقالے بھی ہیں جوعصری ادبی میلانات کی روشنی میں لکھے گئے تھےاورجنہیں نمایاں کرناضروری تھا،مگروہ کہیں دب کررہ گئے۔ان کی وہ توقیرنہیں ہوسکی جس کےوہ مستحق تھے۔''(۱۳)

نعت رنگ ۱۹کےاداریے میں مدیرلکھتے ہیں:

''کسی بھی رسالے کاابتدائیہ یااداریہ اُس رسالے کی پالیسی کوواضح کرتا ہے۔اوراُس کے لکھنےکاذمہ مرتب کےسپردہوتاہے۔''نعت رنگ'' کاابتدائیہ صبیح رحمانی نےنہایت ذمہ داری سےلکھااورخوب لکھا۔اُن کی تحریرمیں سادگی اوراختصارکےساتھ ساتھ ادبی جھلک بھی ملتی ہے۔رسالے کی پالیسی کوواضح کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ یہ رسالہ مروجہ اصول وضوابط کاپابندنہیں کیونکہ اس طرح توکئی جریدے شائع ہورہے ہیں جبکہ نعت رنگ کواس طرزپرترتیب دیاگیاہے کہ مختلف الخیال لوگ اپنے اپنے مکتب فکروانداز نظر کےساتھ شریک ہوں۔ابتدائیہ میں اس بات کی وضاحت کی گئی کہ ذکرنبیؐ کےفکری، مذہبی،ادبی اورفنی پہلوؤں پربھی گفتگوہواورادب کاایک عام باشعورقاری بھی اپنی رائےکااظہارکرسکے۔

جریدے کےابتداء میں اس بات کوبھی واضح کیاگیاکہ اس رسالے کے پلیٹ فارم سےصرف فکری،ادبی اورفنی مباحث ہی سامنےنہیں آتے بلکہ کبھی کبھی مسلکی اورفقہی مباحث بھی سامنےآتے ہیں۔اختلاف رائے بھی قائم ہوتا ہےمگرشائستگی اورتہذیب

کے دائرے میں ۔اوراسی علمی ادبی فضا کو قائم کرنے کے لئے بڑے بڑے لکھنے والوں نے اپنی تحریروں پراعتراضات اورسوالات کشادہ دلی سے برداشت کئے ۔نعت رنگ میں نعت کی صنف پر رسمی گفتگو کی بجائے تنقیدی گفتگو کوفروغ دیا گیا ہے ۔جس میں قسم کی مصلحت اورفرقہ بندی کا شائبہ تک نہیں ۔ابتدائیہ میں بتایا گیا کہ اس جریدے کی مقبولیت کی بڑی وجہ ادب، مذہب اورعصرِ حاضر کے تناظرات میں ہونے والی گفتگو ہے ۔''(۱۴)

صبیح رحمانی نے ابتدائیہ میں بتایا ہے کہ وہ رسمیات سے بُلند ہوکرا ذہان کو منورکرنے کا ارادہ رکھتے ہیں ۔مرتب نے نہایت اختصار اوربڑی خوبصورتی سے رسالے کے تمام اجزاء کا تعارف پیش کیا اورسبھی لکھنے والوں کے مضامین اورمقالات کے انداز کا ذکر ملتا ہے ۔اُن کی اس ابتدائیہ تحریر کو پڑھ کررسالے کے مطالعے میں دلچسپی پیدا ہوتی ہے ۔مختصر یہ کہ صبیح رحمانی نے ابتدائیہ لکھنے کا حق ادا کردیا اس قدر جامع اور سادہ انداز لئے ہوئے تحریر میں رسالے پرایک مکمل نظر ہے ۔

نعت رنگ ۲۰ کے اداریے میں مدیر لکھتے ہیں:

''الحمد اللہ اکیسویں صدی کے آغاز ہی سے یہ بات روشن ہوگئی ہے کہ ادبی طور پر یہ صدی نعت کی صدی ہوگی بہت دنوں کی بات نہیں جب سوالیہ انداز میں کہا جا تا تھا کہ کیا نعت ایک صنف سخن ہے؟ اورآج یہ بات پورے یقین سے کہی جاتی ہے کہ نعت ہر صنف سخن میں موجود ہے اور خود ایک مستقل صنف ہے ۔

اللہ کریم کا فضل واحسان ہے کہ فضا کی اس تبدیلی میں ''نعت رنگ'' کا بھی کچھ نہ کچھ حصہ ہے ۔لیکن اس مرحلے پراب نعت کے ناقدوں کو بھی اپنے ویژن اورفکر توسیع کرنی ہوگی ۔کل یہ تنقید کا نبیادی مسئلہ تھا کہ نعت کو صنف سخن کہا جائے یا نہیں ۔آج وہ منزل آگئی ہے جب ہمیں اپنے اجتماعی لاشعور میں نعت کی جڑوں کوتلاش کرنا ہوگا اور عمرانیات اورسماجیات کے پس منظر میں نعت کا مطالعہ کرنا ہوگا ۔اس سلسلے میں ''نعت رنگ''میں کئی وقیع تحریریں شائع ہوچکی ہیں جن میں اس بات کی بھی نشاندہی کی گئی ہے کہ اردو کے اعلیٰ تدریسی مراحل میں نعت کوایک موضوع کے طور پر شامل کیا جانا کیوں ضروری ہے اور یہ کہ اس کے بغیر بعض اصناف ادب کا مطالعہ کیا ہی نہیں جا سکتا مثلاً اردو مثنوی کا اسی طرح غزل کے مطالعے کے کئی پہلو نعت

کو پیش نظر رکھ کر ہی سمجھے جاسکتے ہیں یہ بھی ایک نیا مطالعہ ہوسکتا ہے کہ نعت کی تفہیم کے لئے کون سا دبستان تنقید موزوں رہے گا۔"نعت رنگ" کے گزشتہ شماروں میں رشید وارثی نے یہ سوال اٹھایا تھا مگر اس پر خاطر خواہ توجہ نہیں دی گئی۔اس سلسلے میں میرا موقف یہ ہے کہ نعت کا مطالعہ انتخابی تخلیق کے ذریعے ہی کیا جاسکتا ہے۔انتخابی تنقید سے میری مراد یہ ہے کہ تنقید کے تمام دبستانوں کے اصولوں کی روشنی میں نعت کا مطالعہ کیا جائے تاریخی دبستان تنقید سے یہ معلوم ہوسکتا ہے کہ کن حالات اور کن ادوار میں لوگ نعت کی طرف متوجہ ہوئے یا ہوتے ہیں ۔نفسیاتی کشاد میں نعت نے کتنا اور کس طرح حصہ لیا۔نعت سے کس طرح شاعروں کا کتھارسس ہوا ہے اور کس طرح نعت نے معاشرے کو پاکیزہ بنانے میں اپنا کردار ادا کیا، کیونکہ اعلیٰ درجے کی نعت بلند تر اقدارِ حیات کے بغیر نہیں لکھی جاسکتی اور اقدار ہی کی بنیاد پر انسانی معاشرے کی سمت نمائی ہوتی ہے ۔نعت کے مطالعے کے لئے اسلام کا مطالعہ بھی لازم ہے تا کہ منصف رسالت سے آگاہی ہو سکے اور نعت محض چند رسمی عقائد تک محدود نہ رہے کیوں کہ سرکار کی سیرت کا ذکر نظم میں ہو یا نثر میں انسان کی تعمیر کرتا ہے۔امید ہے کہ یہ چند معرضات انتخابی تنقید کی وضاحت کے لئے کافی ہوں گی اور آپ کو یہ سمجھنے میں آسانی ہوگی کہ انتخابی تنقید سے میری مراد کیا ہے،علاوہ ازیں ہمیں فن شاعری اور ضائع بدائع کے بارے میں مشرقی علوم اور مغربی زاویہ نگاہ کو بھی برتنے کی ضرورت ہے ۔ضائع بدائع کا خلاقانہ استعمال نعت میں کہاں کہاں کیا گیا ہے۔اس کی نشاندہی کا فرض ابھی ہمارے ناقدین کا قرض ہے ۔محض یہ کہہ دینے سے کہ کیا خوب تشبیہ ہے بات نہیں بنتی ۔مَیں نے چند اشارے کیے ہیں ان کو بڑھانا ،ان کو نقدِ نعت میں ڈھالنا نعت کے ناقد کا کام ہے ۔آج جو لوگ نعت پر اپنے نقد و نظر کا مزاج پیش کررہے ہیں اب ان کو اس منزل سے آگے بڑھنا چاہئے کہ نعت کی صنفی حیثیت کیا ہے ۔نعت ہر صنف سخن ہی پر نہیں بلکہ زندگی کے ہر گوشے پر محیط ہے ۔نعت نے عربی و فارسی کی اصناف کے ساتھ ساتھ مقامی زبانوں کی اصناف کے ذریعے بھی اپنا اظہار کیا ہے اور اسی کے ساتھ ساتھ مشرق و مغرب کی زبانوں کے اصناف سخن

کونعتوں سے ایک نیا رنگ روپ ملا ہے۔اس نقطہ نظر سے مختلف اصناف کی فہرست سازی کے بجائے یہ تلاش کرنا ہوگا کہ ان اصناف کی نعت میں کون سے نئے عوامل،موضوعات اور مسائل شامل ہوئے ہیں کیونکہ اکابرین ادب کے خیال میں ہیت اور خیال ایک دوسرے سے وابستہ ہیں جس طرح ہر انسانی روح اپنا جسم لے کر آتی ہے۔اسی طرح ہر خیال اپنا پیکر خود تراشتا ہے۔یوں ہمارے نعت گو شعرا کو بھی اوّلیت کے چکر میں پڑھنے کے بجائے مختلف اصناف کے معنوی پہلوؤں پر نظر رکھنا چاہئے۔ادبی تنقید میں شماریات سے کام لیا جا سکتا ہے لیکن کسی شاعر کی نعتوں کی تعداد سے زیادہ اہم بات یہ ہے کہ اسکی نعتیں کس سطح کی ہیں۔(۱۵)

اِسی طرح 'نعت رنگ'، کے ایک شمارے نے مبین مرزا کا اداریہ مہمان مدیر کے طور پر شائع کیا ہے۔'نعت رنگ'، کے پچیسویں شمارے میں مبین مرزا کا مقام اداریے کے طور پر شائع ہُوا ہے۔

نعت رنگ کے اس شمارے کی حسن ترتیب پر اگر نظر دوڑائیں تو یہ شمارہ دھنک کے عنوان ابتدایئے سمیت دس حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے اداریئے کے طور پر اس شمارے کا ابتدائیہ مہمان مدیر اور پاکستان کے ممتاز ماہر تعلیم ادیب دانشور مذہبی وسماجی شخصیت پروفیسر انوار احمد زئی کا تحریر کردہ ہے جو کہ نعت ریسرچ سینٹر کے پہلے صدر نشین بھی ہیں لیکن کاروان نعت رنگ میں بحیثیت ایک لکھاری کے بقول سید صبیح رحمانی اس شمارے سے شامل ہوئے۔اپنے انتہائی پر مغز ابتدائیہ میں پروفیسر انوار احمد زئی نے جامع اور پختہ انداز تحریر کی مدد سے کائنات کی ابتداء اور نعت کے سفر کو نہایت دلکش اور اچھوتے انداز سے پیش کیا ہے۔ فرماتے ہیں:

''نعت کا سفر کائنات کا سفر ہے۔وجہ وجود کائنات ہی تو جوہر کائنات بھی ہیں۔ سدرۃ المنتہیٰ کا مقام اور قاب قوسین کا کلام از کراں تا کراں حدیث تخلیق کائنات کی تخلیق، راز قدرت الٰہی کا سرنامہ اور کاروبار کائنات کی تنظیم کا آئینہ ہے مگر اس پر اسرار تہہ در تہہ تخلیقی رازوں سے آراستہ پرت در پرت کرشمہ کاری سے پیراستہ کائنات کی تفہیم حقیقی کا نصاب سرور کونین کی ذات ہے اور اس ذات والا صفات کے ہمہ رنگ نکات کے احسنان کا منبع انوار نقد نعت ہے''۔(۱۶)

اپنے خوبصورت اور وجدانی ابتدائیہ کلمات کے بعد پروفیسر انوار احمد زئی نعت کے حوالے سے نئی تحقیقات اور مباحث میں عرب معاشرت اور پھر اسلامی معاشرت میں اول یوم سے ہی نعت کو کھوج نکالتے ہیں اور فطرت رجحان ومیلان کے باعث

اسلام کے پہلے دن سے ہی اس صف نعت کی نشاندہی کرواتے ہیں خاتم المرسلین کی آمد سے پہلے کے دور میں محمد عربی کی ذات والا صفات وراشعار ڈھونڈ لاتے ہیں اور آپ کی آمد کے بعد دادا عبد المطلب 'والدہ حضرت بی بی آمنہ اور اعلان نبوت کے بعد تو چچا ابو طالب سے لے کر امہات المومنین ؓ اور آپ کی دختر خاتون جنت حضرت بی بی فاطمۃ الزہرہ سلام اللہ علیہا ء کا خصوصیت سے تذکرہ کرتے ہیں اور یہ ثابت کرتے ہیں کہ صنف نعت اپنی آفاقی صفات سیت محبوب سبحانی کے کسی معجزے سے کم نہیں ۔مہمان مدیر کی حیثیت سے پروفیسر انوار احمد زئی نعت رنگ کے کارپردازوں کو بہت سے مفید مشورے بھی دیتے ہیں خاص طور پر تعلیمی اداروں میں باقاعدہ نعت چیئر کے قیام کی تحریر نعت ٹرسٹ کے ذریعے نعت شناسی کے فروغ وترویج اور ملکی و بین الاقوامی سطح پر سیمینار کنونشن اور کشاپس اور کانفرنسوں کے انعقاد کی ترغیب قابل ذکر ہے ۔ساتھ ہی اپنے تیئں اطمینان بھی ظاہر کرتے ہیں ۔کہ جس تحریک کے میر کارواں سید صبیح الدین صبیح رحمانی ہوں وہاں خوب سے خوب تر کی تلاش یقینی ہی نظر آتی ہے۔ کہ یہ ان کے مزاج کا خاص ہے بقول حالی ۔

ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہاں
اب دیکھئے ٹھہرتی ہے جا کر نظر کہاں

❖---❖---❖---❖

حوالہ جات

۱۔نعت رنگ: شمارہ نمبر ۱، اپریل ۱۹۹۵ء، ص ۸

۲۔نعت رنگ: شمارہ نمبر ۱، اپریل ۱۹۹۵ء، ص ۱۶۵

۳۔نعت رنگ: شمارہ نمبر ۱، اپریل ۱۹۹۵ء، ص ۱۶۶

۴۔قرآن مجید، سورۃ یٰسین، آیت نمبر ۶۹

۵۔نعت رنگ، شمارہ نمبر ۱۹، دسمبر ۲۰۰۶ء، ص ۱۰

۶۔نعت رنگ: شمارہ نمبر ۲۲، ستمبر ۲۰۱۱ء، ص ۷

۷۔نعت رنگ: شمارہ نمبر ۵، فروری ۱۹۹۸ء، ص ۱۱

۸۔نعت رنگ: شمارہ نمبر ۶، ستمبر ۱۹۹۸ء، ص ۱۱

۹۔نعت رنگ: شمارہ نمبر ۱۸، دسمبر ۲۰۰۵ء، ص ۱۵

۱۰۔نعت رنگ: شمارہ نمبر ۱، اپریل ۱۹۹۵ء، ص ۸

۱۱۔نعت رنگ: شمارہ نمبر ۱۵، مئی ۲۰۰۳ء، ص ۹

۱۲۔نعت رنگ: شمارہ نمبر ۱۶، فروری ۲۰۰۴ء، ص ۱۲

۱۳۔نعت رنگ: شمارہ نمبر ۱۸، دسمبر ۲۰۰۵ء، ص ۱۳

۱۴۔نعت رنگ: شمارہ نمبر ۱۹، دسمبر ۲۰۰۶ء، ص ۱۵

۱۵۔نعت رنگ: شمارہ نمبر ۲۰، اگست ۲۰۰۸ء، ص ۷

۱۶۔نعت رنگ: شمارہ نمبر ۲۵، جولائی ۲۰۱۵ء، ص ۹

تیسرا باب

تنقیداتِ نعت سے متعلقہ مضامین ومقالات کا جائزہ

شمارہ وار تنقیدی مطالعات

’نعت رنگ‘ کے گزشتہ سالوں میں چھپنے والے ۲۷ شماروں میں یوں تو نعت کی مختلف جہتوں میں فروغ اور تشہیر کے اسباب سامنے آئے جیسے تازہ نعتیہ کلام، تنقید اور تحقیق کے حوالے سے سینکڑوں نئے مضامین، نئے اور پرانے نعت نگاروں کی کتابوں اور اُن کی شاعری پر مضامین، نعت کے فکروفن کے بارے میں تفصیل مذاکرے، انٹرویوز، مکالمے اور مطالعات وغیرہ ـــــ لیکن اِن میں ’نعت رنگ‘ کا تخصص اس کا تنقیدی اثاثہ ہے۔

بقول ڈاکٹر محمد سہیل شفق:

’’رسالہ ’نعت رنگ‘ کی انفرادیت یہی ہے کہ اس رسالے نے تنقیدِ نعت کو ایک واضح جہت عطا کی، اسے ایک ایسا پلیٹ فارم عطا کیا جس پر نعت کے حوالے سے بات کرنے، رائے دینے اور اس صنف پر اپنے خیالات کے اظہار کے مواقع فراہم ہوئے ـــــ بلاشبہ نعت رنگ سے پہلے بھی نعت کی صنف اور نعت نگاروں کے فن پر تبصرہ وآرا کی روائت موجود تھی مگر منتشر صورت میں کہیں کہیں، غیر مربوط شکل میں اگر فوری طور پر تنقیدِ نعت کی روائت پر کچھ دیکھنے کی ضرورت محسوس ہوتی تو قاری کو مختلف کتابوں کے دیباچوں اور ایسے رسالوں کی تلاش میں نکلنا پڑتا جن میں کسی نعت کو، کسی کتابِ نعت، کسی رسالے کے اس نعت نمبر کو دیکھنا پڑتا جس میں اسے نعت کی صنف کے حوالے سے کوئی تنقیدی یا تحقیقی مواد دستیاب ہو‘‘۔(۱)

’نعت رنگ‘ کے اشاعتی تسلسل نے صنف نعت پر تنقید کو ایک واضح صورت عطا کی اس صورت گری میں جن اکابرین نعت، اہل قلم، ناقدین اور جدید ریسرچ سکالر نے حصہ لیا ان کی تعداد سینکڑوں میں ہے ان میں ہر مکتبِ فکر کے اہل قلم موجود ہیں ہر میلان اور عہد کے لوگ شامل ہیں ’نعت رنگ‘ کا کمال یہ ہے کہ اس نے ادارتی مزاج کو بریلوی، دیوبندی، اہل حدیث، شعیہ ـــــ کسی مکتب فکر یا مذہبی گروہ سے وابستہ نہیں کیا۔

بقول ریاض مجید:

ے ہم اہلِ نعت، فروعات میں الجھتے نہیں
ہمیں تو ان کی محبت کو عام کرنا ہے(۲)

مذہبی مسالک کے علاوہ قدیم اور جدید ناقدین، یونیورسٹیوں اور مختلف مذہبی مدارس سے منسلک اہلِ قلم، پاکستان کے علاوہ بھارت اور دوسرے ممالک کے اہلِ قلم، اردو کے علاوہ دوسری زبانوں کے معروف دانشور سب سے رابطہ رکھا اور سب کو نعت رنگ کا پلیٹ فارم مہیا کیا اگرچہ نعت رنگ کے تنقیدی مزاج کا مرکزی حوالہ اردو زبان ہے مگر اس میں تمام زبانوں کی نعتیہ شاعری زیر بحث رہی۔

نعت رنگ نے نعت کی توسیع، تفہیم اور تنقید میں رجحان ساز کردار ادا کیا ہے۔نعت رنگ ایک ایسی محفل ہے جہاں مختلف الخیال احباب اپنے اپنے مکتب فکر و انداز نظر کے ساتھ شریک ہو کر نعت کے دیئے ۔فکری، علمی، ادبی اور فنی پہلوؤں پر غور کرتے ہیں ۔یہی وجہ ہے کہ نعت رنگ کے نتیجے میں تنقیدی جمود ٹوٹا اور نعتیہ ادب پر بے لاگ تبصروں اور تنقیدی مباحث کی ایسی فضا بنی جس نے اہل علم کو نعت کے ادبی پہلوؤں کی جانب نہ صرف متوجہ کیا بلکہ اس موضوع پر سنجیدگی سے غور کرنے اور لکھنے پر آمادہ کیا۔نعت رنگ نے تخلیق نعت کے ساتھ ساتھ تحقیق نعت، تنقیدِ نعت اور تدوینِ نعت کا شعور بھی پیدا کیا۔

عصرِ حاضر میں جب نعتیہ شاعری اپنے فن اور اسلوب کے اعتبار سے تخلیقی شاعری کا ایک معتبر حوالہ بن رہی ہے۔نعت رنگ نے فکر و تنقید اور تحقیق دونوں کو یکجا کر دیا ہے۔نعتیہ ادب پر پہلے بھی بہت کچھ لکھا اور کہا جاتا رہا ہے لیکن ادبی حیثیت سے اس کا جائزہ بہت کم نظر آتا ہے ۔اور اگر کچھ کام ہوا بھی ہے تو وہ یکجا نہیں ۔اس اعتبار سے نعت رنگ کے شمارے خاص اہمیت کے حامل ہیں ۔نعت رنگ نے قلیل عرصے میں اس قدر ٹھوس اور بنیادی مواد فراہم کیا ہے کہ اس کے مشمولات آئندہ نعت پر کام کرنے والوں کی حوالہ جاتی ضرورت بنیں گے۔

بقول ڈاکٹر شہزاد احمد:

''اُردو نعتیہ ادب اپنے دامن میں کئی جہات سمیٹے ہوئے ہے۔اس کی ایک قابل توجہ جہت ''نعتیہ صحافت'' کا فروغ ہے، جو روز و شب ارتقائی منازل طے کر رہی ہے۔نعت کے موضوع پر بالخصوص پاکستان میں بعض دیگر اہم رسائل و جرائد بھی شائع ہوتے رہے ہیں۔ہر کسی کی نعتیہ خدمات اپنے اپنے دائرے میں لائق تحسین اور قابلِ ستائش ہیں، جس سے انکار ممکن نہیں۔

نعت رنگ اُردو دُنیا کا وہ قابلِ ذکر اور واحد موضوعی رسالہ ہے جس نے کم عرصے میں بہت زیادہ نعتیہ ادب کو مثالی تحقیقی و تنقیدی مواد عطا کیا۔نعت رنگ کا معیارِ تحقیق اور مزاجِ تنقید سب سے منفرد ہے۔اس کے مشمولات اور معمولات میں بیداریٔ نعت کی تحریک شامل ہے۔نعت رنگ کا ایک نمایاں وصف ہے کہ یہ اپنے قاری کو نہ صرف

حصار میں لیتا ہے بلکہ اُس سے خراجِ تحسین بھی وصول کرتا ہے"۔(۳)

افقِ نعت پر نعت رنگ کا پہلا شمارہ اپریل ۱۹۹۵ء میں طلوع ہوا۔بیس سال کے طویل عرصے میں اس کے ستائیس شمارے پوری آب و تاب کے ساتھ منظرِ عام پر آچکے ہیں۔نعت رنگ کے خصوصی شماروں میں علیٰ الترتیب تنقید نمبر ۱۹۹۵ء، حمد نمبر ۱۹۹۹ء، امام احمد رضا نمبر ۲۰۰۵ء اور سلور جوبلی نمبر ۲۰۱۵ء کی حیثیت سے منظرِ عام پر آئے۔

نعت رنگ کے مدیر محترم سیّد صبیح الدین صبیح رحمانی خود بھی ایک خوش فکر و خوش ادا اور خوش نظر و خوش نوا نعت گو ہیں۔آپ کی ایک وجہِ شہرت "نعت خوانی" بھی ہے جو عوام الناس و خواص میں بے حد مقبول ہے۔آپ کی "نعتیہ شاعری" بھی پذیرائی و مقبولیت کے مقام پر فائز ہے۔آپ کی کہی بعض حمدیں و نعتیں مقبول زدِ خاص و عام ہیں۔مدیر کی ہر دو خصوصیات نے بھی نعت رنگ کے وقار میں اضافہ کیا۔

عصرِ حاضر میں نعت رنگ نے نعتیہ ادب کی بیش بہا اور گراں قدر خدمات انجام دی ہیں۔رسالہ نعت رنگ نے نعتیہ شاعری کی تحقیق و تنقید پر نہایت بلند پایہ مقالات پیش کیے اور اس کی ادبی فروغ کا آوازہ اس شدت سے بلند کیا کہ منکرینِ نعت بھی نعتیہ شاعری کی عظمت کے ساتھ اس کی ادبی اور تہذیبی قدر و قیمت کے قائل ہو گئے۔

اُردو کے اربابِ نقد و نظر نے نعت کو ایک مذہبی صنفِ سخن گردانتے ہوئے ادب کے دائرے سے ہمیشہ دور رکھنے کی شعوری یا غیر شعوری کوشش کی ہے۔آج بھی یہ رُجحان کہیں نہ کہیں، کسی نہ کسی صورت میں نظر آجاتا ہے۔بعض نقادانِ ادب، اس خیالِ باطل کے حامی ہیں کہ نعت کا ادب سے کوئی تعلق نہیں۔یہی نہیں بلکہ وہ یہ بھی کہتے ہوئے نظر آتے ہیں کہ نعتیہ شاعری کی تنقید و تحقیق اعلیٰ درجے کی تحقیق و تنقید نہیں۔

نعت رنگ نے ہمیشہ اس خیالِ باطل اور جانب دار تنقید کی مخالفت کی، بلکہ اپنی مسلسل اشاعتوں کے ذریعے نعتیہ شاعری کی تنقید و تحقیق کو اعلیٰ درجے کا تحقیقی و تنقیدی مقام دلوانے کے لیے ہمیشہ مثبت اور عملی کاوشیں انجام دیں۔یہی سبب ہے کہ آج وہ نقادانِ شعر و ادب جو نعتیہ شاعری کی قدر و قیمت سے بظاہر آگاہ نہیں تھے وہ بھی نعتیہ شاعری کی افادیت و اہمیت کا دم بھرتے دکھائی دیتے ہیں۔نعت رنگ اُردو دُنیا کا وہ واحد رسالہ ہے کہ جس میں عصرِ حاضر کے معتبر لکھنے والوں کی بڑی تعداد شامل ہے۔نعت رنگ میں مشاہیرانِ نعت کی تحریروں کے علاوہ اُردو ادب کے ثقہ، انتہائی معتبر اور قابلِ ذکر حضرات کی تحریریں بھی نمایاں ہیں۔ادب کی اس عظیم کہکشاں کو آپ صرف نعت رنگ کے صفحات میں جلوہ گر دیکھ سکتے ہیں۔

حروفِ تہجی کے اعتبار سے ان اہلِ قلم کے اہم تنقیدی مضامین پر ایک نظر ڈالتے ہیں۔نعت رنگ کی مختلف اشاعتوں میں چھپنے والے اہم تنقیدی مضامین درج ذیل ہیں:

آزاد فتح پوری، ڈاکٹر محمد اسماعیل:

''نعت کے حوالے سے تحقیقی اور تنقیدی کام کرنے والوں میں آزاد فتح پوری کا نام اور کام بھی نمایاں طور پر شامل ہے۔وہ بھارت کے رہنے والے ہیں۔انہوں نے بے شمار مضامین حمد اور نعت پر تحریر کرنے کے علاوہ نعت کو پی ایچ۔ڈی کی ڈگری کے مقالے کا موضوع منتخب کیا تھا''اردو شاعری میں نعت''ان کا مقالہ ۱۹۸۱ء میں مکمل ہوا، ۱۹۸۳ء میں انہیں ڈگری دی گئی اور ۱۹۹۲ میں مقالہ کتابی صورت میں شائع ہوا۔''(۴)

وہ''نعت رنگ'' کی محفل میں آئے ضرور لیکن قدرے دیر سے،ان کا پہلا مضمون''نعت کے موضوعات'' نعت رنگ نمبر ۱۱ میں چھپا اس مضمون کے ابتدائی چھ صفحات تمہیدی نوعیت کے ہیں جو معلومات تمہید میں پیش کی گئیں اس کا اعادہ اتنی بار ہو چکا ہے کہ کم واقفیت رکھنے والوں کو بھی ازبر ہو چکا ہوگا۔اس طرح کی تکرار لاحاصل ہے لیکن اس کو کیا کہا جائے کہ مضمون نگار تحریر کرتے وقت چاہتا ہے کہ اس کی گروہ میں جس قدر مال ہے اسے ایک بار ہی انڈیل دے۔اس مضمون ابتدائی حصے کے بقدر نصف صفحات لغت گردانی کے حاصل پر مبنی ہے عربی کے حوالوں کے بعد فارسی کو درگزر کرتے وقت ہندوستانی دیدوں پر آگئے ہیں۔اور پھر نعت کے موضوعات کو ایک ایک ذیلی سرخی کے تحت بیان کر دیا ہے۔ان کی قائم کی ہوئی ذیلی سرخیاں یہ ہیں۔ ''مولودنامے یا میلادنامے'' (ص ۱۰۷)،''معراج نامے'' (ص ۱۰۹)،''وفات نامہ''(ص ۱۱۰)،''حلیہ شریف''(ص ۱۱۰)،''سلام نگاری'' (ص ۱۱۴)،''اسرائیلیات'' (ص ۱۱۴)،''ضمیات''(۱۱۴)۔''(۵)

آزاد فتح پوری کا ایک مضمون (نعت رنگ) کے سلسلہ نمبر ۱۲ میں بعنوان''نعتیہ شاعری خارج از نصاب کیوں؟''ان کا موضوع نہایت وسیع ہے اور ایک لحاظ سے تکنیکی بھی ہے۔ہمیں علم نہیں کہ مضمون نگار نے تدریس کی باضابطہ تربیت حاصل کی ہے یا نہیں اگر ہو تربیت یافتہ ہوتے تو ان کا انداز موضوع کو ضروری شعبوں میں دیکھ کر نصابی ضرورت اور پھر اس میں نعت کی شمولیت کے بارے میں اظہار خیال کی آزادی ہوتی۔

اردو ادب میں محسن کاکوروی کا مقام

آزاد فتح پوری نے اپنے مضمون میں محسن کاکوروی کے اردو ادب (شاعری) میں مقام کا تعین کرنے کی کوشش کی ہے۔

ابتدائی کلمات میں وہ محسن کی خوبیوں کو ماحول اور اسلاف کی دین قرار دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

''فن کار کی شخصیت اور اس کی تخلیقات پر اس کے عہد، ماحول اور وراثہ کا زبردست اثر پڑتا ہے۔ ان ہی کے زیر سایہ اس کی جبلی اور اکتسابی صلاحیتیں نشو ونما پاتی ہیں۔ اور ان ہی کے زیر اثر اس کی فکر ونظر میں وسعت اور تکمیل میں نفعت اور بلندی پیدا ہوتی ہے شاعر کے جذبات اور احساسات ''عہدی'' محرکات سے ''برانگختہ'' ہوتے ہیں۔ خانوادہ محسن کا ایک ہر ایک بزرگ طریقت وشریعت کا برزخ عظمی رہا ہے۔'' (۶)

''سات سال کی کچی عمر میں حضرت یوسفؑ کے دیدار سے اور نو سال کی عمر میں سید المرسلین نبی مکی ومدنی صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرامؓ کی زیارت سے خواب میں مشرف ہو جانا اور مبارک شرف ہے جو بڑے بڑے زہاد وعباد کو ساری عمر کی عبادت وریاضت کے بعد بہ مشکل نصیب ہوا ہے''۔ (۷)

''انہوں نے محسن کی تصانیف کی فہرست (ص ۱۵۱) بھی دی ہے۔ اس میں ۵ تصانیف چھ مثنویوں، ۲۳ رباعیات کا ذکر ہے۔ مضمون نگار نے اپنی جانب سے محسن کے کلام کی خصوصیات ایک پیراگراف میں بیان کر دی ہیں۔'' (۸)۔

غالب کی نعتیہ شاعری

صبیح رحمانی نے نعت رنگ کی ۱۲ ویں کتاب میں ایک گوشہ غالب کے لئے مخصوص رکھا ہے اس حصے کے لکھنے والوں میں ڈاکٹر آزاد فتح پوری بھی ہیں۔ ان کا مضمون ''غالب کی نعتیہ شاعری'' (۹) ہے انہوں نے غالب کے اردو کلام میں نعتیہ ماحول اور رنگ تلاش کرنے کی کوشش نہیں کی، زیادہ تر توجہ فارسی نعتوں پر دی ہے غالب کی فارسی نعت گوئی کے بارے میں ان کی رائے ہے:

''غالب نے اپنی فارسی نعتوں کے ذریعے شاعری کو کافی رنگارنگی اور وسعت عطا کی۔ انہوں نے غزل، قصیدہ، مثنوی اور قطعہ کی ہیئیات میں قابل قدر اور بیش بہا سرمایہ نعت بطور اثاثہ، عشاقان ادب اور قارئین نعت کو مرحمت کیا۔ ان کی یہ نعتیں مضامین اور اسالیب کے نقطہ ہائے نظر سے بھی متنوع اور رنگارنگ ہیں۔ نعتوں میں ان کا انداز بیان ان کے فارسی اسلوب کی طرح سلیس اور سادہ ہے''۔ (۱۰)

نعت کا ادبی مقام

اس شمارے میں ایک مضمون ''نعت کا ادبی مقام'' (۱۱) بڑی اہمیت رکھتا ہے ۔اس مضمون کی ابتداء میں آزاد فتح پوری نے تعدد اہل علم کی ان وضاحتوں کو نقل کیا ہے جن میں نعت کی اصطلاح سے بحث کی گئی ہے ان سب کے بارے میں مضمون نگار کا کہنا ہے نعت کی مرقومہ تعریفوں کے تنقیدی جائزے سے یہ بات واضح ہو کر سامنے آتی ہے کہ

''نعت کے حصار تعریف میں پابند کرنے کی تمام کاوشیں ناقص اور ادھوری ہیں۔ جامعیت اور منعیت تعریف کے لازمی اجزا ہیں ۔یعنی جس شے کی تعریف کی جا رہی ہے اس کی تمام شقیں اس میں شامل ہوں ۔اور غیر شے کی کوئی شق اس میں شامل نہ ہو سکے ۔راقم کی محولہ بالا تعریف کے استثناء کے ساتھ ما قبل میں منقول سبھی تعریفیں مانع تو ہیں لیکن جامع نہیں ہیں ۔کیوں کہ ان کی تعریفوں کے رو سے نعت کا وہ تمام سرمایہ قلم رو نعت سے خارج ہو جائے گا جس میں نبی کریم صل اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات والا صفات سے متعلق قلبی جذبات وواردات کا بیان ہو'' (۱۲)

آفاق احمد صدیقی:

''آفاق احمد صدیقی اردو کے استاد رہے ہیں ۔انہوں نے زیادہ عرصہ سندھ کے دہی یا نیم شہری علاقے میں گزارا ہے ۔ پہلے وہاں کے کالجوں میں اور آخر میں کراچی کے کالجوں میں پڑھاتے رہے ۔اندرون سندھ میں قیام اور اپنی ذہنی افتاد کی بنا پر انہوں نے سندھی زبان پر دسترس حاصل کی ۔سندھی ادبیات کا براہ راست ترجمہ مطالعے کے مواقع انہیں حاصل رہے ۔سندھ کی قدیم رنگیں، جگمگاتی دل کے تاروں کو چھیڑتی تہذیب وہاں کے رسوم و رواج ان کے آنکھوں دیکھے اور دل میں بسائے ہوئے ہیں ۔اس لئے وہ سندھی شاعری، ادب اور روایات کو اردو دان طبقے سے روشناس کرانے کے حوالے سے جانے پہچانے جاتے ہیں ۔'' (۱۳)

شاہ لطیف کی نعتیہ شاعری:

''آفاق صدیقی نے ''شاہ جو رسالو'' کے حوالے سے شاہ عبداللطیف بھٹائی کی شاعری کی مجموعی خصوصیات کا اجمالی ذکر کرتے ہوئے ان میں موجودہ نعتیہ اشعار کی

وضاحت تفہیم کی کوشش کی ہے۔شاہ صاحب کے کلام میں سر کلیان سریمن کلیاں،سر سارنگ،سر بلال،وائی (کافی) بروو،سر ڈھر کی موجودگی کا ذکر یا ہے اور ہر سر کے تحت اشعار بھی نقل کیے ہیں۔ممکن ہے سندھی زبان کی شدبد رکھنے والوں کے لئے یہ آصطلاحیں تشریح وتوضیح کی محتاج نہ ہوں۔اس قسم کے مضامین لکھنے والوں کو یہ بات ذہن میں رکھنا چاہئے کہ وہ ناواقف لوگوں کے لئے لکھ رہے ہیں۔اپنی تحریر کی افادیت کو وسیع حلقے سے منوانے کے لئے تمام جزئیات کو (جن کی عام واقفیت کے بارے میں شبہ ہو) اس طرح بیان کرنا چاہئے کہ ابہام باقی نہ رہے۔''(۱۴)

شاہ بھٹائی کی شاعری کے نمایاں وصف کے بارے میں آفاق صدیقی کا کہنا ہے کہ:

''شاہ سائیں نے اپنے پیام وکلام میں جو اخلاقی وروحانی درس دیا ہے اس کا محور محسن انسانیت،سرور دو عالم،ہادی برحق،خاتم الانبیاء حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدحت ہی سے عبارت ہے۔چاہے اس کا اظہار براہ راست ثنا خوانی کے انداز میں ہو یا علاقائی واشاراتی رنگ وآہنگ میں''۔(۱۵)

سندھی مولود

سندھی میں نعت گوئی کے حوالے سے آفاق صدیقی کا دوسرا مضمون ''سندھی مولود'' ہے جو''نعت رنگ'' نمبر ۵ میں شائع ہوا۔

''سندھی ایک قدیم زبان ہے۔سندھ کی تہذیب بھی برصغیر جنوبی ایشیا کی عظیم تہذیبوں کے آثار لیے ہوئے ہے۔جہاں اس سرزمین،اس کی زبان اور تہذیب میں قدامت کے ساتھ دل نواز رنگا رنگی ہے۔وہیں یہ بھی تاریخی حقیقت ہے کہ جنوبی ایشیا میں سندھ اسلام کا اولین تہوارہ رہا ہے۔سندھ میں عربوں کی آمد سے پہلے بھی سندھی زبان لکھی اور پڑھی جاتی تھی اور سندھی شاعری کی روایت تو لوک کے حوالے سے خاصی قدیم ہے۔مثلاً بزرگ بن شہریار کی''تاریخ عجائب الہند''میں یہ عبارت ملتی کہ کہ منصورہ کے حاکم عبداللہ بن عمر ھباری کے زمانے میں سندی کے ایک غلام نے شمالی سندھ کے ہندو راجا کے کہنے پر قرآن مجید کا سندھی زبان میں ترجمہ کیا اور اسلامی تعلیمات کے بارے میں ایک بھرپور نظم بھی لکھی۔''(۱۶)

سندھی میں نعتیہ شاعری

''سطور بالا مین ہم نے جس ضرورت کا ذکر کیا اس کی جزوی تکمیل کی اطلاع آفاق صدیقی نے مضمون سندھی میں نعتیہ شاعری نعت رنگ نمبر ۱۰ (ص ۱۸۵ تا ۱۸۸) میں دی ہے ۔ یہ دراصل ڈاکٹر میمن عبدالمجید سندھی کی کتاب سندھی میں نعتیہ شاعری کا تعارف ہے ۔ڈاکٹر عبدالمجید سندھی کی یہ کتاب برسوں قبل سندھی ادبی اکیڈمی لاڑکانہ میں شائع کی تھی آفاق صدیقی نے اردو دان طبقے کے لئے اس کا تعارف لکھا ہے ان کے بیان کے مطابق کتاب ۳۰۰ صفحات سے زائد چار ابواب میں تقسیم ہے ۔''(۱۷)

مدحت سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور شیخ ایاز:

''سندھ کے مشہور شاعر اور دانش ور شیخ ایاز ہمہ جہت شخصیت کے مالک تھے اس لئے متنازع اور موضوع بحث بھی رہے ۔ یہ آفاق صدیقی کی عقیدت ہے کہ انہوں نے شیخ ایاز کا مختلف انداز میں تعارف کروانا ضروری سمجھا۔''(۱۸)

آفتاب احمد نقوی :

نعت رنگ نمبر ۲۱ ان کے نام نامی سے اس طرح منسوب ہوا کہ ان کے یاد تازہ رکھنے کے لئے ایک گوشہ ترتیب دیا گیا جس میں مرزا ادیب، حافظ لدھیانوی، حفیظ تائب، ڈاکٹر وحید قریشی، ڈاکٹر ابوالخیر کشفی، ڈاکٹر طاہر القادری، احمد ندیم قاسمی، تابش دہلوی، منیر نیازی، ڈاکٹر انتظار حسین، ڈاکٹر سلیم اختر، ڈاکٹر انور سدید، عبدالکریم خالد، امجد اسلام امجد، ڈاکٹر معین الرحمن، عطاء الحق قاسمی، ڈاکٹر ظہور احمد اظہر، ریاض حسین چودھری، رانا اصغر علی، اخلاق عاطف، ظفر اقبال، ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی، سحر انصاری، حنیف اسعدی، مظفر عباس، ڈاکٹر تحسین فراقی، شہباز ملک، جعفر بلوچ، سید مرتضیٰ زیدی، حسن رضوی، صائم چشتی، ریاض مجید، اسلم رانا، خالد شفیق، امان اللہ خان اجمل، سید آل احمد رضوی، رشید وارثی، عزیز احسن، شبیر احمد قادری، قمر رحمانی، غوث میاں اور صبیح رحمانی بیٹھے آنسو بہا رہے ہیں ۔

''ان کی کاوشوں میں نعت ہی نعت ہے اردو، پنجابی، فارسی، عربی، سیرت نگاری کی کتابیات (ببلیوگرافی) مجلّہ اوج کے نعت نمبر ۱، ۲ پی ایچ ڈی کے لئے لکھے گئے مقالے 'پنجابی نعت گوئی'۔''(۱۹)

تخلیق پاکستان اور ہماری نعتیہ شاعری

''آفتاب احمد نقوی ''نعت رنگ'' کے قافلے میں شامل تھے ان کے دو مضامین ''نعت رنگ'' نمبرا کی زینت بنے ہے ان میں ایک تخلیق پاکستان اور ہماری نعتیہ شاعری ہے اس میں انہوں نے گفتگو کا آغاز برصغیر میں تبلیغ اسلام کی ابتدائی کوششوں سے کیا ہے جس میں سب سے زیادہ فعال کردار صوفیائے کرام نے ادا کیا۔ان کے طریقہ تبلیغ میں دین کی تشریح یہی تھی کہ دین نام ہے اللہ سے محبت کا اور اس کے فرستادہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کا ان کے مطالعہ تاریک کا ماحصل یہ ہے کہ:

''مسلمان علماء صوفیا جن میں سے ایک غالب اکثریت شعراء کی تھی کے ہاں حمد و نعت کی یہ روایت کہیں اپنے نام کے ساتھ اور کہیں اپنے مفہوم کے ساتھ آگے بڑھی تا کہ مسلمانوں کی سیاسی بالا دستی جو سینکڑوں سالوں تک محیط ہے ۔پھر کمزور ہوئی اور ۱۸۵۷ء میں بالکل ختم ہوگئی۔ لیکن عشق رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وہ شمع اپنی لو دینے میں کبھی بھی پیچھے نہ رہی۔ البتہ یہ ضرور ہوا کہ سیاسی بالا دستی کے دنوں میں سرورکون و مکاں کا ذکر زیادہ تر شمائل و معجزات تک محدود رہا لیکن دورِ زوال میں یہ ذکر استمداد و استغاثہ کی صورت میں سامنے آیا''۔(۲۰)

چند مزید نعت نمبر

آفتاب احمد نقوی کا تعلق گورنمٹ کالج شاہدرہ، لاہور سے رہا ہے۔تدریسی ذمہ داروں کے ساتھ انہوں نے کالج کے مجلّہ اوج کی ذمہ داری بھی سنبھالی ہوئی تھی۔انہیں کی نگرانی اور ادارت میں اوج کا تاریخی نعت نمبر دو جلدوں میں شائع ہوا تھا۔ اس میں پاکستان میں نعت نمبروں کی روایت کے عنوان سے انہوں نے ایک تعارفی مضمون تحریر کیا تھا جس میں پاکستان میں شائع ہونے والے ۲۶ نعت نمبروں کا ذکر تھا۔زیرِ نظر مضمون اس کے تکمیل کی نوعیت کا ہے اس میں مئی ۱۹۷۲ سے ۳۰ مئی ۱۹۹۴ تک شائع ہونے والے خصوصی شماروں کا ذکر ہے۔

''ڈاکٹر نقوی نے ان خصوصی نعت نمبروں کا اجمالاً تذکرہ مرتب کیا ہے رسالہ ''محبوب'' لاہور (مئی ۱۹۷۲) شاعری، راولپنڈی (اپریل ۱۹۸۴) ''محراب و منبر'' کراچی (اکتوبر تا دسمبر ۱۹۸۹)''اوج'' لاہور (۹۳۔۱۹۹۲)''سیرت طیبہ'' کراچی (اگست تا اکتوبر ۱۹۹۳ء)''سیرت طیبہ'' کراچی (نومبر ۹۴۔۱۹۹۳)''القول السدید'' (مارچ تا مئی ۱۹۹۴)''بلال''، راولپنڈی (۳۰ مئی ۱۹۹۴ء)۔''(۲۱)

آفتاب کریمی

"میں سوچتی ہوں" (۲۲)

یہ سسٹر کا میلیابدر کی انگریزی نظم ہے۔ نظم طویل بھی ہے اور خیالات کا انبار بھی ہر انسان اپنی ایک زندگی گزار رہا ہے اس کی اپنی ترجیحات ہیں اس کے زمانے کے تقاضے ہیں اور ان کے مقابل اس کے اقدار ہیں نظریات ہیں جو توارث میں اس تک پہنچے ہیں جو اس کی ذات کا حصہ ہیں۔

نظم "میں سوچتی ہوں" "نعت رنگ" نمبر ۴ کی زینت ہے اس کے بارے میں بہتر تاثرات ڈاکٹر شگفتہ شیریں نے پیش کیے ہیں جو "نعت رنگ" نمبر ۵ میں یوں ہیں۔

> "جس نظر میں میری توجہ بالخصوص اپنی جانب مبذول کرائی وہ Sister Comilia Badar کی I Wonder ہے۔ ہماری تو ابتدا ہی اس تصور سے ہوتی ہے کہ خدا تعالیٰ کی ذات ہماری رگِ گلو سے بھی نزدیک تر ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر ہمارے نفس کے رواں رہنے کا باعث ہے پھر ایک ایسا تصور جس نے نہایت ہی سادہ الفاظ میں واضح کر دیا کہ ہماری زندگیاں ہمارا رہن سہن اخلاق کی ان تمام حدوں سے گزر چکا ہے"۔(۲۳)

آل احمد رضوی، سیّد:

نعت کا سفر

> "سید آل احمد رضوی ایک عالم بے بدل تھے قرآن مجید اور احادیث قدسی کے حوالے کے بغیر بات نہیں کرتے تھے انہوں نے نعت کے معنی مفہوم اور خصوصیات، عربی زبان اور شاعری سے اخذ کیے اور نعت کا سفر کے زیر عنوان نہایت عالمانہ انداز میں پیش کیے ہیں۔ خود خالق کائنات نے اپنے پیارے حبیب سرکار ابد قرار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نعت سورۃ الانبیا ۱۰۷، الاحزاب ۴۵، نسا ۷۹، ۸۰، ۱۷۵، الفتح ۲۹ آل عمران ۱۴۴، المائدہ ۶۷، النجم ۳۔۴، الحشر ۷، الحجرات ۱، النور ۶۳، الم نشرح ۱ تا ۴ میں کی ہے۔ مقالہ نگار نے ان نعتوں کا ذکر بھی کیا ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عہد میں پڑھی جاتی تھیں یا جن کو لڑکیاں گاتی تھیں اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سن کر خوش ہوتے اور حوصلہ افزائی کرتے تھے۔" (۲۴)

ابراہیم ندوی، سیّد:۔

دکن کے چند نعت گوشعرا

''سید ابراہیم ندوی کا دکن کے چند نعت گوشعراء کےعنوان سے ایک مضمون نعت رنگ نمبر ۵، (ص ۱۵۵ تا ۱۶۰) میں چھپا ہے مضمون نگار نے صحیح عنوان قائم نہیں کیا اور مرتب نعت رنگ نے بلاغور کیے اسے باقی رکھ کر اپنی ذمہ داری سے پہلو تہی کی ہے۔ مضمون کا موضوع دکن کے چند عربی نعت گوشعراء ہونا چاہئے تھا کیونکہ مضمون میں دکن کے دکنی یا اردو شعراء کا ذکر نہیں ہے صرف عربی نعت گوشعراء کا تعارف ہے۔''(۲۵)

ابوالحسن علی حسنی ندوی، مولانا سیّد:۔

حمد ونعت کی دینی وادبی قدر و قیمت

''مولانا ندوی دور حاضر کے جید عالم اور صاحب نظر ادیب ہیں ان کی فکر اسلامی اقدار کی پابند اور اس کی ترویج وتفہیم کے لئے وقف رہی۔ ان کی نکتہ دانی کا جواب نہیں انہوں نے کیا خوب کہا کہ نبوت محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بڑا کارنامہ یہ ہے کہ اس نے خدا سے تعلق کے خیال کو حقیقت، زندگی میں دو چار مرتبہ یا برسوں میں کبھی کبھی ہونے والے عمل کو صبح وشام کا مشغلہ اور روزمرہ کا معمول بنادیا (''نعت رنگ'' نمبر ۷، ص ۱۱) چنانچہ عبد ومعبود کے رشتے کے استحکام اور دوام کے لئے نبوت محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور تعلیمات محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دو ذرائع بتلائے ایک ذکر حمد خداوندی، دوسرے دعا ومناجات حمد کا فرض عبادت کا ادائی کے علاوہ ہر سانس میں ادا ہونا چاہئے۔''(۲۶)

ابوالخیر کشفی، ڈاکٹر سید محمد:۔

ہشام علی حافظ کی نعتیہ شاعری

''ہشام مورخ مدینہ علی حافظ کے صاحب زادے، عربی کے مشہور شاعر ہیں۔ نعت گوئی کی سعادت سے بہرہ اندوز ہیں۔ ان کا نعتیہ دیوان احبک، احبک، احبک یا حبیبی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ڈاکٹر سید محمد ابوالخیر کشفی کے زیر مطالعہ رہا ہے۔ وہ اس سے اس حد تک متاثر ہوئے کہ انہوں نے بے ساختہ ایک تاثراتی مضمون قلم بند کردیا۔''(۲۷)

محمد میرا بیٹا ہے

''ڈاکٹر ابوالخیر کشفی نے ''نعت رنگ'' نمبر۲، میں ہشام علی حافظ کے عربی نعتیہ دیوان پر اپنے تاثرات کو ایک مضمون کی صورت میں قارئین کی خدمت میں پیش کیا تھا ''نعت رنگ'' نمبر۳ میں اسی شاعر کی ایک نظم کا اردو ترجمہ پیش کیا ہے نظم کا عنوان عربی میں ہے ''لی ابن منلک اسمہ محمد'' ہے بیان کے مطابق ترجمہ بڑی حد تک لفظی ہے ہاں بھائیوں بہن کے بچوں جن کے نام محمد ہیں کی تفصیلات قدرے بدل گئی ہیں۔ نظم میں اسم محمد پر فخر سے خاندان کے ہر بچے کا نام اسی مبارک نام پر رکھ کر جو شادمانی حاصل ہو سکتی ہے اس کا عکس ساری نظم میں ہے یوں تو اصل لطف عربی نظم پڑھ کر اٹھایا جا سکتا ہے لیکن چوں کہ ڈاکٹر کشفی بھی اس نام کے دیوانے ہیں اس لئے انہوں نے نظم میں تاثیر بھرنے کی پوری کوشش کی ہے۔'' (۲۸)

اردو میں نعت کا مستقبل

''ایک زمانہ تھا جب ریڈیو بے حد مقبول تھا اس کی آواز شہروں کے پڑھے لکھے لوگوں کے حصار سے نکل کر دیہات کے کم پڑھے لکھے یا بے پڑھے لوگوں تک پہنچی اور نہایت دلچسپی اور توجہ سے سنی جاتی تھی۔ ذرائع ابلاغ کی ترقی خصوصاً ٹیلی وژن کی گھروں میں صاحب خانہ کی طرح حکمرانی اور پذیرائی نے ریڈیو کو پس ماندہ طبقوں تک محدود اور خود اس میڈیا کو پس ماندہ کر دیا ہے۔ ریڈیو پر عوام کی توجہ حاصل کرنے کے لئے نت نئے تجربات کیے جاتے تھے ان میں کسی موضوع کو فیچر کے انداز میں پیش کرنا بھی تھا ایک موضوع کو حصوں میں تقسیم کر کے کئی آوازوں کے ذریعے ادا کروایا جاتا اور تھوڑا سا ڈرامائی کیف پیدا کرنے کے لئے کہیں کہیں مکالمہ در انداز ہو جاتا تھا یہ انداز ریڈیو تک ہی بھلا لگتا ٹیلی وژن میں ناقابل برداشت اور تحریر میں کم اثر انگیز ثابت ہوتا ہے ڈاکٹر ابوالخیر کشفی نے اردو میں نعت کے مستقبل کو فیچر کا موضوع بنایا ہے۔'' (۲۹)

نعت اور گنجینۂ معنی کا طلسم

''ڈاکٹر ابوالخیر کشفی نے اس اہم اور طویل مضمون کی ابتداء میں ایک صراحتی نوٹ شامل کیا ہے اس سے ان کے قصد مطالب کی نوعیت اور مضمون کی اہمیت واضح ہوتی ہے۔

وہ اس تحریر میں کئی ادبی مسائل چھیڑنا چاہتے ہیں جو نعت رنگ کے قارئین کے لئے اجنبی تو نہ ہوں گے لیکن رویے میں مختلف ہوں گے ادبی اور لسانی مسائل وہ جن پر محفلوں میں اختلافی گفتگو ہوتی ہے بعض صاحبان تحریروں میں بھی ان کی طرف اشارہ کرتے ہیں مگر تفصیل سے گریزاں ہوتے ہیں شاید ان کے خیال میں نعت پر کچھ لکھنے سے ان کی تنقیدی حیثیت مجروح ہوگی میں نے نعت کے موضوعات کو اپنا موضوع نہیں بنایا مگر اسلوب اور موضوع کے درمیان لکیر نہیں کھینچی جاسکتی ۔اسی لیے موضوعات کا ذکر بھی آئے گا ظاہر ہے کہ ایک صنف سخن پر گفتگو کرتے ہوئے اس کے موضوعات سے یکسر اجتناب نہیں برتا جاسکتا ۔اس مطالعے کے پہلے اور دوسرے حصے کے بعض مباحث کا شاید نعت میں الفاظ کے استعمال سے راست تعلق ہو لیکن معنیہ، لغویہ اور فہمیہ کے بارے میں بھی چند باتیں مختصراً پیش کی گئی ہیں ۔''(۳۰)

نعت کے عناصر

''یہ مضمون ابقہ مضمون کے تسلسل میں ہے اس میں شاعری کے لوازمات کی بات عبدالرحمن بجنوری کے حوالے سے کی گئی ہے جو عناصر عام شاعری کے لوازمے ہیں وہی نعت کے بھی ہیں اس سلسلے میں بجنوری کے چند اہم نکات کا حوالہ دیا گیا ہے اور ان کی توضیح بھی کی گئی جیسے شاعری موسیقی اور موسیقی شاعری ہے ۔شاعر اشیاء کے خارجی پہلو سے گزر کر داخلی کیفیت تک پہنچتا ہے جب ہم اس کائنات کے مظاہر اور مناظر سے گزر کر ان کی حقیقت تک پہنچتے ہیں تو وہاں حقیقت محمودی جلوہ گر ہوتی ہے ۔تصور کو زبان سے ادا کرنے کا نام ہی لفظ ہے ۔''(۳۱)

نعت کے موضوعات

''ڈاکٹر ابوالخیر کشفی نے یہ مضمون محبت میں لکھا ہے جس رات یہ لکھا گیا اس کی صبح وہ مقدس سرزمین کی جانب راہ سفر اختیار کرنے والے تھے ۔اس لئے مضمون مختصر بھی ہے اور موضوع پر اتنی گرفت بھی نہیں جتنی عام طور پر ان کے تحریروں میں ہوتی ہے ۔ موضوع غور وفکر کا متقاضی ہے ۔''(۳۲)

غزل میں نعت کی جلوہ گری

''ڈاکٹر ابوالخیر کشفی اس دور میں بھی جب کہ مختلف مانوس اور نا مانوس ہیئتوں میں شعر گوئی کو ترقی کی علامت سمجھا جاتا ہے غزل کے گیسوئے تابدار کے اسیر اور آہوئے وحشی کے والہ وشیدا ہیں جس کی مذمت میں بڑے بڑے انقلابیوں نے لفظوں کے بیلچے اور خام خیالی کے ہتھوڑے ایک دو دن نہیں نصف صدی سے زائد عرصہ تک اٹھائے رکھے۔وہ تو نہ رہے لیکن غزل اپنی پوری توانائیوں اور تابناکیوں کے ساتھ زندہ بھی ہے اور سلامت بھی ہے۔غزل ایک صنف سخن ہی نہیں ہے وہ ہمارا ثقافتی ورثہ بھی ہے۔زیر نظر مضمون میں کشفی صاحب نے غزل کی حمایت اپنی پوری قوت اظہار سے کی ہے اس کے معلوم اور کم معلوم اوصاف سے آگہی بخشی ہے۔''(۳۳)

امین راحت چغتائی کی نعت گوئی

''ڈاکٹر ابوالخیر کشفی نے امین راحت چغتائی کی شخصیت کے تعارف کے ساتھ مضمون کا آغاز کیا ہے۔کشفی صاحب انہیں ''خاصان محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم'' کے بلند درجہ پر فائز کرتے ہوئے انہیں ذات اقدس سرور کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کا امین قرار دیا ہے۔''(۳۴)

نعت گوئی اور سیرت و نعت کی محافل کا مطالعہ

''کشفی صاحب جامعہ کراچی میں برس ہا برس سے تدریس کا فرض انجام دے رہے تھیں وہ صدر شعبہ اردو بھی رہے ہیں وہ اعلیٰ تعلیم کے نصاب سے خوب واقف ہیں اس کے بارے میں ان کے خیالات تصویر کے خدوخال کو پوری طرح پیش نہیں کرتے یہاں ہر مضمون کے نصاب پر بے مقصدیت کا غلبہ ہے ابتدائی درجوں سے لے کر اعلیٰ ترین درجوں تک اردو پڑھائی جاتی ہے لیکن یہ تعین کیے بغیر کہ کس درجے تک زبان کی تعلیم ہونا چاہئے اور کن درجوں میں ادب کی۔نصاب کا مقرر کرنا اور نصاب کی کتابوں کا مرتب کرنا کسی معیار کے مطابق نہیں۔کشفی صاحب نے ادب کو معاشرے کا حصہ قرار دیا ہے۔''(۳۵)

نعت کے جگنوؤں کے تعاقب میں........ماضی کا سفر

''ڈاکٹر ابوالخیر کشفی کا مضمون کیا ہے ''کھل جا سم سم'' کے وہ جادوئی الفاظ ہیں کہ عہد ماضی جنت نشان بن کر نگاہوں کے سامنے آگیا ہے۔لوگوں کے لئے عہد ماضی عذاب ہوتو ہو اس عذاب بداماں ماضی میں بھی تہذیب تمدن، اخلاق، وضع داری، احترام۔۔۔دل دہی دل بستگی کے اتنے ساماں تھے کہ آج کی ہزار رنگ روشنیاں ان اندھیروں میں جگمگاتے جگنوؤں پر نثار کیے جاتے ہیں جس ماحول کو تمام تر تہذیبی قدروں، آداب واحترام کے طریقوں کے ساتھ کشفی صاحب نے پیش کیا ہے۔''(۳۶)

ابوسعادت جلیلی:۔

سعداللہ مسیح جہانگیری کی فارسی نعتیں

''ابوسعادت جلیلی تحقیق کے آدمی ہیں اور وہ ان موضوعات پر قابو پانے کی کوشش کرتے ہیں جہاں تک رسائی کے تصور سے اہل تحقیق پریشان ہوجاتے ہیں۔ان کے کارناموں میں مبارزالدولہ اور کوجی للولال جی کے بارے میں تحقیقی کتب ہیں۔سعداللہ مسیح کو بھی اسی زمرے میں شامل کیا جاسکتا ہے اس کے سوانحی حالات اور فارسی تخلیقات نظم پر بھی ان کی کتاب شائع ہوچکی ہے۔''(۳۷)

ابوسفیان اصلاحی، ڈاکٹر:۔

ابوالعتاہیہ، ابونواس اور اسماعیل صبری کی حمدیہ شاعری

''موجودہ زمانے میں عربی زبان برصغیر جنوبی ایشیا کے مسلمانوں ے لئے بھی بڑی حد تک اجنبی ہوکر رہ گئی ہے۔علوم شرقیہ کے ماہرین کی تعداد بھی محدود ہے۔اس شعبے سے جو بھی تعلق رکھتے ہیں قابل احترام ہیں۔ڈاکٹر ابوسفیان اصلاحی بھی ان چند ماہرین علوم شرقیہ میں ہیں جن کے تبحر علمی کا زمانہ قائل ہے زیر نظر مضمون میں ان کے انکشافات یقیناً حیران کن ہیں کہ نعت سے قبل حمد کا درجہ آتا ہے لیکن نہ جانے کیوں عربی شعراء نے اس موضوع پر سرے سے توجہ ہی نہ دی۔عربی شاعری کی ابتداء سے موجودہ عہد تک چلے آیئے۔ماسوا ابوالعتاہیہ اور جدید عہد میں اسماعیل صبری کے کوئی

شاعر نہیں ملتا جس نے حمد پر براہ راست اشعار اور قصائد کہے ہوں ۔ اسماعیل صبری پوری عربی شاعری میں تنہا ایسا شاعر ہے جس نے اپنے دیوان کا آغاز حمد باری تعالیٰ سے کیا ہے ۔'' (۳۸)

شعراء الرسول ۔۔۔ ایک تعارف

''برصغیر جنوبی ایشیاء کے مشہور دینی درس گاہ ندوۃ العلما میں تدریسی خدمات انجام دینے والے عربی کے مشہور (مجلّہ البعث الاسلامی) کی ادارت کے فرائض انجام دیے نیز دنیائے اسلام کے مشہور عالم دین مولانا ابوالحسن علی ندوی کے زیر سایہ اپنی حیات بسر کرنے والے جنہیں دنیا سعید الاعظمی ندوی کے نام سے جانتی ہے انہوں نے شعراء الرسول کے عنوان سے ۵۵۴ صفحات پر مشتمل ایک کتاب مرتب کی زیر نظر مضمون اس کا تعارف ہے اس کتاب میں دربار رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چار نمائندہ شاعروں حضرت کعب بن مالک انصاری، حضرت حسان بن ثابتؓ، حضرت عبداللہ بن رواحہ انصاریؓ اور حضرت کعب بن زہیرؓ بن ابی سلمیٰ کا ذکر کیا ہے ۔'' (۳۹)

شوقی اور ان کا نعتیہ قصیدہ ''الہمزۃ النبویۃ''

''احمد شوقی مصر کے رہنے والے ہیں اور جدید عربی شاعری کی نمائندہ شخصیت شمار ہوتے ہیں ۔ ابتدا ہی سے ان کا تعلق تدریس سے رہا ۔ ۱۸۸۷ء میں اعلیٰ تعلیم کے لئے فرانس گئے ۔ اسی زمانے میں انہوں نے یورپ کی تہذیب اور ثقافت کا مطالعہ کیا ۱۸۹۱ء میں واپس آئے لیکن جلد جلاوطن ہو کر اسپین میں زندگی گزاری ۔

شوقی نے اپنی پوری زندگی عربی شاعری کے کاکل و گیسو سنوارنے میں گزار دی ۔ انہیں عربی شاعری کا علامہ اقبال کہا جاتا ہے ۔ بہت سے مقالے لکھے گئے ہیں جن میں دونوں شعراء کے افکار و نظریات کا موازنہ کیا گیا ۔ شوقی کی شاعری میں ملی احساسات سیاسی مشاہدات معاشرتی حالات ، بلاد شرقیہ کے کوائف اور عالم اسلام کے حوادث و واقعات کے تذکرے بڑے اچھے انداز میں ملتے ہیں ۔ شوقی اپنی شاعری کے آئینے میں آفاقی نظر آتے ہیں ۱۸۹۱ء سے ۱۹۱۵ء تک کی شاعری میں شوقی چھوٹے شاعر نظر آتے ہیں جلاوطنی کے دور کی شاعری میں ابھرتے ہوئے نظر آتے ہیں انہیں اپنے غم کے

ساتھ دنیائے انسانیت کا سوکھا ہوا چہرہ بھی نظر آتا ہے جلاوطنی کے ختم ہونے کے بعد جو انہوں نے شاعری شروع کی ہے اس کے مطالعے سے نکھر کر یہ چیز سامنے آئی کہ انہیں اپنی قوم سے بڑا گہرا رشتہ تھا اور وہ وطن کے مسائل سے متفکر نظر آتے تھے۔ ابوسفیان اصلاحی نے احمد شوقی کے تعارف اور ان کی شاعری کی خصوصیات کے بعد ان کے ایک نعتیہ قصیدے کو موضوع بنایا ہے اس کے پس منظر اور مشمولات سے متعارف کروانے کے بعد اس کے تقریباً سوا سو اشعار مع ترجمہ و تشریحات شامل مضمون کی ہیں جس سے شوقی کی شاعرانہ صلاحیتوں اور افتادِ فکر سے آگاہی ہوتی ہے۔" (۴۰)

ہندوستان میں عربی نعت گوئی، تحلیل و تجزیے کا ایک جائزہ

"یہ بھی ایک مقالہ کے تعارف پر مبنی مضمون ہے ڈاکٹر ابوسفیان اصلاحی کے بیان کے مطابق ڈاکٹر عبدالباری کی تحریک پر مسلم یونیورسٹی علی گڑھ نے ہندوستان میں عربی نعت گوئی کے موضوع پر مقالہ لکھنے کی اجازت محمد صدر الحسن ندوی کو دی۔ انہوں نے نہایت محنت سے یہ مقالہ لکھا اور ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی۔ یہ غیر مطبوعہ مقالہ ایک ہزار اکتالیس صفحات پر مشتمل ہے اور بہ زبانِ عربی ہے۔" (۴۱)

ابوسلمان شاہجہانپوری، ڈاکٹر:۔

شورش کاشمیری اور نعت گوئی

"اس مضمون کی ابتدائی جملوں سے اندازہ ہوتا ہے کہ ابوسلمان شہجہانپوری شورش کاشمیری سے غیر معمولی محبت اور عقیدت رکھتے ہیں۔ ان کلمات کے بعد ذہن اس بات کو قبول کرنے پر تیار ہو جاتا ہے کہ مضمون میں مدح ہی مدح ہوگی۔ چاہے وہ مدلل ہی کیوں نہ ہو۔ مضمون نگاری کی ذہنی نسبت کا پتہ اس سے بھی چلتا ہے کہ وہ شورش کے بارے میں خیالات کا اظہار کرنے سے پہلے زمیندار کے ادبی اسکول اور ظفر علی خان کی تربیت گاہ ذوق سے قارئین کو متعارف ہی نہیں مرعوب بھی کرنا چاہتے ہیں انہوں نے شورش کو اسی مدرسہ شعر کا فیضان یافتہ اور تربیت یافتہ قرار دیاہ ے جس کے بانی ظفر علی خان تھے۔" (۴۲)

ڈاکٹرابوسلمان نے مضمون کو یکسوئی کے ساتھ ذیلی سرخیوں کے تحت تقسیم کر کے لکھا ہے ابتدائی حصہ تمہیدی ہے جو کافی طویل ہوگیا ہے ان میں بعض حصوں کا تعلق نعت گوئی سے تو ہے شورش سے کم ہے مثلاً زمیندار کا ادبی اسکول ظفر علی خاں کی تربیت گاہ ذوق غزل کی خصوصیات اور نعت عشق رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور اس کا تقاضا نعت میں اسراف وتدبیر نعت کی زبان، نعت کا محبوب، محبت کی کسوٹی، بلاشبہ ان میں مباحث لائق غور ہیں اور دو ایک امور سے اختلاف بھی کیا جا سکتا ہے انہوں نے جس طرح تمہید کو ذیلی سرخیوں میں تقسیم کیا ہے اس طرح شورش کی نعت گوئی کی خصوصیات کو واضح کرنے کے لئے بھی ذیلی سرخیاں قائم کر کے قاری کے لئے آسانی فراہم کر دی۔ جیسے شورش کا نعت رنگ ربیع الاول کے جشن مدینے سے عشق شب جائے کہ من بودم، شبلی سے ایک خاص نسبت، آتش شوق فخر وافتخار نعت گوئی کے مقتضیات، رسول خدا کے دشمنوں کا دشمن، ۷ ستمبر کا عظیم الشان واقعہ، شورش کی نعت اور زبان، شورش کی نعت گوئی اور سیاسی تحریکات وغیرہ۔ ان عنوانات کے تحت فاضل مقالہ نگار نے نہ صرف عقیدت مندانہ توصیفی تبصرہ کیا ہے بلکہ لاتعداد اشعار کے حوالے سے اپنی باتوں اور استدلال کو منوانے کی کوشش کی ہے بہر حال ایک مجموعی تاثر شورش کی نعت گوئی کے بارے میں قاری کے ذہن میں مرتب ہوتا ہے۔ اس تاثر میں ان کے کلام کا بڑا ہاتھ ہے جب کہ تبصرہ ثابت کہیں صحیح ثابت ہوا ہے اور کہیں نہیں۔ شورش حب رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں ڈوبے ہوئے تھے ان کا کلام اس کا شاہد ہے لیکن ان کے کلام میں جذبات کی فراوانی کے باوجود اثر پذیری کم ہے ان کا لہجہ بلندی آہنگ اور خطیبانہ ہوتا ہے جو اردو شاعری کے مجموعی مزاج سے مطابقت نہیں رکھتا ہے ڈاکٹر ابوسلمان نے اشعار کے حوالوں کے ساتھ ساتھ نثر کے اقتباسات بھی دیے ہیں ان نثر پاروں میں جذباتیت کچھ زیادہ ہی ہے اور آہنگ خطیبانہ ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ دانستہ ابوالکلام کی لہجے پر لکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ طرز آزاد شے دیگر ہے اس میں خطابت ہے تو معلومات کے ڈھیر بھی ہیں اور فلسفہ و فکر کی آمیزش بھی ہے۔ یہ شعبے شورش سے پہنچ سے باہر کے ہیں۔

شفقت رضوی کی دو نئی کتابیں

''اس مضمون میں احمد صغیر صدیقی نے شفقت کی دو کتابوں اردو میں حمد گوئی چند گوشے اور اردو میں نعت گوئی چند گوشے پر اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے کتاب کے عنوانات کا ذکر کرنے کے بعد انہوں نے لکھا ہے مندرجہ بالا عنوانات کو دیکھ کر یقیناً آپ کو بھی میری طرح مایوسی ہوگی کتاب کے نام سے خیال پیدا ہوتا ہے کہ اس مین اردو حمد کے آغاز اس کے ارتقا اس کی صورتیں اس کے موضوعات اقسام اس پر مختلف زبانوں کے اثرات میلانات، رجحانات، قدیم وجدید اسالیب کے نشانات محرکات، ماخذات اس کی فنی اور فکری جرائد حمدیہ شروع کو فروغ دینے والے اہم شعراء ان کے خلاف کے

تجزیے اوراس کے حدود وغیرہ سے سیر حاصل بحث کی گئی ۔(۴۳)

احمد ہمدانی:۔

جدید اردو نعت اور علامت نگاری

''اردو نعت کے مختلف ادوار میں طرز بدلتا رہا ہے اس کی وضاحت میں احمد ہمدانی نے لکھا ہے کہ ایک زمانہ تھا جب نعت گوئی میں کنبہ رسالت کو اجاگر کرنے پر زیادہ زور دیا جاتا تھا۔ محسن کاکوروی دبستان کے معتبر نمائندہ ہیں۔عشق رسالت کے گہرے جذبات کے ساتھ ساتھ بالخصوص مولانا حالی ے مسدس کے بعد سے امت مسلمہ کو تعلیمات اسلامی پر عمل پیدا ہونے کی دعوت کا سلسلہ موثر انداز سے شروع ہوا جسے افادی یا مقصدی ادب کہہ سکتے ہیں۔ یہ موضوعات ایک دوسرے سے الگ کر کے نہیں برتے گئے بلکہ ہر زمانہ میں یہ سب موضوع ایک ساتھ بھی برتے جاتے رہے۔تاہم مخصوص حالات میں کسی ایک موضوع پر زیادہ زوراس زمانہ کے حالات کے مطابق دیا جاتا رہا۔اب جدید نعت میں علامت نگاری کے تجربے ہورہے ہیں۔جن میں بعض بہت کامیاب ہیں۔اس سلسلہ میں مضمون نگار نے نذیر قیصر، رشید قیصرانی حفیظ تائب اورسرشار صدیقی کو علامت نگار نعتیہ شاعر قرار دیتے ہوئے ہر ایک کے اشعار ان کے علامتوں کی وضاحت کے ساتھ پیش کیے ہیں۔''(۴۴)

ادیب رائے پوری

نعتیہ ادب میں تنقیدی شعور کا جمود

''ادیب رائے پوری نے نعتیہ شاعری کے حوالہ سے ایک اہم بحث کا آغاز کیا ہے ایک نعت ہی پر منحصر نہیں سارے مذہبی اور نیم مذہبی لٹریچر کا یہی حال ہے۔اس کی ایک وجہ یہ ہے کہ اس قسم کے ادب کو تقدس کا لبادہ پہنا کر احترام کی ایسی چیز بنائے رکھا گیا جو چومنے آنکھوں سے لگانے اور طاق میں سجانے کے قابل تھی۔دوسرے مغرب زدہ نقادوں نے مغربی فکر کی خوشہ چینی میں ان کی لے سے لے ملاتے ہوئے اسے موضوعاتی شاعری قرار دیا جو لائق تنقید نہیں مذہبی لٹریچر کے حوالے سے کیا عام نوعیت

کہ ادیب اور شاعری کے بارے میں بھی ہماری سوچ صرف کے درجے سے آگے نہیں بڑھی ہے۔ سابقین میں اتنا تو شعور تھا کہ وہ اپنی پسند مطابق شعر کو اچھا یا برا کہہ دیتے تھے معاصرین کا یہ حال ہے کہ مغرب کی عینک لگا کر پڑھتے ہیں اور غیروں کی زبان میں شرح آرزو کرتے ہیں اس لئے نہ تو انفرادی فکر کو فروغ ملا نہ تنقید کے اصول اور اس کا معیار متعین ہوا ادیب رائے پوری نے اسی جانب توجہ دلائی ہے۔" (۴۵)

غالب کے فارسی کلام میں نعت

"اس مضمون میں معلوم ہوتا ہے کہ ادیب رائے پوری بھی کشتہ انداز کلام غالب ہیں انہوں نے مضمون کی ابتداء میں تنقید اور مشکلات تنقید کے حوالہ سے بھی کارآمد باتیں کہی ہیں۔ طویل ابتدائی کلمات کے بعد جب وہ غالب کی بات کرتے ہیں تو ان کی کہی ہوئی فارسی حمد اور نعتیں ان کے لئے مشعل راہ بن جاتی ہیں غالب کی حمد کیا ہے وہ اپنے خالق کی بارگاہ میں بصد عجز و انکسار اعتراف گناہ اور خطاپوشی درگزری کے لئے نغمہ سرا ہوتا ہے۔ تو الفاظ میں وہی سحر انگیزی کے ساتھ شوخی میں جو کچھ کہتا ہے اس ڈھنگ سے کہنے والا ہمارے ادب میں کوئی دوسرا نظر نہیں آتا۔" (۴۶)

اسحاق قریشی، ڈاکٹر محمد

نعت سرور کائنات۔۔۔ایک منفرد صنف سخن

"ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی نے نعت گوئی کے محرکات فنی خصوصیات ولوازمات اور احتیاط کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے ان کے خیال میں نعتیہ شاعری کو مداحیہ شاعری بھی کہا جا سکتا ہے اور مدحیہ شاعری تین عناصر سے تشکیل پاتی ہے۔ وہ زبان، ادب اور شعری روایات اور سیرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے استفادہ کی صلاحیت کے ساتھ جذبات محبت وعقیدت کے اظہار کا سلیقہ (ص ۱۴) ان عناصر کی تشریح میں مضمون نگار نے پورے زور قلم کا سہارا لیا ہے وہ نعت گوئی کو تلوار کی دھار پر چلنے کے مماثل قرار دیتے ہوئے احتیاطی رویوں کا احساس دلاتے ہیں۔" (۴۷)

مدح نگاری کی روایت اور مدح رسالت

''ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی نے عام انسانوں کی مدح اور مدح رسول اکرم کے درمیان جو حقیقی فرق ہے اس کی وضاحت کے لئے یہ مضمون تحریر کیا ہے اس سے دعا کی علمیت، قابلیت اور قدرت استدلال آشکار ہیں وہ سنبھل سنبھل کر ہر نکتہ پر اس طرح بحث کرتے اور دلیل لاتے ہیں کہ قاری کو ہم نوا بناتے جاتے ہیں۔'' (۴۸)

شعر کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رائے

''مضمون کی ابتداء میں ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی نے شعراء کی تعریف کے بارے میں اقوال پیش کر کے نتیجہ نکالا ہے کہ شعر یوں تو وزن وقافیہ کے ضابطوں سے ترتیب دیا ہوا ایک قطعہ کلام ہے مگر دراصل یہ شاعر کے اندرونی جذبے اور داخلی شعور کی ایسی سچی آواز ہے کہ ہر سامع اسے اپنے دل کی پکار اور روح کی تڑپ خیال کرتا ہے وہ نہ صرف جذبوں کا عکاس ہے بلکہ سب جوانب کا جامع ہے اور تمام مقومات کا ایسا مجموعہ ہے جس میں یہ سب ایک دوسرے میں پیوست ہو کر ایک وحدت اور ایک اکائی بن گئے ہیں۔'' (۴۹)

نعت اور نقد نعت، چند گزارشات

''ڈاکٹر محمد اسحٰق قریشی نے نعت کے محرکات مختلف ادوار کے رویوں اور نعت کی اساس کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے جو توجہ طلب بھی ہیں اور نعت گویوں کے لئے رہنما بھی ان کے ایمان اور عقیدہ کے مطابق نعت کا سفر تخلیق آدمؑ سے ہی شروع ہو گیا تھا اور اگر وجہ تخلیق کا محرک پیش نظر ہو تو یہ سفر بہت پہلے سے جاری ہے۔'' (۵۰)

اسلم فرخی، ڈاکٹر:۔

تابش دہلوی کی نعتیہ شاعری

''تابش دہلوی عہد حاضر کے اساتذہ سخن میں شمار ہوتے ہیں اور اسلم فراخی جامعہ کراچی کے استاد رہ چکے تھے۔ ایک استاد کے کلام پر ایک استاد کا تبصرہ ایک طرح سے اجتماع اساتذہ ہی سے ہر دو اساتذہ ہیں تو عہد حاضر کے لیکن نمونہ ہیں عظمت رفتہ کی شائستگی نفاست اور رکھ رکھاؤ کا تابش کی غزل اور نعت ہر دو میں ان کی شخصیت کا نکھار

موجود ہے۔''(۵۱)

اسلوب احمد انصاری، ڈاکٹر

حفیظ تائب کی نعت گوئی ''وہی یٰسین وہی طٰہٰ'' کے حوالے سے

''وہی یٰسین وہی طٰہٰ حفیظ تائب کی نعتیہ کلام کا مجموعہ ہے۔یہ مضمون اسی مجموعہ پر تبصرہ کی نوعیت کا ہے مضمون کی ابتداء میں نعت گوئی کے محرکات کا ذکر کرتے ہوئے برصغیر جنوبی ایشیاء میں نعت کو مسلم وغیر مسلم شعراء کی مساعی کی تعریف کی گئی اور پھر نعت لکھنے کی اساس کا ذکر کیا ہے۔جس میں مضمون نگار کا خیال ہے کہ اپنی ذات کی نفی اور ممدوح میں ذات کی تحلیل کے بغیر نعت گوئی کا حق ادا نہیں ہوسکتا موجودہ زمانہ کی تحریروں کا رویہ بن گیا ہے کہ جب بات کی جائے تو آدھی اردو میں ہو اور آدھی انگریزی اور پھر مغرب کی جانب رخ کیے بغیر سجدے کا تصور بھی نہیں کیا جاتا یہی حال مضمون نگار کا ذکر نعت سے ہٹ کر حضرت عیسیٰؑ کے مصلوب ہونے کا مغربی شاعری میں جو رویہ رہا ہے اس کی قصیدہ خوانی کو اولیت دی ہے۔''(۵۲)

اشفاق، ڈاکٹر سید رفیع الدین:۔

حضرت حفیظ تائب کی نعت گوئی

''حضرت حفیظ تائب پاکستان کے ممتاز نعت گو ہیں۔ڈاکٹر رفیع الدین اشفاق نے ان سے چندروزہ ملاقاتوں سے نتیجہ نکالا کہ ان کی شاعری اسوہ رسول کریم کی تعبیر وتعبیر ہے۔اسی طرح ان کی زندگی اپنے طور پر اسی اسوہ حسنہ کا نمونہ ہے جو عنوان ان کی شاعری کا ہے وہی عنوان ان کی زندگی کا ہے انہوں نے اپنی شاعری کا ذکر نبی کے لئے وقف کر دیا ہے۔ان کی شخصیت کا دلنواز خاکہ پیش کرنے کے بعد ڈاکٹر اشفاق نے ان کی نعتیہ شاعری کے خدوخال بیان کیے ہیں۔''(۵۳)

مسرور کیفی کی نعت گوئی

''ڈاکٹر رفیع الدین اشفاق نے نعت گو شعراء کو وہ طبقات میں تقسیم کیا ہے ایک طبقہ وہ ہے جس نے اس فن کو اصلاح قوم کے لئے برتا اور اسوہ حسنہ کو اجاگر کرنا ان کا مقصود رہا

دوسرا طبقہ وہ ہے جس نے حُب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا گیت صرف حب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اظہار کے لئے گایا وہ اس طبقہ میں مسرور کیفی کو بھی شامل کرتے ہیں جنہوں نے نعت گوئی کی ابتداء۱۹۷۲ء میں کی ان کا پہلا مجموعہ ۱۹۷۸ میں اور نواں ۱۹۹۲ میں شائع ہوا اس سے ان کی زود گوئی کا اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ قلیل عرصہ میں انہوں نے اتنی نعتیں کہیں کہ نو مجموعے مرتب ہو گئے۔''(۵۴)

افضال احمد انور، پروفیسر:۔

نعت خوانی کے آداب اور اصلاح احوال و متعلقات

''پروفیسر افضال احمد انور کا زیر نظر طویل مضمون کئی اہم پہلو سمیٹے ہوئے ہے نعت کہنے والا نعت گو اور نعت کو خوش الحانی سے محفل میں پڑھنے والا نعت خوں ہوتا ہے۔ان میں امتیاز کرنا مشکل ہے دونوں کی اہمیت اپنی اپنی جگہ مسلم ہے مضمون کا پہلا حصہ اسی بحث سے متعلق ہے دو درجن اہل علم کی آراء کے ذریعہ نعت گوئی اور نعت خوانی کے حسن کو اجاگر کیا ہے۔''(۵۵)

اقبال کی نظم ''ذوق و شوق'' حمد یا نعت

''اقبال کی نظم ذوق و شوق پر اکثر مباحث ہوتے رہے ہیں کہ یہ حمد ہے یا نعت ہے؟ اختلاف کی وجہ ابہام ہے جو نظم کی ابتداء سے آخر تک طاری ہے اقبال نے کسی شعر میں کھل کر نہیں بتلایا کہ ان کا مخاطب کس سے ہے قاری پر فیصلہ چھوڑ دیا گیا ہے۔کہ وہ مبہم اشاروں میں مخاطب کو تلاش کرے چناں چہ افضال احمد نے اپنی تحقیق اور تفتیش کے دوران ان کو تلاش کر لیا ہے۔''(۵۶)

تنقید نعت کی اہمیت اور اس کی مثبت جہتیں

''پروفیسر افضال احمد انور نے اس حقیقت کے اظہار سے مضمون کا آغاز کیا ہے کہ نعت اردو میں قدیم ترین صنف شاعری ہونے کے باوجود نہ تو اسے طویل عرصہ تک بطور صنف سخن تسلیم کیا گیا اور نہ اس پر تنقید کی ضرورت کو محسوس کیا گی ا اس جمود کو ڈاکٹر رفیع الدین اشفاق نے توڑا اور پہلا مقالہ ۱۹۵۵ء میں تحریر کیا جس پر انہیں ڈاکٹریت کی

ڈگری تفویض کی گئی ان کے بعد ایسی کتابیں منظر عام پر آئیں جن میں نعت کی تاریخ، نعت پر تنقید کے جامع نقوش محفوظ کیے گئے۔" (۵۷)

اقبال جاوید، پروفیسر محمد

بانگ درا کی نعتیہ تب وتاب

"علامہ اقبال کے کلام میں روایتی انداز کی نعت نہیں ملتی لیکن جب کبھی وہ اپنے فکر اور فلسفہ کو پیش کرتے ہیں۔ امت مسلمہ کے لئے ماضی پر نظر دوڑاتے ہیں اور اس کی حال کا تزکیہ کرتے ہیں تو رسول اللہ کی یاد انہیں ستانے لگتی ہے۔ مسائل پر گفتگو کے دوران اشعار میں ایسے اشارے آجاتے ہیں جو نعت کا پہلو لیے ہوتے ہیں یا جو حضور کی یاد کی مہک سے معمور ہوتے ہیں۔ پروفیسر محمد اقبال جاوید نے بانگ درا کا گہرا مطالعہ کرکے ان جواہر ریزوں کو چننے کی کوشش کی ہے۔ جو حضور کی یاد کی چمک سے روشن ہوتے ہیں۔" (۵۸)

نعت کہیے مگر احتیاط کے ساتھ

"آج کل نعت کوئی شہرت، عزت اور زر کی کمائی کا آسان ذریعہ ہے اس لئے ہر کوئی جو بہ زعم خود شاعر نعت کہنے کو لوازمہ شعر گوئی خیال کرنے لگا ہے ان کو یہ نہیں معلوم کہ نعت ایک پاکیزہ صنف ہے اور پاکیزہ نفس ہی کو نعت کہنے کا حق ہے۔ مضمون نگار کے خیال میں نعت کہنے سے قبل حضور سے تعلق کی کوئی صورت پیدا کر لینا ضروری ہے۔" (۵۹)

غالب کی ایک نعتیہ غزل:

محمد اقبال جاوید نے اس مضمون میں غالب کی اس فارسی نعت کو موجوع بنایا ہے جس کا مطلع ہے:

حق جلوہ گر زطرز بیانِ محمد است

آرے کلام حق بہ زبانِ محمد است (۶۰)

مضمون نگار نے ہر ایک مصرع کی جداگانہ تفصیلی تشریح کی ہے اور نفس مضمون کے ساتھ تعلیقات پر بسیط اظہار خیال ہے۔

نیاز فتح پوری اور ان کی نعت سرائی

پروفیسر اقبال جاوید کا یہ مضمون ایک نہیں کئی ایک موضوعات کا احاطہ کرتا ہے جیسا کہ ان کی اکثر تحریروں کا خاصہ ہے اس کی

ابتدائی حصے میں نیاز فتح پوری ہیں بچپن سے لے کر دیو قامت شخصیت بننے تک درمیانی حصے میں وہ ایک صحافی، شاعر، نثر نگار ہیں۔

مضمون نگار کا انکشاف یقیناً حیران کن ہے کہ رسالہ ''صوفی'' میں نیاز کی اتنی شعری اور نثری تحریریں ہیں کہ ایک کتاب مرتب ہوسکتی ہے۔ جن حضرات نے نیاز پر کام کیا ہے یا جوان کے نام سے دکان سجائے بیٹھے ہیں وہ ان تخلیقات سے بالکل واقف نہیں ہیں ان کا مواد نہ تو افادات نیاز میں ہے اور نہ نگار نیاز نمبر حصہ اوّل میں۔

> ''نیاز اور صوفی کے مدیر محمد الدین اعوان کے درمیان رشتہ مودت استوار تھا۔ یہاں تک کہ جب مدیر صوفی کے صاحبزادے اعلیٰ تعلیم کے لئے انگلستان روانہ ہوئے تو نیاز نے اظہار محبت کرتے ہوئے ایک نظم بھی لکھی تھی۔'' (۶۱)

حضرت نیاز کے حب رسول کے حوالہ سے مضمون نگار نے لکھا ہے کہ میرے پیش نظر ان کی وہی تحریریں ہیں جن میں حب رسول اور مدحت رسول نمایاں ہے اور بالخصوص ان کا نعتیہ کلام! انہوں نے نیاز کے ایک فارسی نعتیہ قصیدہ کا ذکر کیا ہے جو فروری ۱۹۱۶ء کے رسالہ صوفی میں شائع ہوا تھا۔ ان میں ۱۵۴ اشعار ہیں۔

حمد عبد شکور کا فخر اور عبد مجبور کا سہارا

> ''پروفیسر محمد اقبال جاوید نے حمد کے موضوع پر اپنے گراں قدر خیالات کا اظہار کیا ہے عام طور پر شکر اور حمد کو ہم معنی سمجھا جاتا ہے مضمون نگار نے ان کو مختلف قرار دیا ہے شکر صرف متعدی صنعتوں پر ہوتا ہے جب کہ حمد ہر صفت پر کی جاتی ہے۔ لازم پر بھی اور متعدی پر بھی ص ۱۶۰ اس کی مزید وضاحت فرمان نبوی فرمان حضرت علی اور کلام مولانا امین احسن اصلاحی سے کی گئی ہے۔ حمد اللہ کی لازم قرار دی ہے۔ الحمد اللہ کے کلمہ کو اللہ کا پسندیدہ کلمہ قرار دیا ہے مالک دو جہاں کا کوئی نام صرف اللہ ہی ہوسکتا ہے۔'' (۶۲)

شیخ سعدی کی نعتیہ تب و تاب

> ''شیخ سعدی کے بارے میں مضمون نگار کا خیال یہ ہے جو صدفی صد درست اور صحیح ہے کہ شیخ سعدی کے بارے میں ہماری اکثریت بھی جانتی ہے کہ وہ گلستان اور بوستان کے مصنف ہیں۔ گلستان اور بوستان کیا ہے؟ اس کے بارے میں نئی پود کم وبیش نابلد ہے کیوں کہ یہ پود اسلاف کے علمی اور روحانی ورثے سے کٹ گیا ہے۔ وہ سعدی کا تعارف ایک عظیم غزل گو شاعر کی حیثیت سے کراتے ہیں جس نے غزل کو قصائد اور

تشبیب سے الگ کر کے ایک الگ صنف سخن کے طور پر پیش کیا۔اسی کے ساتھ وہ ایک ایسا نکتہ بھی بیان کرتے ہیں جو لائق غور اور بحث کا موضوع بھی بن سکتا ہے فلسفانہ رموز، حکیمانہ نکات اور متصوفانہ بصائر کے اظہار کے لئے فارسی زبان اپنے دائرہ اثر اور حلقہ تفہیم وافہام کے اعتبار سے عربی کی نسبت کہیں موزوں اور مناسب ہے۔''(۶۴)

☆۔ آہ.........حافظ لدھیانوی (۶۵)

☆۔ سراج الحق حافظ لدھیانوی (۶۶)

سراج الحق حافظ لدھیانوی (۷ جولائی ۱۹۲۰ء تا ۱۶ اکتوبر ۱۹۹۹) کے انتقال پر پروفیسر اقبال جاوید جن سے بے حد محبت رکھتے اور ان کے مداح بھی تھے۔اپنے رنج وغم کو الفاظ کے سہارے بیان کرنے اور کیفیت درد دل کو کم کرنے کی سعی میں یہ مضمون لکھا اس مضمون کا ہر ہر حرف غماز ہے کہ وہ ایک بے قابو قلم سے نکل رہا ہے۔لکھنے والے کو نہ دماغ پر قابو ہے اور نہ دل پر اور نہ قلم پر۔حافظ لدھیانوی اردو شعری ادب کا سرمایہ گراں تھے۔غزل اور تغزل ان کے مزاج میں داخل تھے ج کہ ان کا شغف نعت گوئی سے تھا۔

قصیدۂ بردہ شریف، کچھ اور منظوم اردو تراجم

''ڈاکٹر سید یحییٰ نشیط نے اپنے ایک مضمون مطبوعہ نعت رنگ نمبر ۸ میں قصیدہ بردہ شریف کے چار منظوم اردو تراجم کا ذکر کیا تھا۔موضوع کے لحاظ سے اسے تشنہ اور نامکمل جان کر پروفیسر اقبال جاوید نے دیگر (۱۶) تراجم کا احوال رقم کر کے بڑی حد تک تکملہ کی صورت پیدا کر دی ہے۔''(۶۷)

مضمون نگار نے جن تراجم کا تذکرہ کیا ہے ہو یہ ہیں۔

''(۱) قصیدہ بردہ منظوم اردو، فارسی محمد حسین خاں (مطبوعہ ۱۹۲۹ء، دہلی) (۲) قصیدہ البردہ: پروفیسر سید محمد علی (مطبوعہ ۱۹۵۱ء: پشاور) (۳) قصیدہ بردہ شریف منظوم ترجمہ، فیاض الدین نظامی (مطبوعہ ۱۹۰۷ء: کراچی) (۴) قصیدہ بردہ منظوم ترجمہ: عبداللہ بلال صدیقی (مطبوعہ ۱۹۷۰ء: کراچی) (۵) قصیدہ بردہ منظوم ترجمہ: محمد سعید دہلوی (مطبوعہ ۱۹۷۷ء: لاہور) (۶) قصیدہ بردہ منظوم ترجمہ: مہر عبدالحق (مطبوعہ ۱۹۷۸ء: ملتان) (۷) قصیدہ بردہ شریف منظوم ترجمہ: حکیم حیدر امرتسری (مطبوعہ لاہور) (۸)

قصیدہ بردہ منظوم (آزاد نظم): ڈاکٹر سید ابوالخیر کشفی۔'(۶۸)

بیدم شاہ وارثی کی نعتیہ تاب وتب

''غلام حسین بیدم شاہ وارثی غزل اور نعت دونوں اصناف میں کمال رکھتے ہیں لیکن ادب میں ان کے مقام کے تعین کی کوشش کبھی نہیں کی گئی ۔مضمون نگار کے خیال کے مطابق اردو کلام قوالوں اور سازندوں کے نرغے میں یوں آیا کہ اپنی ادبی حیثیت کھو بیٹھا اور سر بازار قصاں ہو کر رہ گیا۔''(۶۹)

ان کے حالات زندگی ان کے صاحبزادہ ایاز وارث وارثی کے الفاظ میں تحریر کرنے کے بعد ان کی شاعری کے بارے میں بیخود موہانی، سید اختر وارثی، حکیم ابوالعلا، ناطق لکھنوی، مولانا شفق عماد پوری، فصاحت جنگ جلیل مانک پوری، آغا شورش کاشمیری، مولانا حسن نظامی وغیرہ کی آراء سے بیدم وارثی کے ادبی مقام کے تعین کی سعی کی ہ

اسم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم..........نعت کے آئینہ میں

''پروفیسر اقبال جاوید کی نثر نگاری میں تزئین اور آرائش کی جو دانستہ کوشش ہوتی ہے اس کے بارے یں ہم لکھ چکے ہیں۔اس سے چاہے جملوں میں کتنا ہی حسن پیدا ہو قاری کو خواندگی اور تفہیم میں دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے ویسے بھی تحقیق اور تنقید میں لفظی نمائش کو قدر کی نظر سے نہیں دیکھا جاتا اس نوع کے مضامین سادہ اسلوب پر مبنی عبارت کے متقاضی ہوتے ہیں۔''(۷۰)

نعت اور آداب نعت گوئی..........افادات کشفی کی روشنی میں

''پروفیسر (اقبال جاوید) صاحب نے جناب ابوالخیر کشفی کی نعت رنگ ہی میں مطبوعہ تحریروں اور کچھ کتابوں کے دیباچوں کے اقتباسات کو سانے رکھ کر جو مفصل تحریر پیش کی ہے اس میں مقالہ نگار کے اصل ممدوح تو جناب ابوالخیر کشفی ہیں کیوں کہ وہ نعت اور نعت گوئی کے آداب ومحاسن کو ان ہی کے زاویہ فکر و نگاہ سے پیش کرتے ہیں۔تاہم پروفیسر صاحب نے اپنے اسلوب نگارش کے جوہر بھی خوب دکھائے ہیں اور جابجا خود کو کشفی صاحب سے ہم آہنگ کیا ہے۔تحریر میں کہیں مبالغہ ہے تو کہیں مغالطہ۔''(۷۱)

ظہور قدسی، پس منظر (اردو نعت کے آئینے میں)

''مضمون نگار نے اپنی تحریر کے آخری حصے میں حضور کی ولادت باسعادت کے بارے میں ارخ اور شعری روایات کا جائزہ لیا ہے یہ امر مسلمہ ہے کہ حضور کی ولادت ماہ ربیع الاول اور پیر کے دن ہوئی ہے اس کی تائید شعراء نے بھی کی ہے لیکن ان روایت کو جو تواریخ سے ثابت نہیں رد کر دیا ہے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت باسعادت جس خوشی اور شادمانی کو ساتھ لے کر آئی تھی وہ جذبات انسان کے پاکیزہ جوہر ہی کہے جا سکتے ہیں ان لمحات پاکیزہ کو شاعر نے الفاظ میں مقید کرنے کے نئے میلادنامے لکھے ہیں ان کی تعداد سینکڑوں سے گزر کر ہزاروں تک پہنچتی ہے۔ان ہی میں سے حافظ لدھیانوی، حفیظ تائب، حفیظ جالندھری، نازش قادری، جگن ناتھ آزاد، عاصی کرمانی، احسان دانش، انور جمال کے جذبات کی ترجمان جن اشعار سے ہوتی ہے ان کا ایک حسین انتخاب مضمون کا حصہ ہے۔'' (۷۲)

خالد شفیق اور ان کی نعت گوئی

''یہ بھی حسن اتفاق ہے کہ نعت رنگ ۱۵ میں پروفیسر محمد اکرم رضا نے اپنے مضمون کاروان نعت کا شوق منزل آشنائی میں رسالہ شام سحر کا تحسین آمیز ذکر چھیڑا شفقت رضوی نے رسالہ شام وسحر کے نعت نمبروں کا تجزیاتی اور تنقیدی جائزہ پیش کیا اور پروفیسر مھمد اقبال جاوید نے خالد شفیق اور ان کی نعت گوئی پر اظہار کیا گیا ہے یہ مضامین ایک ہی سلسلے کی کڑیاں ہیں کہ خالد شفیق نعت گو بھی ہیں نعت کے خدمت گزار بھی ہیں اور شام و سحر میں ان کی منظوم ور منثور تحریریں بھی چھپی ہیں اور شنیدہ ہے کہ شام وسحر کے نعت نمبروں کی ترتیب و پیش کش میں پس پردہ ان کی ہی کاوشیں رہی ہیں پروفیسر اقبال جاوید نے اس ہمہ جہت شخصیت کی ستائش میں کسی پہلو کو نظر انداز نہیں کیا ہے۔'' (۷۳)

اقبال حسین، ڈاکٹر محمد

بہزاد لکھنوی کی حمد و مناجات کا تنقیدی مطالعہ

بیسویں صدی اہم حمد، نعت اور مناجات کہنے والے شاعروں میں بہزاد لکھنوی ممتاز مقام پر فائز ہیں۔

''سردار احمد خاں بہزاد لکھنوی زیادہ کتابی تعلیم سے بہرہ اندوز نہ ہونے کے باوجود اردو عربی اور فارسی میں اچھی لیاقت رکھتے تھے معاشی جدوجہد نے انہیں بمبئی کی فلمی دنیا میں گزر بسر کرنے پر مجبور کیا۔ وہاں سے چھٹکارا ملا تو آواز کی دنیا ئے ریڈیو سے وابستہ رہے۔ ہر جگہ انہوں نے وہاں کے تقاضوں کے مدنظر شاعری کی اور اس کے ساتھ دل کا احوال بھی قلم بند کرتے رہے۔ یہی دل کا احوال ہے جو ان کے ایک درجن سے زائد مجموعہ ہائے کلام کی زینت بنا۔ اقبال حسین نے ان کی شاعری کے بارے میں اپنی رائے کو مستند نہیں جانا بلکہ مالک رام، انور سیوامی، عرفان عباسی، ماہر القادری، مسعود حسین رضوی کے سہارے بات کی۔ اردو میں یہ روش عام ہے جانے اس سے کب چھٹکارا ملے۔''(۷۴)

اکرم رضا، پروفیسر محمد

نعت اور احترام بارگاہ رسالت مآب

''پروفیسر محمد اکرم رضا عرصہ دراز سے نعت کہنے اور نعت نگاری کو فروغ دینے کی سعی میں مصروف ہیں۔ پچھلی ربع صدی کے دوران ان کی تحریریں ہم پڑھتے رہے ہیں۔ وہ رسالہ شام وسحر لاہور کے نعت نمبروں کے خاص لکھنے والوں میں ہیں۔ نعت کے حوالہ سے ان کا مطالعہ وسیع ہے وہ حب رسول سے سرشار ہیں اور اس بات سے واقف ہیں کہ احترام رسول کی کوئی حد متعین نہیں کی جاسکتی۔ مضمون زیر نظر میں انہوں نے کلام الٰہی کے ایسے اقتباسات دیے ہیں جن میں احترام رسول کا حکم موجود ہے۔''(۷۵)

کاروان نعت کا شوق منزل آشنائی (تعریف، تاریخ، فروغ، رجحانات اور تقاضوں کے تناظر میں)

پروفیسر محمد اکرم رضا نعت کی خدمت گزاری کے حوالے سے ہمیشہ یاد کیے جائیں گے جس قافلہ صاحبان علم وفضل نے نعت کی اصلاح وفروغ اور ترقی میں پہل کی اور اپنی جہد کو ایک تحریک کی صورت میں آگے بڑھایا اس میں پروفیسر محمد اکرم رضا کا نام نمایاں اور ممتاز تھا وہ ایک سینئر لکھنے والے ہیں نعت سے ان کا رشتہ گہرا اور دیرپا ہے مطالعہ تجزیہ اور تحریر کی منزلوں سے گزر کر وہ ایک رہنما قوت بن گئے ہیں۔

انور سدید، ڈاکٹر

بشیر رحمانی کا کیف حضوری

''بشیر رحمانی نوجوان شاعر ہیں جن کو ذوقی مظفر نگری سے تلمذ حاصل ہے۔ انور سدید نے پہلی ملاقات میں محسوس کیا کہ بشیر رحمانی اپنے استاد کا بے حد احترام کرتے ہیں۔ یہ دیکھ کر انور سدید نے نتیجہ نکالا کہ نعت کے لئے جس عقیدت، محبت اور خود سپردگی کی ضرورت ہوتی ہے وہ مجھے بشیر رحمانی کے پاس اس تعلق سے نظر آئی جو انہیں اپنے استاد مکرم سے تھا۔ میں نے سوچا جو شخص دنیا میں خلوص اور محبت کو اس صداقت اور استقامت سے استعمال کرسکتا ہے وہ نبی اکرم کے لئے کتنی گہری عقیدت رکھتا ہوگا۔ اس خیال کو ذہن میں رکھ کر انہوں نے بشیر رحمانی کا مجموعہ نعت بشارتیں دیکھا اور اس سے متاثر ہوکر یہ مضمون تحریر کیا ہے۔''(۷۶)

ایوب شاہد

نعیم صدیقی کی ایک نعت

''مضمون نگار نے تمہید میں کسی ایسے شاعر کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے جو بہ زعم خود دورِ جدید کے سب سے بڑے نعت گو ہیں؟ مضمون نگار کے خیال میں اس طرح کی خودستائی کسی کو بھی زیب نہیں دیتی۔ حالانکہ مذکورہ شاعر کی مضمون نگار کی نظر میں کوئی وقعت نہیں ہے فی زمانہ خودستائی ہی ایک ایسا عیب ہے جو معاشرے میں عام ہے بلکہ پڑھے لکھے دانش اور طبقہ بھی عیوب سے بھرا پڑا ہے کہیں خودستائی ہے تو کہیں تحسین باہمی! یہ عیب عام ادیبوں اور شاعروں کے ساتھ ساتھ نعت گو حضرات میں بھی سرایت کرتا جارہا ہے جب کہ خدا اور اس کے نام لیوا لوگوں کے بارے میں عمومی تاثر نسبتاً بہتر اور اعلیٰ ہوتا ہے۔ اس سلسلے میں مضمون نگار نے یہ مناسب خیال پیش کیا ہے کہ کوئی دعویٰ کرنے یا کسی دعوے کے قبول یا رد کرنے کے لئے اسے عصر اور روایت ہر دو ایک تناظر میں رکھ کر دیکھنا چاہئے کیوں کہ ابدیت اور استحکام محض اس رائے کا حق ہے جس کے پس پشت دلائل کا وزن ہو۔''(۷۷)

بلقیس شاہین

محبت کی گواہی

''یہ ہمارے مطالعہ کی کوتاہی ہے یا بلقیس شاہین کا وتیرہ کہ ان کی نگارشات کم شائع ہوتی ہیں ۔ان کی تحریر سے معلوم ہوا کہ وہ ہمارے کرم فرما جناب ڈاکٹر ابوالخیر کشفی کی نصف بہتر ہیں اور انہوں نے اپنی افتاد اور اپنے ذوق کے بارے میں جو اشارے اپنی تحریروں میں دیے ہیں وہ شہادت دیتے ہیں کہ وہ واقعی کشفی صاحب کی نصف بہتر ہیں۔''(۷۸)

ہمارے بیا

''یہ جمیل نقوی کا خاکہ یا ان کے بارے میں بلقیس شاہین کی یادداشتوں پر مشتمل مضمون ہے۔وہ ان لوگوں کی قدر کرتی اور ان کی یادوں پر ناز کرتی ہیں۔جن کے دل اخلاص سے معمور، جن کا کردار شرافت کا نمونہ اور جن کی فکر کیف ونور سے بھری ہو۔ خوش نصیب ہیں وہ لوگ جنہیں موجودہ زمانہ میں جناب حفیظ تائب اور جمیل نقوی سے قرب حاصل رہا۔''(۷۹)

ان کا تمنائی

''بلقیس شاہین نے ایک طویل شاعرانہ ومفکرانہ تمہید کے بعد پرانے کراچی کی ایک ایسی ہستی کا ذکر کیا ہے جسے اردو زبان وراثت میں اُنہیں ملی تھی۔اس زبان کی مٹھاس اور ان کی ابلاغ کی صلاحیت نے اسے مجبور کیا تھا کہ وہ اسے برت کر اہل زبان کو شرمائے یہ لکھنے والی کے لئے مسرور بھائی ان کے بیٹوں اور بہوؤں کے لئے مسرور انکل اور باقی ساری دنیا کے لئے مسرور کیفی ہیں۔''(۸۰)

تابش دہلوی

حنیف اسعدی کی نعت گوئی

''تابش دہلوی کا یہ مضمون اپنے ہم عصر شاعر حنیف اسعدی کے نعتیہ کلام پر تبصرہ ہے جو مختصر ہے۔اس کے باوجود تقریباً دو صفحے اسلامی عقائد اور نعت گوئی کے لوازمات پر

بحث میں صرف کر دیے گئے ہیں۔ یہ اہم اجزاء ضرور ہیں لیکن اکثر تحریروں میں اس کثرت سے بیان ہوئے ہیں کہ ان میں نیا پن باقی نہیں رہا۔تابش دہلوی نے حنیف اسعدی کے اشعار نقل کرتے ہوئے زیادہ تر ان کی تفہیم کی کوشش کی ہے۔"(۸۱)

تحسین فراقی، ڈاکٹر

بیعت

"بیعت"، جعفر بلوچ کا مجموعہ نعت ہے۔زیر نظر مضمون اس پر تبصرہ ہے۔کتاب کا نام غماز ہے کہ شاعر بیعت مجازی کے بجائے بیعت حقیقی کا قائل اور اپنی دانست میں اس سے سرافراز ہے۔اپنے اشعار میں وہ شہ امم اور ان کے دست مبارک کا ذکر کرنے کے بعد کہتے ہیں

انہی ہاتھوں کی کی ہے میں نے بیعت
انہی سے ہوں گہر اندوز رحمت
یہ مجموعہ جو دیوان ادب ہے
یہ مجھ مسکین پر انعام رب ہے
مری روداد شوق انگیز ہے یہ
مری بیعت کی دستاویز ہے یہ (۸۲)

تقی عابدی، ڈاکٹر سید

اردو کا سحبان محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

"میر مہدی مجروح صرف اس اعتبار سے متعارف نہیں ہیں کہ وہ غالب کے عزیز شاگرد تھے اور اچھے غزل گو تھے بلکہ ان کو دہلی کی اجڑتی محفل کی آخری شمع بھی تصور کیا جاتا ہے وہ دہلی کی زبان اور ادبی مزاج کے پاسبان اور ترجمان تھے ان کی غزل گوئی کی ایک زمانہ میں دھوم تھی ڈاکٹر سید تقی عابدی کا تعلق سرزمین حیدرآباد دکن سے ہے اور انہوں نے کینیڈا میں مستقل سکونت اختیار کر رکھی ہے وہاں کی علمی وادبی محفلوں میں ان کی ذات کی وجہ سے زندگی ہے وہ شعر بھی کہتے ہیں حمد و نعت کے علاوہ ان کے مراثی بھی فکر جدید کی ترجمانی کے ساتھ فن کے رموز آشنائی کے مظہر ہیں میر مہدی

مجروح کواب زمانہ بھولتا جارہا ہے۔ان کی وفات ۱۹۰۳ء میں ہوئی اپنی ضعیف العمری میں رحلت سے چند ماہ قبل اکتوبر ۱۹۰۲ء میں انہوں نے علی گڑھ کالج میں اپنی زندگی کا آخری مشاعرہ پڑھا تھا جسے نہایت اہتمام سے حسرت موہانی نے منعقد کیا تھا جب کہ وہ کالج کے طالب علم تھے ان کے انتقال کے بعد ان کی یادیں بھی ذہن سے موہوم ہوتی گئیں اگر کبھی یاد بھی کیا تو غالب کے شاگرد کی حیثیت سے حالانکہ ان کی اپنی ایک حیثیت تھی ڈاکٹر تقی عابدی نے نوادرِ ادب کا جو ذخیرہ کینیڈا میں جمع کیا اس میں مجروح کا نایاب کلام بھی شامل ہے اس مضمون میں ڈاکٹر تقی عابدی نے نعت کے حوالے سے مجروح کی شعری تخلیقات کو احسن طریقہ سے متعارف کروایا ہے مجروح کا اس نوعیت کا غالباً یہ پہلا مطالعہ ہے۔''(۸۳)

ثناءاللہ عمری، ڈاکٹر محمد

سعدی کی حمد و مناجات

''مضمون نگار نے ابتداء میں سعدی شیرازی کی نہایت مختصر سوانح عمری لکھنے کے بعد ان کی شہرہ آفاق اور زندہ جاوید تصانیف گلستان و بوستان کا ذکر کیا ہے۔ یہ مضمون گلستان کے اشعار کا ترجمہ پیش کرنے کی خاطر لکھا گیا گلستان و بوستان کے بارے میں مضمون نگار نے لکھا ہے ۔یہ وہی گلستان، یہ شیخ کے وہ رشحات قلم ہیں جو خود ان کی اپنی نظم و نثر کا حسین امتزاج ہیں اور آٹھ ابواب پر مشتمل ہیں۔دوسری بوستان ہے جو تمام تر نثر ہے۔یہ منظوم اور دس بابوں پر منقسم ہے۔''(۸۴)

جاذب قریشی

نعت گوئی، ایک عظیم سچائی، ایک بے کنار موضوع

''جاذب قریشی کا یہ مضمون معلوم عام حقیقتوں کی بازگشت ہے اگر اس میں کچھ نیا پن ہے تو وہ ان کے اختراع کردہ لفظیات ہے۔آج کل عام روش یہی ہے کہ بات ابلاغ اور تفہیم کی خاطر نہیں لفظوں کو گرفت میں لینے کی قدرت کے اظہار کے لئے کہی جائے۔ابتداء میں حضور کی عظمت، آپ کے افکار، اعمال کی عظمت اور ان کی عالمی

توثیق کے حوالہ سے بات کرنے کے ساتھ یہ بھی لکھا ہے کہ محمد کی ثناء کا پہلا نقش خدائے قدوس کی آواز میں قرآن حکیم آیات کے درمیان چمکا ہے اور پھر نعت رنگ کے مقدیوں کے علم میں اضافہ کے لئے اس حقیقت کو آشکار کیا ہے مدح رول کی نظم شدہ تحریر کو عام طور پر نعت سمجھا جاتا لیکن اہل علم و دانش نے اس قید کو توڑ دیا ہے اور حضور کی مدحت میں لکھی ہوئی ہر نثر و نظم کو نعت کہا ہے۔''(۸۵)

جعفر بلوچ، پروفیسر

علیم ناصری کی نعت گوئی

''جعفر بلوچ نے اپنے معاصر نعت گو کا تعارف ان کی تصانیف کے ذریعہ کروایا ہے کہ وہ شاہ نامہ بالاکوٹ کی چار ضخیم جلدوں کے مصنف ماہنامہ الاعتصام لاہور کی مجلس ادارت کے رکن رکین ہیں اور ان کا نعتیہ مجموعہ کلام طلع البدر علینا بھی شائع ہواہ ے علیم ناصری کی نعت گوئی کی خسوصیات کے ضمن میں انہوں نے جن باتوں کی نشان دہی کی ہے ان میں ایک اہم نکتہ یہ ہے کہ علیم ناصری ن ظریہ نعت گوئی کے حامل ہیں اور اس کا حوالہ اکثر اشعار میں دیتے ہیں ان کے مضامین شعری کی بنیاد قرآن وحدیث اور دیگر علمی حوالوں پر ہے۔قرآنی لفظیات و اصطلاحات پر عبور رکھتے ہیں اور ان کو اپنے اشعار میں کمال ہنرمندی سے برتتے ہیں۔''(۸۶)

جلال الدین احمد نوری، ڈاکٹر

''یہ قصیدہ عوام اور خواص میں بے حد مقبول رہا ہے مضمون نگار نے مشائخ میں اس کی مقبولیت کا خصوصیت سے ذکر کیا ہے اس طبقہ میں قصیدہ بردہ کو جو تقدیس نصیب ہوا اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ اوراد و وظائف م یں اس کے ورد کو بڑی اہمیت دی گئی اور مختلف طریقوں سے اس کی قرأت کو حل مشکلات و دافع شدائد قرار دیا گیا ہے (ص ۹۰۔۹۱) مضمون نگار نے اس کی ۱۶ برکات گنائی ہیں۔ قصیدے کی مقبولیت کا اندازہ اس بات سے کیا جاسکتا ہے علمائے عربی نے اس کی شروح لکھیں۔اس کا ترجمہ لاطینی، جرمنی، فرانسیسی، انگریزی، فارسی، ترکی، اردو کے علاوہ دیگر زبانوں میں بھی کیا گیا ہے اور دنیا بھر کی زبانوں میں اس کے بارے میں مقالے اور مضامین لکھے گئے ہیں۔''(۸۷)

جمال پانی پتی

نعت گوئی کا تصور انسان

''عنوان نعت گوئی کے حوالہ سے تصور انسان ہے لیکن بحث اس نقطہ پر گھوم رہی ہے کہ حضور اکرم محض انسان تھے جو اعلیٰ قدروں کے حامل تھے یا ماورا انسان بھی کچھ تھے یہ سوال حسن عسکری کے اس مضمون سے پیدا ہوا جو انہوں نے محسن کاکوروی کی نعت گوئی پر لکھا تھا۔حسن عسکری کے نزدیک حالی اور محسن دونوں ہی کو حضور نبی کریم کی طرف ایک جہت سے سروکار رہا۔حالی نے آپ کی بشری یا انسانی جہت کو لے لیا۔ماورائی یا نوری جہت کو چھوڑ دیا محسن نے ماورائی یا نوری جہت کو لے لیا۔بشری یا انسانی جہت کو چھوڑ دیا۔اسے نکتہ دانی کی کوشش ہی قرار دیا جا سکتا ہے۔اس قسم کی بحث کا جواز اس وقت پیدا ہوا ہوتا جب محسن نے بشری جہت سے اور حالی نے ماورائی جہت سے انکار کیا ہوتا۔یہاں یہ سوال بھی پیدا ہوتا ہے کہ بحث صرف حضور کے بارے میں کیوں دیگر انبیاء و مرسلین کے بارے میں کیوں نہیں؟اس کا سیدھا سادا جواب یہ ہے کہ جب کسی کو نبی یا رسول مان لیا گیا تو لامحالہ یہ بھی تسلیم کر لیا گیا کہ وہ صورت انسان کے باوجود انسانوں سے افضل ہے اور ان کی فضیلت قرب الٰہی کی وجہ سے ہے کہ اللہ احکامات انسانوں تک پہنچاتے رہے۔یہ صحیح ہے کہ قرآن شریف کی آیات میں احادیث نبوی میں کہیں حضور کی بشریت کا ذکر ہے لیکن نورانی صفت کا ذکر ہے۔ان کو الگ الگ کیوں سمجھا جائے۔ان تمام کے مفہوم کو ایک ساتھ رکھنے سے سارا ابہام دور ہو جاتا ہے۔''(۸۸)

نعت گوئی کا تصور انسان اور مولانا کوکب نورانی

''جمال پانی پتی کا نعت گوئی میں تصور انسان کے موضوع پر جو مضمون نعت رنگ نمبر ۶ میں شائع ہوا تھا اس کے بعد نکات پر مولانا کوکب نورانی نعت رنگ نمبر ۸ میں اظہار خیال کیا۔''(۸۹)

جمیل راٹھوری، ڈاکٹر

بیکل اتساہی کی نعتیہ شاعری

''بنیادی طور پر مضمون کا موضوع بھارت کے معروف شاعر بیکل اتساہی کی نعتیہ شاعری کا جائزہ لینا ہے۔بیکل نے رسم و رسایت سے آگے بڑھ کر نعت کے مفہوم کو سمجھا ہے اور نعت کی روح کو شاعری میں اتارنے کا ایک منفرد کارنامہ انجام دیا ہے زبان و بیان کے اعتبار سے بیکل کا لب ولہجہ آپ اپنی پہچان ہے۔''(۹۰)

بیکل نے مقامی اثرات کو قبول کرتے ہوئے نعت کو نیا آہنگ دیا ہے ان کی بعض نعتیں گیت کے انداز کی ہیں جن میں اردو سے زیادہ ہندی کے اثرات ہیں لیکن بعض دیگر شاعروں کی طرح ہندی کلچر کی نمائندگی کے نام پر جو ہندو کلچر کی نمائندگی کی ہے اس سے بیکل کی ہندی آمیز یا پوربی آمیز اردو نعتیں پاک ہیں۔انہوں نے چھوٹی بحروں میں ہو یا طویل بحروں میں جو بھی نعت کہی ہے وہ سلامت، روانی اور تاثر انگیزی میں اپنی مثال آپ ہیں۔ان کے محبوب مضامین میں قرآن جملوں یا لفظوں کا استعمال احادیث سے استفادہ ختم نبوت کا موضوع اختیارات نبی، نعت میں حمد، تلمیح کا ذریعہ بیان، معراج النبی، حیات النبی، شہر طیبہ معجزات نبوی، میلاد النبی، شفاعت وغیرہ شامل ہیں۔

حفیظ تائب، پروفیسر

